Mian Muhammad Shafi: Will the Minister of Revenue kindly state the date on which the announcement inviting applications for the allotment of land in the Ghulam Muhammad Barrage was made ? Can he say whether there was any public announcement in the Press or in the Radio asking for such applications ?

Khan Iftikhar Hussain Khan of Mamdot: Yes, there was an announcement.

Mr. Ghulam Mustafa Khan Bhurguri : Sir, in the reply given by the Chief Minister to Pir Elahi Bakhsh a few minutes ago, the Chief Minister asked him to go and visit the Tribal Area. Is the Chief Minister aware of the fact that there are restrictions on visiting the tribal area ? Is he prepared to waive those restrictions?

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : There are no restrictions. But if he wants to go there the Political Agent would make arrangements for his safety.

ایک ممبر—کیا وزیر مال فرما سکتے ہیں کہ بہاولپور میں جو زمینیں مل رہی ہیں وہ بارانی ہوں گی یا نہری ؟

خان افتخار حسین خان آف ممدوٹ—عباسیہ نہر پر جو زمینیں ہیں وہ دی جائیں گی۔

Rana Gul Muhammad Noon: Sir, may I ask the Minister for Revenue whether it is a fact that so far the Political Agents have not been intimated that

they should send selected people and recommend the cases for the allotment of land on the Thal Project ?

Khan Iftikhar Hussain Khan of Mamdot : It is not correct.

خان سردار بہادر خان—کیا میں وزیر مال سے دریافت کر سکتا ہوں کہ وحدت کے قیام سے پہلے پس ماندہ علاقوں کے لئے جو زمینیں مختص کی گئی تھیں آیا موجودہ حکومت انہیں اس ماندہ علاقوں کے لوگوں میں تقسیم کرنے کی پالیسی پر کاربند رہے گی ؟ مثال کے طور پر جب کھوڑو صاحب سندھ کے وزیر اعلیٰ تھے انہوں نے وہاں پچاس ہزار ایکڑ زمین بلوچستان کے لوگوں کے لئے مختص کی تھی - کیا اس پر اب بھی عمل ہوگا -

مسٹر مظفر علی قزلباش (وزیر اعلےٰ)—میں یہ روز سنتا ہوں کہ وحدت سے پہلے فلاں نے یہ وعدہ کیا تھا - فلاں نے وہ وعدہ کیا تھا - میں یہ بات ایک بار واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ کسی کو کسی کے ساتھ اس طرح وعدہ کرنے کا کوئی حق نہیں تھا - سارا مغربی پاکستان اب ایک ملک ہے - سارے صوبہ کے پس ماندہ علاقوں کو حق حاصل ہے کہ ان کی طرف پہلے توجہ دی جائے - اگر کوئی وعدے ہوئے تھے تو انہیں مغربی پاکستان ایکٹ میں رکھوانا چاہئے تھا - پس پردہ وعدہ کرنے کا طریقہ ہی غلط ہے - اس سے تو حالات اس نوبت کو پہنچے ہیں - دنیا کو کچھ کہنا اور پس پردہ بات کچھ اور ہونا (تالیاں) - اس لئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں پس پردہ میں کئے گئے وعدوں کا پابند نہیں ہوں - تمام مغربی پاکستان کے لوگ ہمارے بھائی ہیں - اور پس ماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے سب سے زیادہ کام کیا جائیگا -

خان سردار بہادر خان—یہ اچھا ہوا کہ وزیر اعلیٰ صاحب نے وضاحت فرما دی کہ وہ ان وعدوں کے پابند نہیں ہیں (قطع کلامیاں) — مجھے بیان تو کر لینے دیجئے - مجھے ان سے کوئی وجہ شکایت نہیں - کیونکہ وہ خود وعدہ شکنی کی پیداوار ہیں - (شور) میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ دس سال تک وحدت مغربی پاکستان کا وزیر اعلیٰ اقلیتی صوبہ سے ہوگا - اور اس میں ان کے مرشد اعلیٰ ملک فیروز خان نون موجود تھے - صدر مملکت موجود تھے - نواب صاحب ممدوٹ اس میں شامل تھے - یہ محض زبانی وعدہ نہیں تھا - سرکاری ریکارڈ میں موجود ہے -

نواب افتخار حسین خان ممدوٹ—جناب والا - میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ جو معاہدے پس پردہ ہوئے تھے میں ان میں سے کسی میں شریک نہیں تھا -

خان سردار بہادر خان- یہ معاہدہ ۱۱ نومبر ۱۹۵۴ ء کو ایڈ منسٹریٹو کونسل کی پہلی میٹنگ میں مرحوم غلام محمد کی زیر صدارت ہوا تھا اور آپ اس میں ایک گورنر کی حیثیت سے موجود تھے - یہ علیحدہ بات ہے کہ آپ اسوقت ہوش میں نہ تھے -

مسٹر مظفر علی خان قزلباش—آپ نے ان معاہدوں کو ون یونٹ ایکٹ میں کیوں نہ رکھا ؟ اگر یہ ایسی بنیادی اہمیت کے تھے تو آپ ان کو ون یونٹ ایکٹ میں رکھتے -

خان سردار بہادر خان— ہم نے دانستہ نہیں رکھا تھا - میں نے خود اس کی مخالفت کی تھی کہ اس شق کو اس ایکٹ میں رکھا جائے کیونکہ ہم نے آپکو شریف آدمی سمجھا اور اس میں ہم غلطی کر گئے -

ڈاکٹر خانصاحب—لیڈر آف دی آپوزیشن نے ابھی جو باتیں کی ہیں مجھے ان کو سن کر افسوس ہوا ہے - یہ باتیں کہ فلاں جگہ کے آدمی کو چیف منسٹر ہونا چاہئے اور فلاں جگہ کے آدمی کو نہیں ہونا چاہئے یہ غلط چیز ہے - قوم میں جو آدمی اچھا ہوگا خواہ وہ کہیں کا ہو وہ ہمارا لیڈر ہوگا - (خوب - خوب) میں کہتا ہوں کہ جو لوگ اس طریقے سے ، back door سے آنا چاہتے ہیں وہ پاکستان کے بنانے کے لئے fit نہیں ہیں - میں کسی کی برائی نہیں کرتا میں یہ کہتا ہوں کہ ہم ایسی باتیں کیوں کریں جن سے جھگڑا یا لڑائی ہو - میں آپ سے کہتا ہوں کہ سب مل جاؤ - یہ کیا بات ہے کہ ایک دن وعدہ کرتے ہو اور دوسرے دن اس سے پھر جاتے ہو - میں تو کسی کے ساتھ لڑنا نہیں چاہتا نہ کسی کو برا کہنا چاہتا ہوں لیکن یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب تک تم سب لوگ مل کر intriguers, selfseekers, exploiters کو دور نہیں کروگے تب تک پاکستان نہیں بنے گا - جہاں تک میرا اصول ہے میں افسوس کرتا ہے کہ میں نے بھی چند دفعہ کمزوری دکھائی ہے لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اب میں کمزور ہونے والا نہیں - (خوب - خوب) کیونکہ intriguers, نکلتے جاتے ہیں - ان کو نکال کر پھر میں مروں گا -

خان سردار بہادر خان—سب کے نکلنے کے بعد آپکو زندہ رہنا چاہئے ۔

Mr. Speaker : The question hour is over.

SHORT NOTICE QUESTION AND ANSWER

LAND GIVEN TO AMIR ABDULLAH KHAN ROKARI, M. P. A.

Chaudhri Abdul Ghani Ghuman: Will the Revenue Minister be pleased to state:—

(*a*) whether any Government land has been given on lease or on any other conditions to Amir Abdullah Khan, M. P. A., by the Republican Ministry in any part of the Province ;

(*b*) If the answer to (*a*) above be in the affirmative, the area of land, its location and the terms on which it has been given ?

Khan Iftikhar Hussain Khan of Mamdot : (MINISTER OF REVENUE): (*a*) No.

(*b*) Does not arise.

Supplementary Information : Khan Amir Abdullah Khan was allotted land nearly five years ago under the Tube-well Development Schemes of Rakh Dhingana. This allotment was, however, made by the T. D. A. and was done before the time of the Republican Ministry.

مسٹر مظفر خان—کیا وزیر مال یہ فرمائیں گے کہ آپوزیشن کے غیر زراعت پیشہ ممبران مثلاً میاں محمد شفیع اور نون صاحب کو بھی ایسی زمینیں دی گئی ہیں ؟

خان وطن بادشاہ خان—جناب والا ! نون صاحب اور شفیع صاحب دونوں اکھٹے بیٹھے ہیں ۔ یہ بہت خطرے کی بات ہے—انکو الگ الگ کیا جائے

امیر عبداللہ خان— جناب والا مجھ پر جو الزام لگایا گیا تھا اس کے متعلق گورنمنٹ کے ریکارڈ سے ثابت ہو گیا ہے کہ میں نے موجودہ گورنمنٹ سے کچھ نہیں لیا ۔ اب اگر کوئی ممبر اس قسم کے غلط الزامات کسی دوسرے ممبر پر محض اسلئے لگائے کہ وہ گورنمنٹ بنچوں پر بیٹھا ہے اور اسے کہدے کہ تم چور ہو اور تم نے زمین لی ہے ۔

مسٹر سپیکر— جو کچھ کہا گیا تھا اب اُس کی تو تردید ہو گئی ہے ۔

امیر عبداللہ خان— جناب والا ۔ میں نے مناسب نہیں سمجھا تھا کہ جب تک گورنمنٹ کے کاغذات سے ان الزامات کی تردید نہ ہو جائے میں ان کے متعلق کچھ کہوں ۔ اس دن آپ نے ان کو پورا وقت دیا تھا ۔ اب اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ذاتی وضاحت کے طور پر کچھ عرض کروں ۔

مسٹر سپیکر— یہ ایک قلیل المہلت سوال تھا اور اب یہ ختم ہو چکا ہے ۔ اب آپ کیوں چاہتے ہیں کہ ذاتی وضاحت کے طور پر کچھ کہیں ۔ یہ تو واضح ہو ہی گیا ہے کہ آپ نے زمین نہیں لی ۔

خواجہ محمد صفدر— جناب والا مجھے اس پر قطعاً اعتراض نہیں کہ امیر عبداللہ صاحب اپنی پوزیشن کو واضح کریں یا نہ کریں ۔ وہ ضرور کریں ۔ مگر مجھے افسوس اس بات کا ہے کہ کل آپ نے لیڈر آف دی آپوزیشن کو یہ موقع نہیں دیا تھا کہ وہ ذاتی وضاحت کے طور پر کچھ کہتے ۔

مسٹر سپیکر— یہ معاملہ کسی کی ذات پر حملہ کا ہے اور اس کے لئے میں موقع دے سکتا ہوں ۔ لیکن کل لیڈر آف دی آپوزیشن نے کہا کہ ان کی پارٹی پر حملہ ہوا ہے ۔ وہ ایک سیاسی سوال تھا اور اگر میں ایک طرف کو جواب دینے کا موقع دے دوں تو پھر دوسری طرف سے جواب دیا جائیگا اور یہ سلسلہ کبھی ختم نہ ہوگا ۔

امیر عبداللہ خان—حضور والا ۔ میں عرض کرنا چاہتا تھا کہ قاضی صاحب نے فرمایا تھا کہ میں اور قاضی صاحب دونوں پہلے لیگی تھے ۔ یہ انہوں نے درست فرمایا تھا ۔ میں لیگی تھا بلکہ لیگ کا سیکرٹری بھی تھا اور اس وقت قاضی صاحب لیگ کے paid servant تھے ۔

قاضی مرید احمد— غلط

مسٹر سپیکر— آپ اپنی پوزیشن کی وضاحت کریں ۔

امیر عبداللہ خان— حضور والا—میں ان کے متعلق کچھ عرض نہیں کروں گا ۔ عرض یہ ہے کہ میں نے Independent ٹکٹ پر الیکشن لڑا اور مسلم لیگ کے امیدوار کو شکست دے کر اس اسمبلی میں بطور ایک آزاد ممبر آیا ۔ میں یہ بات صرف اس لئے عرض کر رہا ہوں کہ قاضی صاحب کی غلط فہمی رفع ہو جائے ۔

حضور والا— قاضی صاحب کو ایک اور غلط فہمی زمینوں کے متعلق ہے ۔ عرض یہ ہے کہ جس طرح وہ زمینیں لیڈر آف اپوزیشن کے پاس ہیں اسی طرح میرے پاس ہیں ۔ یہ زمینیں تھل میں ہیں ۔ میں اس موقع پر اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں

کہ میں نے اس حکومت کے زمانے میں اس سے ایک انچ زمین نہیں لی میں سمجھتا ہوں ۔ اگر یہ زمینیں لیڈر آف اپوزیشن پر حلال ہیں تو میرے لئے بھی حلال ہیں ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ان کی تفصیل اس معزز ایوان کے سامنے پیش کر سکتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—تفصیلات پیش کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ۔

امیر عبداللہ خان—حضور والا— پھر یہ کہا گیا ہے کہ میں نے اس حکومت سے روٹ پرمٹ لئے ہیں ۔ عرض یہ ہے کہ اتفاق کی بات ہے کہ اس موقع پر میں ایک ایسی کمپنی کا ممبر تھا جسے روٹ پرمٹ ملے تھے اور اس وقت ملے تھے جب کہ یہ حکومت بر سر اقتدار نہ تھی بلکہ معطل ہو چکی تھی ۔ اور اس کمپنی میں میرے زیادہ حصے بھی نہ تھے بلکہ صرف ایک فیصد تھے اور وہ بھی ہائی کورٹ کے حکم سے ضبط ہو گئے تھے ۔ چونکہ آپ نے مجھے اپنی اپوزیشن کی وضاحت کا موقع دیا ہے اس لئے میں کوئی بات چھپانا نہیں چاہتا ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں گن کر بتا سکتا ہوں کہ اس وقت بھی اپوزیشن کے کن کن ممبران کے پاس روٹ پرمٹ ہیں ۔

حضور والا— قاضی صاحب نے اس دن کہا تھا کہ امیر عبداللہ نے مجھے ڈپٹی منسٹری دلانے کے متعلق کہا تھا ۔ عرض یہ ہے کہ اس موقع پر قاضی صاحب کے ایک دوست بھی موجود تھے ۔ جو کچھ قاضی صاحب نے فرمایا تھا وہ درست نہیں تھا ۔ اصل بات یہ تھی کہ گفتگو کے دوران میں نے قاضی صاحب سے عرض کیا تھا کہ نقد پیسوں والی اور ڈپٹی منسٹری کی بات کو ڈاکٹر خان صاحب نہیں مانینگے البتہ اگر آپ چاہیں تو پارلیمنٹری سیکرٹری شپ کے لئے کوشش کی جا سکتی ہے—مگر چونکہ اس وقت قاضی صاحب چارپائی پر لیٹے ہوئے بات کر رہے تھے اس لئے معلوم نہ تھا کہ وہ بعد میں اپنی بات سے پھر جائینگے قاضی صاحب نے کہا جو کچھ آپ کہتے ہیں کیا یہ ہو سکتا ہے ؟ میں نے ان سے کہا کہ پہلے تو مجھے اختیار تھا لیکن اب اس کا اختیار نہیں ۔ تاہم کوشش کی جا سکتی ہے ۔ امید ہے اس میں کامیابی ہو جائیگی ۔

حضور والا— میں یہ بھی ثابت کر سکتا ہوں کہ مجھے سرگودھا سے ٹیلیفون کے ذریعے یہ کہا گیا کہ دو ممبران بذریعہ وی - پی بھیج رہا ہوں - بذریعہ منی آرڈر نہیں - (قہقہہ) - وہ فلاں فلاں جگہ کمرے میں مل سکتے ہیں - میں وہاں گیا تو دو کی بجائے ایک آدمی ملا - جس کا میں نام لینا نہیں چاہتا -

قاضی مرید احمد— اس کا نام لینا چاہئے -

امیر عبد اللہ خان—بعد ازاں قاضی صاحب پول کلب کے کونے پر مجھے ملے اور گلہ کیا کہ ہم فلاں کمرے میں بیٹھے رہے آپ آئے ہی نہیں - میں نے کہا کہ میں نے آپ کے دوست سے باتیں کی ہیں - آپ مجھے کل آٹھ بجے ملیں - مزید باتیں کرکے کوئی فیصلہ کر لینگے - قاضی صاحب نے کہا کہ آٹھ بجے تو میاں صاحب کے ہاں میٹنگ ہے لہذا نو بجے کے بعد آپ تشریف لائیں - لیکن یاد رکھیں پچھلے راستے سے آئیں سیدھے راستے سے نہ آئیں - چنانچہ میں پچھلے راستے سے گیا - میں قاضی صاحب اور میرے ایک دوست وہاں بیٹھے باتیں کرتے رہے - (آوازیں اور شور) جناب میں جو کچھ عرض کر رہا ہوں امید ہے قاضی صاحب مجھے معاف فرمائینگے - چونکہ مجھ پر کیچڑ اچھالا گیا ہے اس لئے اس کی وضاحت کرنا میرا فرض ہے - (شور اور آوازیں) -

قاضی مرید احمد—Point of privilege, Sir

مسٹر سپیکر— بیٹھ جائیے -

قاضی مرید احمد— آپ بے انصافی کر رہے ہیں جو کچھ کہا گیا ہے بالکل جھوٹ ہے - یہ میرے پیچھے پڑے رہے کہ ڈپٹی منسٹری لے لو -

Mr. Skeaker: You are making a statement without the permission of the Chair.

قاضی مرید احمد—انصاف آپ کے ہاتھ میں ہے - اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ان کا بھانڈا چوراہے میں پھوڑ دوں - اور واضح کر دوں کہ امیر عبداللہ روکھڑی نے میرا ضمیر اور ووٹ خریدنے کے لئے کیا کیا نہ کیا - میں نے جو حقائق امیر عبد اللہ روکھڑی کے متعلق بیان کئے تھے ان کے متعلق وہ دس دن تک سوچتے رہے

ہیں کہ کیا کہیں اور آج دس دن کے بعد اس ایوان میں سفید جھوٹ کہ دیا ہے کہ میں نے ان سے نقد روپیہ طلب کیا تھا ۔

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, I rise on a point of privilege.

Mr. Speaker : Please sit down. Let me dispose of this leave application.

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, according to rules, whenever a point of privilege arises, it has precedence over all other business of the House.

Mr. Speaker : Let me read it.

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, you can read it afterwards. My point of privilege is this that a very serious allegation has been levelled against a Member of this House. I think you were absolutely correct when you allowed my friend to give an explanation. I think that the honourable member has cast certain reflections on the integrity of another member, in connection with certain matters which happened outside the House, and which should not have been brought here and made a subject of discussion in this House. But in any case, Sir, as he has cast certain reflections on another honourable member of this House, it is in the fitness of things that he should also be allowed on a point of personal explanation to have his say.

قاضی مرید احمد — صاحب صدر میں آپ کو انصاف اور اخلاق کا واسطہ دیتا ہوں کہ مجھے بھی وضاحت کی اجازت دیں ۔ آپ مجھے اجازت کیوں نہیں دیتے ۔

مسٹر سپیکر—آپ بیٹھ جائیے ۔ میں نے ابھی کہا تھا کہ کسی ممبر کی ذات پر اس ہاؤس میں حملہ کرنا مناسب نہیں کیونکہ یہ قواعد کے خلاف بات ہے ۔ لیکن جس خطابت کی رو میں قاضی صاحب بہہ جاتے ہیں اس سے یوں معلوم ہوتا ہے جیسے دریا میں طغیانی آئی ہوئی ہے اور اب اس کے سامنے کوئی چیز نہیں ٹھہر سکتی — نتیجہ یہ ہوا ہے کہ مجھے امیر عبداللہ کو وضاحت کا موقع دینا پڑا ہے ۔ اب آپ کہتے ہیں کہ آپ کو موقع دیا جائے ۔ اس کے بعد وہ پھر کہیں گے کہ مجھے باری دی جائے تو آخر یہ سلسلہ کب تک چلتا رہے گا اس طرح آپ چاہتے ہیں کہ ایوان کی کارروائی نہ ہو بلکہ اس کا وقت ضائع کر دیا جائے ۔ میں اس کی اجازت نہیں دے سکتا آخر آپ ایسی چیزوں پر یہاں بحث کیوں شروع کر دیتے ہیں ۔

قاضی مرید احمد — میں نے سچ کہا تھا مگر انہوں نے جھوٹ کہا ہے ۔

مسٹر سپیکر — مگر ان چیزوں کی یہاں ضرورت کیا ہے ؟ آپ ان باتوں کے متعلق باہر جا کر تقریریں کر سکتے ہیں اور ایک

دوسرے پر حملے کر سکتے ہیں ۔ معلوم ہوتا ہے چونکہ آپ یہ باتیں باہر نہیں کر سکتے اس لئے اس ایوان کے حقوق کی حفاظت میں بیٹھ کر اس قسم کے حملے کرتے ہیں تاکہ کسی کے خلاف قانونی چارہ جوئی نہ ہو سکے ۔ مگر ان چیزوں سے کوئی فائدہ نہیں ہوسکتا ۔ آپ خواہ مخواہ ایوان کا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں ۔

Khan Sardar Bahadur Khan : Sir, I want to make one submission The question that Qazi Murid Ahmed or somebody else made a beginning is irrelevant. You should have stopped when you thought that the Member concerned was using a language which he should not have used and was making a personal attack. Now the other member who is attacked should be given an opportunity to clear his position.

Mr. Speaker : This process must end now . Even at the time when one honourable member was making personal attacks against another honourable member. I called him to order. He disregarded my ruling, paid no heed and went on speaking as if he wanted to run away after saying all these things. This is not proper.

QUESTION OF PRIVILEGE

As persions on a Member

Dr. Saidduddin Swaleh : Sir, on a point of privilege. It is a question of my nationality. Sir, it is a very serious matter and it concerns my nationality. I think it is better for me to explain in Urdu, so that all the members could understand it.

جناب والا ۔ میرے متعلق اخبار نوائے وقت مورخہ ۲۷ مارچ ۱۹۵۸ء میں یہ چیز شائع ہوئی ہے :—

"شیخ مسعود صادق — میں آپ کو اچھی طرح جانتا ہوں اور یہ بھی جانتا ہوں کہ آپ پاکستانی نہیں ہیں "۔

Sir, it is a very important constitutional question. Probably the Minister concerned of the Republican party does not understand the ABC of the Constitution or probably he is so ignorant that he does not know that anybody who is elected as the member of this House must be a Pakistani. I was elected as member of the Sind Legislative Assembly in the year 1953 as I was a Pakistani. I was elected as a member of this Provincial Assembly of West Pakistan being a Pakistani. I think, Sir, the members of the Republican Party are so disgusted and so desperate that they are going to the length of attacking our nationality even. Sir, I protest against it. I think the honourable member or the Minister concerned should apologize and withdraw these words and these words should not be included in the proceedings.

مسٹر مظفر خاں — جناب والا — میں پوائنٹ آف آرڈر پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر — پہلے میں ڈاکٹر صالح صاحب کے پوائنٹ آف پرولیج کے متعلق فیصلہ کر لینے دیجئے ۔

معزز رکن نے اخبار کا جو حوالہ دیا ہے میں نے اسے سن لیا ہے ۔ میرے لئے وہ بالکل نئی بات ہے ۔ میں نے اس دن ایوان میں اس قسم کے کوئی الفاظ نہیں سنے ۔ ہو سکتا ہے یہ الفاظ کہے گئے ہوں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نہ کہے گئے ہوں ۔ اس لئے پیشتر اس کے کہ میں کوئی کارروائی کروں میں رپورٹرز کا ریکارڈ دیکھوں گا ۔ اگر اس میں واقعی یہ چیز ہوئی تو پھر یہ مناسب ہوگا کہ اس ممبر کو یہ الفاظ واپس لینے چاہئیں جس نے یہ کہے ہوں

مسٹر مظفر خاں — مجھے پوائنٹ آف آرڈر پیش کرنے کی اجازت دی جائے ۔

مسٹر سپیکر — میں حیران ہوں کہ آپ کے اس طرح بار بار پوائنٹ آف آرڈر کے لئے اٹھنے سے آپ کی پارٹی کو کوئی فائدہ نہیں ہو گا ۔ آپ تشریف رکھیں ۔ ہاں تو میں یہ واضح کردوں کہ میں نے شروع سے ہی اس امر کی کوشش کی ہے کہ ہاؤس کی کارروائی کے معیار کو اونچا رکھا جائے مگر اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا ۔ ہم کو قواعد کے مطابق اور روایات کے مطابق جس طرح پارلیمنٹ میں جمہوریت کے تقاضوں کو پورا کیا جاتا ہے اسی طرح اس ہاؤس میں کارروائی کو چلانا چاہئے خواہ وہ اپوزیشن کی طرف سے ہو یا حزب اقتدار کی طرف سے ۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ یہاں بہت زیادہ شور ہوتا ہے ۔ چاروں طرف سے ممبران اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور کسی کی سنتے ہی نہیں ۔ یہاں پر بعض ایسے پوائنٹ آف آرڈر پیش کئے جاتے ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی ۔ محض کچھ نہ کچھ کہنے کے لئے پوائنٹ آف آرڈر پیش کر دیا جاتا ہے ۔ اور اگر اس سے روکا جائے اور یہ کہا جائے کہ آپ ذرا صبر کریں تو پھر پوائنٹ آف آرڈر کی بجائے پوائنٹ آف پرولیج پیش کر دیا جاتا ہے ۔

If somebody raises a point of order to draw the attention of the House after the member concerned has explained the thing, I think there is no substance in either the point of order or the point of privilege. I know that they have certain responsibilities not only to themselves, not only to their unfortunate Province, not only to their constituents, but they have also certain responsibilities towards their own colleagues. I do not think the members should indulge in this sort of personal attacks from one side and retaliation from the other side. You see this process will go on until this House is dissolved, until this parliamentary system is dissolved and then every thing goes to the dogs. We cannot conduct our proceedings in a proper way unless we act according to our rules and obey the person who has been given the authority to maintain order.

مسٹر مظفر خاں — پوائنٹ آف پرولیج جناب ۔

مسٹر سپیکر — پھر وہی بات ۔ ابھی میں نے آپ کو حقیقت سے آگاہ کیا ہے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

Mian Muhammad Shafi : On a point of privilege, Sir.

(شور)

مسٹر سپیکر — بات سنئیے ۔ اگر یہ اسی طرح ہوگا تو پھر میں استعفےٰ دے دیتا ہوں ۔ آپ یہاں کسی اور کو سپیکر بنا دیں ۔ یہ عجیب بات ہے اور یہ عجیب طریقہ ہے کہ ایک بار سمجھانے کے بعد آپ پھر اسی بات کو دہراتے ہیں ۔ جب کسی ممبر صاحب کو اسکی غلطی بتا دی جائے تو چاہئے کہ آئندہ کے لئے وہ خیال رکھیں مگر یہاں پر ایسا نہیں ہوتا اور ممبران بلا وجہ پوائنٹ آف آرڈر کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں ۔

سید غلام مصطفےٰ شاہ خلد گیلانی حضور والا — آپ سپیکر صاحب ہیں ۔ اگر یہاں کوئی کڑوی کسیلی باتیں ہوتی ہیں تو وہ آپ کو سن لینا چاہئے ۔

راجہ خدا داد خاں — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ مجھے افسوس ہے کہ جو الزام قاضی صاحب پر لگایا گیا ہے وہ غلط ہے ۔

مسٹر سپیکر — آپ تشریف رکھیں ۔ میں آپ کو اجازت نہیں دے سکتا ۔

LEAVE OF ABSENCE OF M. P. As.

Mr. Speaker : I have received the following application from Haji Imam Ali, M. P. A. :—

I have some urgent work at my village. Hence I am leaving for Sind on 27th March 1958. You will kindly allow me leave from the House and oblige.

The questtion is :
That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I have received the following application from Al-Haj Sayed Hassan Bux Shah Haji Pir Shah, M. P. A :—

I have some urgent work at my village. Hence I am leaving for Sind on 27th March 1958. You will kindly allow me leave from the House and oblige.

The question is :
That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I have received the following application from Khawaja Khan Muhammad Khan, M. P. A :—

As I am not feeling well and so am not in a positionto attend the session. I request you to grant me leave for the whole session from 25 th March onwards.

The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I have received the following application from Qazi Abdul Halim Asar, M. P. A:

"کل ۲۶ مارچ ۱۹۵۸ء کو ہائی کورٹ پشاور بینچ میں میری پیشی ہے برائے مہربانی ۲۶ مارچ سے میری رخصت منظور فرماویں -

The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I have received the following application from Khan Shad Muhammad Khan, M. P. A :—

"I shall not be in a position to attend the Assembly Session from tomorrow the 27th of March onwards as I have an urgent piece of work at home.

Therefore I request you to ask leave of the House to allow me leave for 27th and 28th March and onwards if the Session continues.

The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I have received the following telegram from Khan Abdul Qayyum Khan, M. P. A :—

Request leave owing illness from 24th till session ends.

The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr Speaker : I have received the following application from Mr. Mir Nabi Bux Khan Khoso, Member Provincial Assemblly of West Pakistan :—

My election to the West Pakistan Assembly was held null and void by the Election Tribunal, West Pakistan. I then appealed to the Supreme Court which accepted my appeal and held that my election was quite in order. On account of the decision of the Election Tribunal I was unable to attend the last two sessions of the Assembly. My non-attendance was through no fault of mine. I therefore request you that my absence from the meetings of the Assembly held during that period may kindly be condoned and considered as leave with permission.

The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I have received the following application from Malik Muhammad Sarfraz Hussain Khan, M. P. A:—

میں ایک خانگی مجبوری کیوجہ سے سیشن کے باقی ایام میں اسمبلی میں حاضر نہیں ہوسکوں گا لہذا التجا ہے کہ باقی ایام کے لئے رخصت عطا فرمائی جاوے - "

The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I may be allowed to resume my speech on the Urban Immovable Property Tax Bill, 1958.

PURCHASE OF CAR BY DIRECTOR OF INDUSTRIES

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilash (Chief Minister): Sir, before the honourable member starts his speech, I would like to refer to an allegation which was made by my friend, Syed Amir Husain Shah, on the floor of the House, regarding purchase of a car by the Director of Industries. He enquired from where did the Director of Industries get the foreign exchange to buy that car,

costing fifty thousand rupees; how could he buy such a costly car; and so on This was a very serious statement made on the floor of the House by an honourable member against a Government servant.

Mr. Speaker : He had given notice of a short notice question, which I disallowed. Then he said what he wanted to say in the course of a speech.

Mr. Mu zaffar Ali Khan Qizilbash: Anyway, Sir, as the statement was made on the floor of the House, I thought the Governent should lock into the matter and if the allegation was found to be correct, action should be taken against the officer, but if it was not true, then we must defend the officer and put the facts before the House. So, I found out the facts, which to my knowledge are true. The Director of Industries has written to me as follows :—

Nearly three years back I bouhgt a Dodge at a controlled price (predevaluation). I exchanged it for another Dodge of last year's model through the agents of the Dodge. This was a straightforward transaction and I kept the Government fully informed. There was no question of my getting foreign exchange or any licence for the car. It was imported under the ordinary rules and was available for sale like any other car. The price of Chevrolet, Ford and Dodge is under the same range, about §2200. In practically all the Dodge cars (1957 and later models) an air-conditioning unit is a standard equipm nt which costs an extra about $350. Any one who can own a Chevrolet, or a Ford can own a Dodge. I am an ex-I. C. S. officer, having put in nearly 15½ years of service and my salary and allowances are nearly Rs. 2,500 per mensem.

Then he goes on to say that he leaves it to others to judge if he is living beyond his means when he owns that car. Sir, I think this is a satisfactory explanation. Most officers do have such a car. I think the House should accept the position.

قاضی مرید احمد — صدر محترم میں بطور احتجاج • منٹ کے لئے واک آؤٹ کرتا ہوں ۔ میں اسی بیان پر قائم ہوں جو میں نے اگلے روز دیا تھا ۔ آپ نے میری بڑی حق تلفی کی ہے ۔ (اس مرحلہ پر معزز رکن واک آؤٹ کر گئے) ۔

Mian Muhammad Shafi : Sir, before speaking on the motion, that the Urban Immovable Property Tax Bill, be circulated for eliciting public opinion, I want to raise a point of privilege. Sir, the Public Relations Department exists as an ordinary Department of the Government. Here, Sir, I have got four sheets of papers which have been supplied by the Public Relations Department. They contain a verbatim copy of the report of the speech delivered here by Mr. Hasan Mahmood the other day.

Mr. Speaker : What is the point of privilege ?

Mian Muhammad Shafi : Sir, the Minister is also an ordinary member of the House and no privileges are attached to any member as such.

Mr. Speaker : What is the point of privilege involved in it ?

Mian Muhammad Shafi : My point of privilege is that a member was giving expression to a partisan point of view, and his speech has been taken up by a department of Government and circulated. They have used Government paper and Government machinery. Sir, if this privilege extends to one member, then it should extend to other members also.

Mr. Speaker : It is not a question of privilege. Please resume your seat.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I want your ruling on this.

Mr. Speaker : There is no question of privilege involved. Please resume your seat.

Khan Sardar Bahadur Khan : On a point of information, Sir. Since it is understood that the session will continue and there is not going to be any interruption , may I suggest for your consideration and for the consideration of the House that today, i.e., Thursday, the 27th March, was originally earmarked for non-official business. I would, therefore, suggest that today should be utilized for transacting non-official business.

Mr. Speaker : The House has already agreed that Government Business be transacted today.

Khan Sardar Bahadur Khan: The agreement was made under the impression that the session will end on the 28th of March. Would you, very kindly, agree to reopen this question ?

Mr. Speaker : After about half the time is over I cannot reopen this question now.

THE WEST PAKISTAN URBAN IMMOVABLE PROPERTY TAX BILL 1958

میاں محمد شفیع (ضلع منٹگمری) : حضور والا - جو بل وزیر موصوف نے ایوان میں پیش کیا ہے میری اسکے متعلق تحریک یہ ہے کہ اسے رائے عامہ معلوم کرنے کیلیے مشتہر کیا جائے - میں اس ضمن میں ایک مشہور و معروف شعر اس ایوان کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں جو اس بات کا آئینہ دار ہے کہ یہ صوبائی حکومت مرکزی حکومت سے مل کر عوام پر اتنے ٹیکسوں کا بوجھ ڈال رہی ہے کہ اگر انکے خلاف صدائے احتجاج بلند نہ کی گئی تو لوگوں کی کمر ہمت ٹوٹ جائے گی -

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں
تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں -

زندگی کا کوئی شعبہ حکومت کے ٹیکسوں کی دست برد سے محفوظ نہیں خواہ وہ غریب طبقہ سے متعلق ہو یا متمول طبقہ سے یا متوسط طبقہ سے - حکومت کے ٹیکسوں کا بار گراں ان کے کندھوں پر بڑھتا جا رہا ہے -

حضور والا — موجودہ بل اپنی تمام سنگین اور انتہائی خوفناک دفعات کے ماتحت عوام کیلئے ایک سنگ گراں کی حیثیت رکھتا ہے - اس ایوان کے اراکین کو اس بات پر غور کرنا چاہئیے کہ اس بل کی دفعات کے تحت ایک مکان جسکا ماہوار کرایہ پندرہ روپے ہے اس پر بھی ٹیکس لگایا جائے گا - اسکا مطلب یہ ہے کہ ایک غریب آدمی جس نے فاقہ کشی کر کے اور قرض لیکر ایک معمولی مکان بنایا ہے وہ بھی اس بل کی دفعات سے محفوظ نہیں رہ سکے گا - حضور والا - اس بل کی دفعات کے تحت پندرہ روپے ماہوار کرائے کے مکان پر پانچ فیصد ٹیکس عائد ہوگا - اس کے بعد جس مکان

کا کرایہ تیس روپے ماہوار ہوگا اس پر ساڑھے سات فیصد ٹیکس عائد کرنے کی تجویز زیر غور ہے اور ۱۲۰ روپے ماہوار کرائے کے مکان پر پندرہ فیصد ٹیکس عائد ہوگا - اسی طرح ۱۲۰ روپے سے اوپر بیس فیصد ٹیکس عائد ہوگا - حضور والا - مجھے انتہائی افسوس ہے کہ قائد ایوان اس وقت یہاں تشریف فرما نہیں - انہوں نے اپنی ریڈیو کی تقریر دل پذیر میں ارشاد فرمایا تھا کہ ہمارا مطمع نظر ایک ویلفیئر سٹیٹ قائم کرنے کا ہے - مجھے یقین ہے کہ انہیں کم از کم اس بات کا علم ہوگا کہ ویلفیئر سٹیٹ سے کیا مراد ہوتی ہے - ایک ویلفیئر سٹیٹ سے یہ مراد ہے - کہ لوگوں سے اتنا ہی ٹیکس وصول کیا جائے جتنا ادا کرنے کی ان میں استطاعت ہے - لیکن موجودہ حکومت نے جو بڑے بڑے زمینداروں پر مشتمل ہے اور جس نے آج تک اس بات کے متعلق کبھی نہیں سوچا کہ اس ملک کے ۹۰ فیصد عوام اپنی زندگی کس طرح بسر کرتے ہیں اور انکو نان شبینہ کے لئے کتنی تگ ودو کرنی پڑتی ہے عوام کو ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبا دیا ہے - عوام ٹیکسوں کے بوجھ تلے اتنا دب چکے ہیں کہ اب انکی قوت برداشت ختم ہو چکی ہے - مرکزی حکومت نے زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں چھوڑا جس میں ٹیکس عائد نہ کیا ہو اور صوبائی حکومت نے یہ تہیہ کر رکھا ہے کہ عوام میں جو سکت باقی ہے اسکو وہ اپنے بے پنا ٹیکسوں سے بالکل ختم کر دیں گے - حضور والا - کیا وہ اس طرح سے ویلفیئر سٹیٹ کی بنیادیں رکھ رہے ہیں کہ یہاں پر ایک فحش اور ناپاک سرمایہ دارانہ نظام قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ہیں - کیا ہی اچھا ہوتا اگر انہوں نے ایسی تدابیر اختیار کی ہوتیں کہ ٹیکسوں کا بوجھ ان طبقوں پر پڑتا جو دولتمند ہیں اور جو ان ٹیکسوں کو برداشت کرنے کی استطاعت رکھتے ہیں - لیکن وہ اندھے کی لاٹھی کی طرح ہر شخص پر ٹیکس لگائے جا رہے ہیں اور اس بات پر غور نہیں کیا جاتا کہ کہیں یہ ٹیکس عوام کے لئے آخری تنکا ثابت نہ ہوں -

حضور والا - میں اس ایوان میں برملا کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت اس ملک میں ایسی صورت حال پیدا کر رہی ہے جس سے عوام پس کر تباہ ہو جائیں گے اور چند مخصوص طبقے جو

مالدار اور صاحب اقتدار ہیں انکے لئے آمریت اور ڈکٹیٹر شپ قائم کرنے کی راہ کھل جائے گی - حضور والا یوم جمہوریہ کے موقع پر اس ملک کے قائدین کرام نے ریڈیو پر جو تقاریر کیں میں نے ان تمام کو غور سے سنا حتیٰ کہ قائد ایوان کی اس تقریر کو بھی بڑے غور سے پڑھا جو انہوں نے ریڈیو پر کی - ان سب نے اپنی تقاریر میں عوام کی مایوسی و اضطراب کا ذکر کیا - کیا انہوں نے کبھی غور فرمایا کہ اسکی وجوہات کیا ہیں ؟ اسکی وجوہات ایسے بل ہیں جو یہ حضرات ایوان میں پیش کرتے ہیں - اس کا باعث وہ اقدامات ہیں جنکے ماتحت یہ لوگ عوام کے جسم سے خون کا آخری قطرہ نچوڑ لینا چاہتے ہیں - اگر انہوں نے یہ اقدامات کسی پلین، منصوبہ بندی، اسلامی اخوت یا جمہوریت کے اصولوں کے مطابق کئے ہوتے جن کے ماتحت غریب اور امیر کو ایک سطح پر لایا جا سکتا تو ان سے عوام کا حوصلہ بڑھتا - وہ یہ محسوس کرتے کہ یہ ہماری مملکت ہے اور اس میں ہمیں بھی سانس لینے کا حق حاصل ہے - لیکن انہوں نے اس بل میں نہ صرف مکانوں اور دوکانوں پر بلکہ زرعی زمین پر بھی ٹیکس عائد کر دیا ہے اور اس بات کو قطعاً نہیں سوچا کہ آیا عوام میں اتنی قوت برداشت بھی ہے یا نہیں - جس اندھا دھند طریق سے اس ایوان میں بل پیش کئے جاتے ہیں اور محض اکثریت کے بل بوتے پر انکو پاس کیا جاتا ہے یہ چیز ملک کیلئے بالاخر فائدہ مند ثابت نہیں ہوگی۔

حضور والا — اس کے علاوہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب حکومت پراپرٹی ٹیکس میں اضافہ کرتی ہے تو مالک خود وہ ٹیکس ادا نہیں کرتے بلکہ وہ اسکو کرایہ دار کی طرف منتقل کر دیتے ہیں - چاہیے تو یہ تھا کہ اس ایوان کے قائدین پہلے Rent Restriction Bill پیش کرتے جسکے ماتحت مالک اور لینڈ لارڈ کو اس بات کا حق نہ ہوتا کہ وہ جتنا کرایہ چاہیں بڑھا سکیں - اگر آپ پہلے اس چیز کا سدباب کرتے تو شاید یہ بل مناسب ہوتا اور اس بات کا اطمینان ہو جاتا کہ اس ٹیکس کا بوجھ کرایہ دار پر نہیں پڑے گا - موجودہ شکل میں تو اسکا بوجھ کرایہ دار پر پڑنا ایک لازمی امر ہے -

حضور والا - آپکو معلوم ہے کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں ہمارے روپیہ کی کوئی قدر نہیں—ٹیکسوں کے ذریعہ جو روپیہ وصول

کیا جاتا ہے بین الاقوامی منڈیوں میں اسکی کیا اہمیت ہے ؟ آج سے دس سال پہلے جو چیز ایک روپیہ میں ایک پاؤ آتی تھی آج ایک چھٹانک ملتی ہے ۔ ہمارے روپیہ کی قیمت اس ملک میں ہی نہیں بین الاقوامی منڈیوں میں بھی بہت گر چکی ہے ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ لوگوں سے اندھا دھند روپیہ وصول کرتے ہیں اور

. . . . . .

Mr. Speaker : Please confine yourself to the principles underlying this Bill. You are making a general statement about the rise in prices and the purchasing power of the people. Now, all this is not relevant.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I bow before your honour. I also feel that I had gone off the track.

جناب والا—میں جو کچھ عرض کر رہا ہوں وہ relevant اس طرح ہے کہ ہمارے ملک میں جو بیوہ عورتیں اور یتیم بچے ہیں . . . . . .

Mr. Speaker : The rules require that you should confine yourself to the principles underlying the Bill.

میاں محمد شفیع—جناب والا—میں آپ کے رولنگ کو مانتا ہوں ۔ جناب والا ۔ ہمارے ملک میں ہزاروں بیوہ عورتیں اور یتیم بچے ایسے ہیں جن کا گزارا ان مکانوں کے کرایوں پر ہے جو ان کے خاوند یا ماں باپ چھوڑ گئے ہیں ۔ اگر وہ اپنے بل میں کوئی ایسی پروویژن نہیں رکھتے جس کی رو سے بیوہ عورتوں اور یتیم بچوں کو اس ٹیکس کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دیا جائے تو میں یہ کہنے میں حق بجانب ہونگا کہ انہوں نے اندھے کی طرح اپنی لاٹھی کو ہر طبقے کے سر پر مار دیا ہے ۔ جنابوالا ۔ میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ قانون بناتے وقت جو حکومت ملک کے احوال کو پیش نظر نہیں رکھتی اور یونیفارم طریقے پر کوئی قانون پاس کروا لیتی ہے وہ ملک میں خونی انقلاب کے لئے راستہ ہموار کرتی ہے ۔ جناب والا ۔ آپ غور فرمائیں کہ ایک آدمی جسکے مکان کا کرایہ ۱۵ روپے ماہوار یعنی ۱۸۰ روپے سالانہ ہوگا آپ اس سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ اسکا ۱۵ فیصد ششماہی آپ کے خزانے میں جمع کرائے ۔ میں آپ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ کس اصول کے مطابق درست ہے ؟ جناب والا ٹیکس کا پہلا اور سب سے بنیادی اصول یہ ہے کہ جن لوگوں پر ٹیکس لگایا جا رہا ہو وہ اس کو محسوس نہ کریں ۔ جناب میں یہ بات تسلیم کرتا ہوں کہ حکومت کو ملک کا کاروبار چلانے کے لئے ٹیکس لگانے پڑتے ہیں ۔

جناب والا یہ بھی حقیقت ہے کہ حکومت کو ملک کی ڈویلپمنٹ کے لئے روپے کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ روپیہ عوام پر ٹیکس لگا کر ہی میسر آ سکتا ہے ۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ حکومت اندھے کی طرح لاٹھی گھمائے اور ہر طبقے کو مالی لحاظ سے ایک جیسا سمجھے ۔ جناب والا ۔ میں سابق لیڈر آف دی ہاؤس یعنی جناب ڈاکٹر خان صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس ایوان میں ایسے حضرات تشریف فرما نہیں ہیں جنہوں نے حکومت کو کبھی بھی مالیہ اراضی ادا نہیں لائے اور اگر کہیں کیا بھی ہے تو بہت ہی کم ؟ اور کیا یہ بھی امر واقعہ نہیں کہ لوگوں نے پانچ پانچ لاکھ روپیہ حکومت کو ابھی تک ادا کرنا ہے ؟ انہیں کیوں جرات نہیں ہوتی کہ وہ ان سے یہ رقم وصول کریں ؟ کیا وہ ان سے یہ رقم اس لئے وصول نہیں کرتے کہ وہ ان کی وزارت کے ستون ہیں ؟ ان لوگوں کو تو وہ دبا نہیں سکتے مگر غریبوں کے گریبان کو چاک چاک کرنے کے لئے فوراً تیار ہو جاتے ہیں ۔ اگر وہ پوری ایمانداری سے کام لیتے ہوئے ان اراکین ایوان سے بقایاجات کی رقم وصول کریں تو انہیں کم از کم ۹۷ یا ۹۸ لاکھ روپیہ وصول ہو سکتا ہے ۔ مگر افسوس وہ ایسا کرنے کے لئے بالکل تیار نہیں ہونگے ۔ وہ تو غریبوں پر ہی لاٹھی چلائیں گے اور اس ٹیکس سے ۲۰ لاکھ روپیہ وصول کریں گے ۔ وہ ایسا کرکے اس صوبے کے ہزاروں نہیں لاکھوں انسانوں کے ذرائع معاش پر ہاتھ ڈال رہے ہیں ۔ صاحب صدر میں دوبارہ ارباب اقتدار سے پوچھتا ہوں کہ وہ کیوں جرات کرکے ان لوگوں سے مالیہ اراضی کے بقایاجات وصول نہیں کرتے جو بڑے صاحب ثروت ہیں اور اس ایوان کے رکن بھی ہیں ؟ کیا وہ ان لوگوں سے مالیہ اراضی کے بقایاجات اس لئے وصول کرنے کی جرات نہیں کرتے کہ یہ ایوان ان کے دم سے قائم ہے ؟ جناب والا ؟ جب اس تلخ حقیقت کا انکشاف سابق ریاست بہاولپور اور صوبے کے دیہاتیوں پر ہوگا تو وہ ان کی اچھی طرح خبر لیں گے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ صوبے کے شہری عوام اور دیہاتی عوام اب اچھی طرح بیدار ہو چکے ہیں ۔ جب وہ ان کے پاس ووٹوں کی دریوزہ گری کرنے کے لئے جائیں گے تو وہ ان کی اچھی طرح خبر لیں گے ۔ اس لئے میں حکومت سے اپیل بھی کرتا ہوں اور حکومت کو تنبیہ بھی کرتا ہوں کہ ۔

Mr. Speaker : You are again making a political speech. I am afraid I will have to stop you if you go on repeating what you have already said.

میاں محمد شفیع—بہت بہتر جناب والا ۔ میں اب آپ کے حکم کی تعمیل کرونگا ۔ جناب اس بل کے بیان اغراض و وجوہ میں یہ لکھا گیا ہے کہ—

"The Governments of the former Provinces of Punjab, N. W. F. P. and Sind used to levy taxes on urban property under the Punjab Urban Immevable Property Tax Act, 1940, the North-West Frontier Province Urban Immovable Property Tax Act, 1948 and the Sind Urban Immovable Property Tax Act, 1948, respectively. There was, however, no similar law in the other integrating units of West Pakistan. It is desirable to have a single uniform measure for the whole of West Pakistan. The present Bill is designed to achieve this object."

Mr. Speaker: You are wasting the time of the House by reading the statement of objects and reasons. I have warned you many times that you should be relevant.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I stand warned. But Sir, this abnoxious Bill which has been introduced in this House is....

Mr. Speaker : My attention has been drawn that the words 'abnoxious Bill' are unparliamentary. You should, therefore, withdraw these words.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I withdraw.

حضور والا—ان اشیا کی قیمتیں جن سے مکان کی تعمیر ہوتی ہے مثلاً لکڑی ۔سیمنٹ وغیرہ بہت بڑھ چکی ہیں اور پھر اس کے علاوہ مزدوروں کی مزدوری کی شرح بھی اب پہلے سے بہت زیادہ ہو گئی ہے ۔ سیمنٹ جو ہمارے ملک ہی میں پیدا ہوتا ہے ۔

Mr. Speaker : Mr. Shafi, you are again irrelevant. You can only say that the cost of the house building material has gone up, but you have started tracing the history of cement; how it is manufactured and where it is manufactured, etc., etc.

Mian Muhammad Shafi : Sir, your bent of mind is poetic. Sir, I am afraid with the rising cost of the raw materials required for house building purposes they want further to enhance the rate of payments of taxes.

Mr. Speaker : Kindly be relevant.

میاں محمد شفیع—جناب والا۔ ایک طرف تو صوبے میں بے روزگاری کی وجہ سے حالات بد سے بدتر ہو رہے ہیں اور دوسری طرف حکومت ٹیکس پر ٹیکس لگاتی جا رہی ہے ۔ جن لوگوں کے ذرائع آمدنی پہلے ہی محدود ہیں حکومت ان پر مزید ٹیکس لگا کر ان کی موجودہ پریشانیوں میں اور اضافہ کر رہی ہے اور ان کی تباہی و بربادی کے سامان پیدا کر رہی ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں وزیر قانون سے درخواست کروں گا کہ وہ از راہ کرم بل کو پاس کرانے سے قبل اس کو عوام کی رائے اصل کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے تاکہ اس ایوان کو عوام کی خیالات معلوم ہو سکیں ۔

میاں منظور حسن—جناب والا ۔ میں میاں محمد شفیع صاحب کی تائید کے لئے اٹھا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—آپ کی اپنی بھی تو موشن ہے - اب اسی پر بولیں -

Mr. Speaker : Motion moved is:—

That the West Pakistan Urban Immovable Property Tax Bill, 1958, be circulated for eleciting public opinion by the 1st July, 1958.

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala District) : Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Urban Immovable property Tax Bill, 1958, be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) the Minister-in-charge;
(2) Sardar Muhammad Zafrullah ;
(3) Begum Tahira Aijaz Hussain Agha;
(4) Alhaj Hakim Mian Khurshid Ahmed Qureshi; and
(5) the Mover.

جناب والا اس بل کے نتائج نہایت دور رس ہونگے - اس بل کا احاطہ اختیار نہایت وسیع ہے اس لئے ضروری ہے کہ اسے چھان بین کے لئے ماہرین کی کمیٹی کے سپرد کیا جائے - وہ کمیٹی کم از کم ان امور پر غور کرے - ایک یہ کہ جن لوگوں پر یہ ٹیکس عاید ہو رہا ہے ان کی اقتصادی حالت کیا ہے دوسرے یہ کہ وہ اس سے قبل کس قدر ٹیکس ادا کر رہے ہیں - نیز وہ یہ بھی دیکھے کہ جن علاقوں میں پہلے سے اس قسم کے ٹیکس عاید ہیں ان کی رو سے دوسرے عوام کو جو رعایتیں حاصل ہیں آیا وہ رعایتیں اس consolidation of tax سے واپس تو نہیں لی جا رہی - اس بل کی رو سے ان ٹیکسوں کی شرحیں جو پہلے سے عاید ہیں بڑھ تو نہیں رہیں اور آیا یہ بل ایوان کی سابقہ مرضی کے مطابق ہے کہ نہیں - وہ یہ بھی دیکھے کہ سکنی جائداد کے اوپر کوئی ٹیکس عاید ہونا چاہئے یا نہیں ہونا چاہئے - وہ یہ بھی دیکھے کہ اس ٹیکس کا مہاجرین پر کیا اثر ہوگا اور اس ٹیکس کی رو سے دیہاتی اور شہری کا امتیاز کہاں تک پیدا ہو جائیگا اور یہ صوبہ کہیں شہری اور دیہاتی طبقے کی کشمکش میں تو مبتلا نہ ہو جائیگا -

اب میں جناب والا کی وساطت سے ایوان کی توجہ اس امر پر مبذول کراتا ہوں کہ جس آبادی پر یہ ٹیکس عاید ہو رہا ہے آیا اس کی اقتصادی حالت اسقدر مستحکم بھی ہے کہ وہ اس بوجھ کو برداشت کر سکے - جناب والا شہروں میں زیادہ تر صنعت و تجارت سے متعلق کاروبار ہوتا ہے اسکے علاوہ بہت سے چھوٹے چھوٹے کاروبار بھی ہوتے ہیں اس وقت جہاں تک تجارت کا تعلق ہے وہ محدود ہے - عام آدمی تجارت شروع کرنے سے محروم ہے کیونکہ حکومت عوام کو تمام درآمد شدہ مال

لائسینسوں کے ذریعہ درآمد کرنے کی اجازت دیتی ہے اور لائسینس ان کے چہیتے چانٹوں اور خاص خاص آدمیوں کے لئے مخصوص ہوتے ہیں ۔ لہذا کوئی آدمی خواہ اس کی جیب میں کتنا ہی روپیہ کیوں نہ ہو نیا کاروبار شروع نہیں کر سکتا ۔ اور پرانا آدمی جو تھا وہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا ہے کیونکہ لائسینس یا تو اس پارٹی کے کارندوں کو رشوت دیکر ملتے ہیں یا یہ پارٹی اپنے آدمیوں کو دیتی ہے ۔ تو شہروں میں جہاں تک تجارت کی زبون حالی کا تعلق ہے شاید جب سے شہروں کی ابتدا دنیا میں ہوئی ہے اس قدر کبھی نہ تھی ۔

Mr. Speaker : You are going beyond the scope of the Bill.

Mian Manzoor-i-Hassan : Not at all, Sir.

مسٹر سپیکر—آپ غیر متعلقہ باتیں کہہ رہے ہیں ۔ ابھی آپ صنعتی زبون حالی کے متعلق کہہ رہے ہیں پھر زرعی زبون حالی کے متعلق کہینگے اس کے بعد un-employment کو لینگے ۔ development کو لینگے ۔ آپ Urban Immovable Property Tax Bill کے متعلق بھی کچھ فرمائیں ۔

میاں منظور حسن—میں نے کہا ہے کہ اس بل کو ماہرین کی ایک کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے تاکہ وہ یہ معلوم کرے کہ جن لوگوں پر یہ ٹیکس عاید کیا جا رہا وہ اسے ادا کرنے کی استطاعت بھی رکھتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر—تو اتنا کہنا کافی ہے کہ لوگوں کی حالت اتنی زیادہ خراب ہے کہ ان پر اس ٹیکس کا بوجھ نہ ڈالاجائے ۔ آپ تو دوسری غیر متعلقہ چیزوں کی تفصیلات بیان کر رہے ہیں ۔

میاں منظور حسن—میں یہی کہہ رہا ہوں ۔ تجارت کی زبون حالی . . . .

مسٹر سپیکر—میں اس کی اجازت نہیں دے سکتا کہ آپ زبون حالی بیان کریں ۔

سید شاہ نواز —جناب والا بہتر تو یہ ہوگا کہ آپ تقریر لکھ کر میاں صاحب کو دیدیا کریں اور وہ اسے پڑھ دیا کریں ۔

مسٹر سپیکر—جی ہاں - یہ بھی میرا ہی فرض ہے - اگر آپ ان پڑھ ہوں تو میں آپ کو پڑھاؤں - اگر آپ کو قواعد نہیں آتے تو میں کیا کروں - میاں منظور حسن سے You just confine yourself to this Bill.

میاں منظور حسن—تو جناب والا مختصراً عرض یہ ہے کہ شہروں میں نہ تو تجارت پل رہی ہے اور نہ صنعت - اس حکومت کی پالیسی کی وجہ سے نہ کوئی صنعتی کاروبار کر سکتا ہے نہ تجارتی - اس لئے میرے خیال میں شہری آبادی کسی مزید ٹیکس کی متحمل نہیں ہو سکتی - دوسری بنیادی بات یہ ہے کہ شہری آبادی پر پہلے ہی لا تعداد ٹیکس عاید ہو چکے ہیں لہذا ان پر مزید ٹیکس کا بار ڈالنا نہ مناسب ہے- حضوروالا - سب کو یہ بخوبی معلوم ہے کہ شہروں میں کئی مزید ٹیکس عاید ہیں مثلاً انکم ٹیکس - شہروں میں پراپرٹی ٹیکس کے علاوہ ہاؤس ٹیکس بھی عاید ہے - لینڈ ریوینیو ٹیکس بھی بیشتر شہروں میں عاید ہے اس طرح کے دیگر چھوٹے چھوٹے لا تعداد پیشہ ورانہ ٹیکس بھی عاید ہوتے ہیں اس لئے ایک مزید ٹیکس کا بوجھ ڈالنا موجودہ صورت حال میں نہایت غلط ہوگا -

دوسری چیز جسکی طرف میں حضور والا کی وساطت سے اس ایوان کو توجہ دلانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ کہا گیا ہے کہ یہ ایکٹ سابقہ ایکٹوں کی unification کے لئے بنایا گیا ہے - تین مختلف ایکٹوں کو وحدتی رنگ دینے کے لئے بنایا گیا ہے - لیکن یہ کہنا غلط ہے - بہت سی ایسی رعایتیں جو مختلف حصوں میں پہلے ٹیکسوں کی رو سے سب لوگوں کو حاصل ہیں اس بل کے ذریعہ چھینی جا رہی ہیں - مثلاً جناب والا سندھ میں جو Urban Property Tax عاید ہے وہ صرف ڈھائی فیصد اور پانچ فیصد سالانہ مالیت کرایہ پر عاید ہوتا ہے - آپ جو نیا ٹیکس سندھ میں عاید کرنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ پندرہ روپیہ ماہوار کرایہ سے اوپر ساڑھے ساتھ فیصد - تیس روپیہ ماہوار کرایہ سے اوپر پندرہ فیصد - ۱۲۱ روپیہ ماہوار کرایہ کے جو مکان ہیں ان پر بیس فیصد - مثلاً آج کل ایک سو تیس روپیہ ماہوار مالیت کرایہ کے جو مکان ہیں سندھ کے علاقہ میں ان پر صرف سوا پانچ روپیہ ٹیکس حکومت وصول کرتی ہے لیکن اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد ایک سو اکیس روپیہ ماہوار مالیت کرایہ کے مکان پر بیس روپیہ ٹیکس سندھ کے علاقہ میں وصول ہوگا - سندھ اور N.-W. F. P. کے جو Urban Property Taxes ہیں ان کی رو سے خالی اراضیات پر کوئی ٹیکس

نہیں ہے لیکن اس ٹیکس کی وجہ سے سندھ اور سابق صوبہ سرحد میں خالی زرعی اراضیات پر ٹیکس اسی شرح سے نافذ ہو جائیگا ۔

جناب والا ۔ صوبہ پنجاب میں جو ایکٹ نافذ ہے اس کی رو سے بیواؤں اور یتیموں کی اس جائداد پر جن کی آمدنی ایک ہزار روپیہ سالانہ سے کم ہے کوئی ٹیکس عاید نہیں لیکن اس نئے ایکٹ کی رو سے انہوں نے یہ مناسب سمجھا کہ بیواؤں اور یتیموں کو رعایت دیجائے بلکہ انہوں نے کہا ہے کہ ان کو قدرت نے سزا دی ہے حکومت نے سزا نہیں دی ہے ۔

حضور والا ۔ اس سے پہلے جتنے ایکٹ ہیں ۔ ان میں لوکل باڈیز ۔ رفاہی اداروں اور مساجد پر ٹیکس نہیں ہے ۔ اس وقت ہماری گورنمنٹ کا یہ کہتے کہتے منہ نہ تھکتا تھا کہ ان اداروں کی جائدادوں پر ٹیکس عاید نہ ہوگا لیکن اس ایکٹ کی رو سے لوکل باڈیز ۔ رفاہ عامہ کے اداروں ۔ یتیم خانوں ۔ مساجد اور اس قسم کے دیگر اداروں کی جتنی جائداد شہروں میں منافع بخش ہو گی ان پر ٹیکس عاید ہو جائیگا ۔ یہاں پر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ سابقہ تینوں صوبوں میں اوقاف اور خیراتی اداروں کی جائداد پر ٹیکس معاف تھا لیکن اس رحم دل حکومت نے جو نئے کام کرنے کے لئے پیدا ہوئی ہے یہ کر دیا ہے کہ جتنی مساجد ۔ اوقاف اور خیراتی اداروں کی جائدادیں منافع بخش موجود ہیں ان پر ٹیکس اس شرح سے عاید ہوگا جس شرح سے دوسرے نفع بخش جائدادوں پر ۔

میرے خیال میں ٹیکسیشن کی تاریخ میں یہ ان کا عظیم کارنامہ ہے کیونکہ جو پہلے لیجسلیٹرز نہ کر سکے وہ آج ہم سے انگوٹھا لگوا کر کروا رہے ہیں ۔ حضور والا اس سے پہلے جب ٹیکس جن میں اب اضافہ کیا جا رہا ہے لگائے گئے تھے تو اس وقت صنعتی علاقوں میں واقع دکانوں اور مکانوں کی خاص طور پر حفاظت کی گئی تھی اور ان پر کوئی ٹیکس عائد نہیں کیا گیا تھا ۔ لیکن اب اس فاضل دور اندیش اور دوربین حکومت نے تمام فیکٹری ایریاز میں واقع عمارات اور ددکانوں پر اور جائداد پر ٹیکس لگانے کی تجویز پیش کر دی ہے ۔ جناب والا آپ کو معلوم ہے کہ اس صوبہ میں مکانات اور دکانیں تجارتی امور کے لئے رہن یا قبضہ کر دی جاتی ہیں ۔ رہن یا قبضہ کرنے سے ایسی جائداد کا

استعمال یا اس سے منفعت اٹھانا مرتہن کے پاس چلا جاتا ہے لیکن اس بل میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ رہن شدہ جائداد کا ٹیکس اصل مالک سے لینگے حالانکہ سابقہ صوبہ جات پنجاب ۔ سندھ اور فرنٹیر میں جہاں جہاں یہ قانون لاگو تھا اس میں یہ درج تھا کہ موروثی مکانات پر مرتہن ٹیکس دینے کے لئے ذمہ دار ہے ۔ اگر انہوں نے تھوڑا بہت سوچا ہوتا اور ان بلوں کو دیکھا ہوتا اور اگر ان کے دل میں کچھ احساس زیادہ ہوتا تو وہ یقیناً اس قسم کی غلط تجویز ایوان کے سامنے نہ رکھتے ۔

مسٹر سپیکر—بس اب کافی ہو گیا ہے ۔

میاں منظور حسن—جناب والا میں نے پہلے ہی اپنے آپ کو محدود کر لیا ہے ۔ میں کوئی ایسا لفظ نہیں کہوں گا جو کہ زائد از ضرورت ہو ۔

اب میں اس کی شرح کی طرف آتا ہوں ۔ جہاں تک سابقہ صوبہ سندھ اور سرحد کا تعلق ہے وہاں اس کی شرح موجودہ مجوزہ شرح سے بہت کم تھی لیکن انہوں نے اسے قریباً ۲۰ فیصد زیادہ کر دیا ہے ۔ وہ کہتے تو یہ ہیں کہ سندھ اور فرنٹیر مل کر پنجاب پر حکومت کریں گے لیکن عملاً انہوں نے ان لوگوں کی جن سے انہوں نے ووٹ لینے ہیں جیب بھی تراش لی ہے اور ان بیچاروں کو بھی دھوکا دیا گیا ہے ۔ اس علاقہ کے لیجسلیٹرز نے سوچ بچار کے بعد جو شرح ٹیکس مقرر کی تھی انہوں نے اس کو دس گنا کر دیا ہے ۔ بلکہ میں یہ عرض کروں گا کہ اس بل کے ذریعہ حکومت بعض ایسے خاص اختیارات حاصل کر رہی ہے جو اسے پہلے حاصل نہ تھے ۔ اب اگر کوئی شخص یہ ٹیکس نہ دے تو ان کا افسر کسی دکان یا مکان میں داخل ہوکر اس کی منقولہ چیزوں کو فروخت کر سکتا ہے حالانکہ اس صوبہ میں Debtors Protection Act موجود ہے اور اس قسم کے تمام مواجب ایک خاص طریق سے بطور بقایا مالیہ کے وصول ہوتے ہیں ۔ لیکن اب ایوان اس بل کے ذریعہ حکومت کو اس قدر زیادہ اور اس قدر زبردست اختیارات دے رہا ہے کہ حکومت کے عملہ کے ہاتھوں کسی شریف شہری کی عزت محفوظ نہ ہوگی ۔

پھر جناب والا انہوں نے اس قانون کے ذریعہ ہائی کورٹ کے اختیارات بھی محدود کرنے کی کوشش کی ہے ۔ اس قانون میں انہوں نے یہ تجویز کیا ہے کہ کسی سول کورٹ کو کسی ایسے معاملہ میں جو جائداد کے ٹیکس کے متعلق ہو کوئی اختیار نہیں ہوگا ۔ جناب والا اگر ان کی نیتیں نیک ہوتیں تو ان کو ہائی کورٹ سے کیا ڈر تھا ۔

اس صوبہ میں کوئی ایسا فرد بشر نہیں جو یہ سمجھتا ہو کہ ایسے معاملات میں عدالتوں کو دخل دینے کا حق نہ ہو ۔ لیکن انہوں نے اس بل کی ایک کلاز میں یہ درج کیا ہے کہ سول عدالتوں کو ایسے معاملات میں دخل اندازی کرنے کا حق نہیں ہوگا ۔ جناب والا یہ حکومت چونکہ اس صوبہ میں کوئی کام نہیں کر رہی اس لئے وہ دوسرے معاملات پیدا کرکے لوگوں کی توجہ دوسری طرف منعطف کرانا چاہتی ہے ۔ وہ شہری اور دیہاتی طبقات کا سوال پیدا کرنا چاہتی ہے اور دیہاتیوں کو یہ بتانا چاہتی ہے کہ ہم نے شہریوں کو اس ٹیکس کا شکار بنایا ہے ۔ اندریں حالات میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ اس بل کو ان امور پر غور کرنے کے لئے ایک سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا جائے تاکہ جو باتیں میں نے پیش کی ہیں ان کی روشنی میں اس میں ترمیم کی جا سکے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی ترمیم ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker—Motion under consideration, amendment moved is:—

That the West Pakistan Urban Immovable Property Tax Bill, 1958, be referred to a select committee consisting of the following :—

1. the Minister Incharge ;
2. Sardar Muhammad Zafrullah,
3. Begum Tahira Aijaz Hussain Agha ;
4. Alhaj Mian Khurshid Ahmad Quereshi, and
5. the mover.

خواجہ محمد صفدر (ضلع سیالکوٹ)—جناب والا جب میں نے وزیر خزانہ کی بجٹ کی تقریر سنی تو مجھے خیال ہوا کہ Urban Property Tax میں کچھ نہ کچھ رعایت دی جائیگی ۔ انہوں نے اس میں کہا تھا :—

"In order to give relief to the smaller householders the limit of exemption is being raised from such and such amount to such and such amount".

میرا یہ خیال تھا کہ واقعی ہماری حکومت چھوٹے چھوٹے مالکان مکانات کو کوئی substantial relief دے گی ۔ اس کے ساتھ مجھے یہ بھی یاد تھا کہ پچھلے اجلاس میں اس معزز ایوان میں ایک قرارداد متفقہ طور پر پاس ہوئی تھی ، جو کہ ہم نے پیش کی تھی ۔ جس میں یہ درخواست کی گئی تھی کہ ۵۰ روپے ماہوار کرایہ کے مکانات کو اس ٹیکس سے مستثنے قرار دیا جائے بشرطیکہ وہ مکانات مالکوں کی اپنی رہائش کے طور پر استعمال ہو رہے ہوں ۔ ان دو وجوہ کی بنا پر میرا یہ خیال تھا کہ جناب وزیر خزانہ ضرور اس صوبہ کے غریب عوام کی طرف ، جو کہ شہروں میں رہائش پذیر ہیں ، نظر التفات ڈالیں گے ۔ مگر جب میں نے اس بل کا مسودہ دیکھا تو میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی ۔ اس میں نہ صرف اس ریزولیشن کو اس بشت ڈال کر اس ایوان کی بے وقعتی کی گئی ہے

بلکہ وہ وعدہ جو گورنمنٹ کی طرف سے دیا گیا تھا اس کی بھی صریح خلاف ورزی کی گئی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو باتیں بجٹ سپیچ میں کی گئی ہیں وہ محض لوگوں کو دھوکا دینے کے لئے کی گئی ہیں۔ عمل ان کے خلاف کیا جا رہا ہے۔

جناب عالی جو باتیں میرے معزز دوست میاں منظور حسن نے کی ہیں میں انہیں نہیں دہراؤں گا۔ میں صرف یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ جو وعدہ اس ایوان میں کیا گیا تھا اسے پورا نہیں کیا گیا بلکہ اس سے انحراف کیا گیا ہے۔ جناب والا اس بل میں ۱۸۰ روپے سالانہ مالیت کے مکانات کو اس ٹیکس سے مستثنے کیا گیا ہے حالانکہ سابقہ صوبہ پنجاب میں ۲۰۰ روپیہ سالانہ مالیت کے مکان اس ٹیکس سے مستثنے تھے اور ان پر یہ کوئی شرط نہ تھی کہ وہ مالک مکان کی اپنی رہائش کے طور پر استعمال ہو رہے ہوں اور کرایہ پر نہ دئے گئے ہوں۔

شیخ محمد سعید — (ضلع جھنگ) ۔ جناب والا ۔ میں اصولی طور پر اس بل کا مخالف ہوں ۔ ہماری حکومت کئی برس سے خصوصاً گذشتہ تین برس سے لاقانونیت کے دور سے گزر رہی ہے ۔ حکومت نے پبلک کے نمائندوں کو ختم کر کے ان کی جگہ ایڈمنسٹریٹروں کر مقرر کیا ہے تاکہ وہ کمیٹیوں کو قتل کریں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے سر قلم کریں ۔ یہ ایڈمنسٹریٹر نہ قانون کو جانتے ہیں نہ سمجھتے ہیں نہ اس پر چلنے کی نیت رکھتے ہیں ۔ وہ بڑی بڑی تنخواہیں پاتے ہیں ذمہ دار افسر سمجھے جاتے ہیں مگر ٹیکسوں کے معاملہ میں بھی .و اس قدر اہم معاملہ ہوتا ہے اور جس کے متعلق سخت قسم کا قانون ہے لاپروائی کا مظاہرہ کرتے ہیں ۔ اور اس قانون کی خلاف ورزی کرتے ہیں ۔ زیر نظر بل میں ایڈمنسٹریٹر نے قانون کی خلاف ورزی کی ہے اور تین مہینے کا جو وقفہ دینا چاہئے تھا نہیں دیا ۔ اس نے تین ماہ کے وقفہ سے قبل ہی یہ محصول عائد کر دیا ہے ۔ ان بڑھتے ہوئے

ٹیکسوں کی وجہ سے ان بڑھتے ہوئے مظالم کی وجہ سے عوام اور بالخصوص غریب شہری عوام دن بدن پستے جا رہے ہیں - وجہ اس کی یہ ہے کہ سکول ٹیچروں اور ان پڑھ لوگوں کو محض اپنے دھڑے کے آدمی ہونے کی وجہ سے ڈسٹرکٹ بورڈوں اور میونسپل کمیٹیوں میں ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا جارہا ہے - اس لئے نہیں کہ وہ ان کو اچھی حالت میں رکھ سکتے ہیں یا بہتر طور پر چلا سکتے ہیں بلکہ اس لئے کہ آئندہ آنے والے الیکشنوں میں ان کے ایجنٹ اور ٹاؤٹ ثابت ہوتے ہوں - وہ لوگوں کو ڈرائیں - دھمکائیں - ان پر ناجائز محصولوں کا بوجھ ڈالیں تاکہ عوام اقتصادی طور پر تباہ ہو جائیں - نہ وہ اپنی زندگی کو برقرار رکھ سکیں - نہ اپنی آزادی کو اور نہ ان میں آزادی کے ساتھ ووٹ دینے کی خدمت باقی رہے - آپ کے ایک ایڈمنسٹریٹر نے ناجائز حکم دیا - مگر حکومت اسے سرزنش کرنے کی بجائے یا اس کی تنخواہ سے یہ رقم وضع کرنے کی بجائے الٹا وہ بوجھ غریب شہری عوام پر ڈال رہی ہے جو پہلے ہی مجبور معذور اور مقہور ہیں - اس لئے کہ یہ ہی جاگرداروں کی حکومت ہے اور اس میں ان کی نمائندگی کرنے والا کوئی نہیں - بڑے زمینداروں نے اپنے ٹیکس تو معاف کرالئے ہیں - اور ان پر کروڑہا کے ٹیکس عائد نہیں ہوئے - مگر غریب شہری عوام کا کوئی پرسان حال نہیں - ان کی سبزیوں پر بھی ٹیکس ہے - ان کے پانی پر بھی ٹیکس ہے - ان کی ہوا پر بھی ٹیکس ہے یہ غریب لوگ ایڈمنسٹریٹروں کے ناجائز اور خلاف قانون احکام ماننے پر مجبور ہیں (تالیاں) یہاں بارہا کہا جا چکا ہے کہ مخدوم زادہ صاحب نے میونسپل کمیٹیوں کو اپنی جاگیر سمجھ رکھا ہے - ڈسٹرکٹ بورڈوں کو اپنی ذاتی سٹیٹ بنایا ہوا ہے انہوں نے ہر جگہ قوم کے منتخب نمائندوں کو ہٹا کر ان کی جگہ اپنے گروہ کے آدمی مقرر کر دئے ہیں - نتیجہ یہ ہے کہ جمہوریت کے یہ ابتدائی اور بنیادی مکتب اور مدرسے عوام کو جمہوریت کی تعلیم دینے کی بجائے ان پر مظالم کے ذریعے بنے ہوئے

ہیں - انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ ان کی یہ حکومت ہمیشہ برقرار نہیں رہے گی - اسے تو بہر حال جانا ہے - اس لئے وہ کوشش کریں کہ وہ کچھ نہ کچھ آبروبندی سے جائیں - کچھ نہ کچھ لوگوں کی خوشنودی حاصل کرتے جائیں - لوگوں کو ان مظالم کی داستانوں میں کوئی تو روشنی کی کرن نظر آئے -

ان کو کوئی تو اچھی بات نظر آئے اور وہ کسی کے متعلق کہہ سکیں کہ اس نے قانون کے مطابق حکومت کرنے کی کوشش کی تھی وہ اکثریت کے بل بوتے پر ایسے قوانین نافذ کر سکتے ہیں جن سے عوام کو کچلا جا سکے لیکن کم از کم اسکی تو صورت قانون کی سی ہونی چاہیئے اب ایک لا قانونی ہوئی ہے وہ مانتے ہیں کہ یہ نوٹیفکیشن غلط تھا وہ تسلیم کرتے ہیں کہ غلطی ہوئی تھی -

Mr. Abdus Sattar Pirzada : This is not within the scope of the Bill. It relates to taxation.

شیخ محمد سعید—جناب والا - ان حالات میں بھی جبکہ صریحاً لاقانونیاں ہوتی ہیں انہوں نے ان آمروں اور ڈکٹیٹروں کو ایڈمنسٹریٹرز کا نام دے رکھا ہے . اگر انہوں نے اس طریق سے انکے اشاروں پر چلنا ہے اور انکے کہنے پر Validation Acts پاس کرنے ہیں تو اسکا مطلب یہ ہے کہ انکی لاقانونیوں کا کفارہ وہ عوام کو ادا کرنے پر مجبور کرتے ہیں - لا قانونی تو ایڈمنسٹریٹر کریں اور سزا عوام بھگتیں - اسکے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ وہ اس ایوان میں ایسے ٹیکس جائز قرار دے رہے ہیں جو عدالتوں نے ناجائز قرار دئیے ہیں- میں سمجھتا ہوں کہ ان کا یہ اقدام کسی صورت بھی احسن نہیں یہ عدالتوں کی بھی توہین ہے اور آئین کی بھی توہین ہے - اس لئے خدا را اس لاقانونی سے باز آئیے اور اس قانون کو واپس لے لیجئے - کیونکہ اگر آپنے اسے منظور کر لیا تو یہ لا قانونی کی ایک یادگار تعمیر ہوگی - اور اسکے ذریعہ آپ دوسرے افسران کے لئے ایک راہ کھول دیں گے وہ بھی من مانی اور غلط کارروائیاں اور قانون شکنیاں کرتے رہیں گے کیونکہ انہیں پتہ ہوگا کہ پیرزادہ صاحب بعد میں انہیں جائز قرار دلوادیں گے - یہ ایک نہایت بری مثال ہو

گی اور میں ان سے درخواست کرونگا کہ وہ یہ مثال قائم نہ کریں -

میاں منظور حسن—(ضلع گوجرانولہ) —جناب والا جہاں تک اس بل کا تعلق ہے یہ ایک میونسپلٹی کی خامیوں کو درست کرنے کے لئے لایا گیا ہے - لیکن یہ ایسی خامیاں ہیں کہ جو اتفاقاً پیدا نہیں ہوئیں بلکہ بتدریج ایک خاص منصوبے کے ماتحت پیدا کی گئی ہیں - جناب والا - مولانا محمد علی جوہر جب پہلی راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شرکت کے لئے لندن گئے تو انہوں نے ایک دوست کو خط لکھا جس میں انہوں نے لکھا کہ یہاں کے قدامت پسند لوگوں کو اس بات کا بڑا افسوس ہے کہ منٹو مورلے ریفارمز کو ہندوستان میں کامیابی ہو گئی ہے - کاش کہ انکو ہمارے وزیر بلدیات جیسا کوئی لائق وزیر مل جاتا جو ان ریفارمز کو اسی طرح فنا کر دیتا جس طرح آج ہمارے صوبہ میں لوکل باڈیز کو کیا جا رہا ہے - جناب والا- آج آپ پشاور سے کراچی تک چلے جائیے آپ کو کہیں بھی کوئی کامیاب میونسپلٹی نظر نہیں آئے گی - کہیں تو ان کا کوئی دوست ہے اکثریت جس کے خلاف ہو گی تو انہوں نے میونسپلٹی کو برطرف کر کے اسے ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیا ہے کہیں ان کا کوئی اور دوست ہے جو پہلے ہی اقلیت میں تھا تو انہوں نے کہا کہ لو ہم اکثریت کا قلع قمع کئے دیتے ہیں اور تمہیں ایڈمنسٹریٹر بناتے ہیں - اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے ایک نئی چیز اختراع کی ہے کہ پبلک نمائندہ کمیٹیاں بنا دی ہیں - اور انکے متعلق کہتے ہیں کہ یہ پبلک کے نمائندے ہیں حالانکہ وہ اپنے بھی نمائندے نہیں -

جناب والا یہ بد عنوانیاں اس لئے ہوئی ہیں - کہ وہ لوگ جو اسکے اہل نہیں ہیں کہ کسی بستی کا انتظام کر سکیں ان کو ایڈمنسٹریٹر بنا دیا گیا ہے - یہ بل منظور تو ہو جائے گا اور آپ اسے بڑے شوق سے منظور کریں لیکن کم از کم ان خامیوں کو تو بند کریں جو ہماری شہری زندگی میں جان بوجھ کر داخل کی جا رہی ہیں - جناب والا - ڈاکٹر خان صاحب کے ساتھ ہمیں

گئی امیدیں وابستہ تھیں - میں انکی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اپنے منسٹر سے اتنا تو کہدیں کہ تم ان حرکات سے رک جاؤ اور شہری زندگی کو سانس لینے کا موقع دو اور اسے چلنے دو - اگر وہ اتنا کہدیں تو ہم پر ان کا بہت بڑا احسان ہوگا -

جناب والا - ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں -

چوہدری محمد الطاف حسین—(ضلع جہلم) جناب والا - اگرچہ اس بل کو یہاں پیش کرنے کی جو وجوہات ہیں وہ سب پر روشن ہیں لیکن مجھے آج کے اخبارات میں یہ پڑھ کر تعجب ہوا کہ وزیر بلدیات نے کسی آدمی کو ناجائز طور پر مقرر نہیں کیا - - - - - -

Mr. Abdus Sattar Pirzada: On a Point of Order, Sir. This Bill relates only to taxation, notification of which was not properly issued by the administrator. It is being regularized. The appointment of an administrator or administrative committees has nothing to do with this Bill. So, he is talking beyond the scope of the Bill. He should be stopped.

Chaudhri Muhammad Altaf Hussain : It is within the scope of the Bill because this has come about as a result of inefficent and corrupt administrators appointed by the Government.

Mr. Deputy Speaker: The point is that something which occurred illegally is being legalized.

Chaudhri Muhammad Altaf Hussain: Why has it occurred ?

Mr. Abdus Sattar Pirzada : This is an old matter and the Minister is not responsible for that.

چوہدری محمد الطاف حسین—جناب والا جہاں تک اس بل کا تعلق ہے میں یہ عرض کروں گا کہ وہ کہیں تو ڈسٹرکٹ لوکل باڈیز کے ایڈمنسٹریٹر تین جماعت پڑھے ہوئے لوگوں کو لگا دیتے ہیں اور کہیں کسی ڈپٹی منسٹر کے بھائی کو مقرر کر دیتے ہیں اور . . . .

Mr. Deputy Speaker : He was not a Minister at that time.

Rana Gul Muhammad Noon: The point is this, that all the illegalities are cropping up from time to time because of the apointment of administrators, who are inefficient and who are corrupt.

Mr. Deputy Speaker : That is a matter of policy ; are you discussing the policy here ?

Rana Gul Muhammad Noon : He is saying that this illegality should be legalized. We say that steps should be taken that such illegalities are not committed again.

Mr. Deputy Speaker : Such omissions are likely to occur in representative bodies.

Chaudhri Muhammad Altaf Hussain: We are perfectly in order to discuss these illegalities.

Mr. Deputy Speaker: Hon'ble member must confine himself to the Bill before the House. It is not a new taxation proposal that is being discussed.

Rana Gul Muhammad Noon: How was this particular irregularity Committed ?

Chaudhri Muhammad Altaf Hussain : As regards the point of Order of Mr. Pirzada—

Mr. Deputy Speaker : This is a point which is very clear. This is an omission which requires to be regularized through this measure. If you have any objection to its being regularized. you may speak on that.

Chaudhri Muhammad Altaf Hussain : I will confine to this point that why these illegalilties have been committed ? Why these omissions have occurred .

Mr. Deputy Speaker : I cannot permit that.

چودھری محمد الطاف حسین (ضلع جہلم)۔جناب صدر۔ جہانتک اس بل کی دفعات کا تعلق ہے بد قسمتی سے وہ پہلے بھی ایک گزٹ کے ذریعے ممبران تک پہنچ چکی ہیں اور اب بھی وہی کچھ ہمارے پاس اس بل کی صورت میں بھیجا گیا ہے ۔ اس سے زیادہ ہمیں اس بل کے متعلق کچھ معلوم نہیں ۔ نہ ہمیں اس شڈول کا علم ہے جس کا ان دفعات میں ذکر ہے اور نہ ہی ہمیں مجوزہ ٹیکسوں کی شرح کا علم ہے ۔ ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ ان میں سے کن کن ٹیکسوں کو regularize کرانا مقصود ہے اس بل کی تمام تفصیلات کو دیکھے بغیر پاس کر دینا ایک تو عوام کیلئے نقصان دہ ہوگا ۔ دوسرے قانونی لحاظ سے اس میں خامیاں رہ جانے کا امکان ہے ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ اس بل کو پاس کرنے سے پیشتر ہمیں وہ شڈول مہیا کیا جائے تاکہ ہم اس ایوان میں اس پر بحث کرکے اس میں ترمیم کرسکیں ۔ اس کے بغیر مجھے اس میں serious lacunas رہ جانے کا اندیشہ ہے ۔

جناب صدر ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہلم ڈسٹرکٹ بورڈ کے کاغذات نامزدگی تین سال تک لٹکے رہے اور بالاخر انہیں اس ہاوس کی مدد سے validate کیا گیا ۔ میں سمجھتا ہوں اس طرح قوانین منظور کرنا انصاف کے منافی ہے ۔ اور اس پر طرہ یہ کہ وزیر بلدیات جناب مخدومزادہ صاحب نے لوکل باڈیز میں عوام کا کوئی نمائندہ رہنے ہی نہیں دیا ۔ آپ نے کسی جگہ تو کسی ڈپٹی منسٹر کے بھائی کو بطور ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا ہے اور کہیں اس ایوان

کے معزز ممبران کے رشتہ داروں کو افسر اعلے بنا دیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اگر کسی ایڈمنسٹریٹر سے کوئی غلطی سرزد ہوئی ہے تو اس ایوان کو اس کا علم ہونا چاہیئے تاکہ اسے regularize کرنے سے پیشتر وہ حالات بھی زیر بحث آ جائیں جن میں اس قسم کی غلطی ہوئی ۔ جناب صدر ۔ ڈسٹرکٹ بورڈ ملتان کا بجٹ نوے لاکھ روپے سالانہ ہے اور وہاں کا ایڈمنسٹریٹر ایک ایسا شخص مقرر کیا گیا ہے جو صرف تین جماعتیں پڑھا ہوا ہے ۔ جناب نوے لاکھ روپے کے بجٹ پر اس شخص کو بطور ایڈمنسٹریٹر مقرر کرنا جو صرف تین جماعتیں پڑھا ہوا ہو ظلم نہیں تو اور کیا ہے ؟

Mr. Deputy Speaker : Please resume your seat.

Mr. Ghulam Mustafa Ghulam Muhammad Khan Bhurguri: Sir I want to speak on this point but you have given the ruling. If you allow me, I may say a few words.

Mr. Deputy Sepaker: The question is :—

That the West Pakistan (Montgomery Municipality) Validation of Taxes Bill, 1958, be taken into consideration at once.

The Motion was carried.

(At this stage Mr. Speaker occupied the Chair)

Mr. Speaker : Now we take up clause by clause consideration of the Bill.

Clause 2.

Mr. Speaker : The question is :—

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carrted.

CLAUSE 3.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

PREAMBLE.

Mr. Speaker : The question is :—

That the preamble be the preamble of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 1.

Mr. Speaker : The question is :—

That clause 1 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (Minister of Law): Sir, I beg to move :—

That the Bill be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is :—

That the West Pakistan (Montgomery Municipality) Validation of Taxes Bill, 1958 be passed.

سردار محمد ظفر اللہ۔جناب والا ۔ میں بھی اگزیٹو افسروں
کی تقرریوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : This is a Taxation Bill not the Employment of Executive Officers Bill. The question is :—

That the West Pakistan (Montgomery Municipality) Validation of Taxes Bill, 1958 be passed.

The motion was carried.

OVERTIME PAYMENT FOR ASSEMBLY STAFF.

Mian Muhammad Shafi: Sir, you are the custodian of the rights and privileges not only of the members of this House but also the staff that is working under you. Sir, they are being subjected to severe hardship on account of our holding two sittings a day.

Mr. Speaker : If you do not take pity on me, take pity on them at least.

Mian Muhammad Shafi: Sir, they are so overburdened with work that their health has broken down. I would request you kindly to intervene and arrange to pay them overtime.

Mr. Sepaker : They will be paid :

The West Pakistan Drugs (Extension) Bill, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (Minister of Finance and Law): Sir, I beg to introduce the West Pakistan Drugs (Extension) Bill, 1958,

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Drugs (Extension) Bill, 1958 be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :—

That the West Pakistan Drugs (Extension) Bill, 1958, be taken into consideration at once.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, let me explain the position first. This is a simple measure that this Bill did not apply to certain areas of West Pakistan and it is now being applied to all the areas which form part of West Pakistan.

Mian Manzoor-i-Hassan: (Gujranwala District): Before passing this Bill I would like to draw your attention to the original Drugs Act of 1940. It is laid down there : "It extends to all provinces and the capital of the Federation.)

حضور والا ۔ اگر آپ کسی صوبہ کی باونڈری بڑھا چکے ہیں
یا کم کرچکے ہیں تو اس بل کا اطلاق اس صوبہ پر ہونا چاہئے
جس کی نسبت یہ پاس کیا گیا ہو ۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے
کہ اس بل کو move کرنے کی اجازت نہ دی جائے اور یہاں اس
قسم کی بے معنی legislation نہ کرائی جائے

Mr. Speaker : That is with regard to the year 1940.

Mian Manzoor-i-Hassan: Sir, this provision was introduced by an administrative order.

Mr. Speaker : What is the year of the enactment that you are referring to ?

Mian Manzoor-i-Hassan: It is 1940.

Mr. Speaker: In 1940, West Pakistan had not come into being.

Now, what they are doing is to extend the provision to those areas to which it was not extended.

Mian Manzoor-i-Hassan: Sir, it was put by an administrative order. After the establishment of Pakistan, the word "India was deleted and all the provinces and the capital of the Federation" were substituted. This is a Government publication, Sir.

Mr. Speaker : I do not think there is any substance in your point of order. These States were not governed by these Acts. They are now extending this law to these areas. It is clearly mentioned in the Statement of Objects and Reasons. Yes, Mian Muhammmad Shafi, do you want to move your motion ?

Mian Muhammad Shafi: Sir, in view of your assurance in respect of your employees, I want to make a good gesture and do not move it.

Mr. Speaker : The question is :

That the West Pakistan Drugs (Extension) Bill, 1958, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

CLAUSES 2 & 3.

Mr. Speaker : The question is :—

That clauses 2 and 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is—

That the Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 1.

Mr. Speaker : The question is :—

That clause 1 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, I beg to move :

That the Bill be passed.

Mr. Speaker : The question is :

That the West Pakistan Drugs (Extension) Bill, 1958, be passed.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, I am holding over the next Bill on the agenda, namely, the Punjab Secondary Education (West Pakistan Amendment) Bill , as some of the members from Opposition want to discuss their amendments with me. I will take up this later on. I am now moving item VI.

Mr. Speaker : Yes, please.

THE WEST PAKISTAN AGRICULTURISTS' LOANS BILL, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958.

Mr. Speaker : Next motion please.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958, be taken into consideration at once.

Mian Muhammad Shafi: (MONTGOMERY DISTRICT): Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958 be circulated for eleciting public opinion thereon by the 15th August, 1958.

Sir, under this Bill provisions are being made to extend the jurisdiction of the Central Act to certain areas in West Pakistan, where it does not apply at present. Sir, during the provincial autonomy, certain important legislation was enacted in order to protect the agriculturist class from the ravages of money-lenders. It was provided then that in the event of decrees the property and live-stock of agriculturists shall not be sold for the recovery of the loans advanced by the money-lenders. It was then given out that this was the Magna Charta for the tillers of the soil and the protagonists of that regime advanced it as a landmark in the hisotry of the province. The leaders of the province at that time went round telling the cultivators that they had been immunized against the oppression of money lenders, and that they will not be subject to the harasment which they sufferred in the past. Sir, I remember that the late chaudhri Sir Chhotu Ram, who was a very respectable member of this House, went from village to village and heralded the message of emancipation to the rural masses. It was given out that for the first time in the history of the province people have come to acquire rights for which they were fighting. But, Sir, we find that in 1958 a very retrograde, unreasonable and unbalanced measure has been brought forward which will nullify the previous enactment. Sir, they are entitling the Corporation which has been formed with a view to advancing loans to the agriculturists to confiscate, auction, sell, mortgage or do whatever they want to do.....

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Sir, he is not speaking about this Bill. He is obviously referring to some other Bill. The present Bill is a simple measure. The Agriculturists' Loans Act, 1884, is a Central Act. It applied to the Punjab, North-West Frontier Province and Sind, and now that West Pakistan has come into being, it is intended to apply it to the whole of West Pakistan. There are some States to which it does not apply at present. It is proposed to extend it to the whole area now covered by the province, so that agriculturists may have loan facilities from Government.

Mian Muhammad Shafi: Sir the loans which they will be getting will be recovered from them by the Corporation.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, the honourable Member is mixing it up with the other Bill. This is not the Agricultural Finance Corporation Bill. Please look at today's agenda.

Mian Muhammad Shafi: Sir, will you please refer to section 3 of The West Pakistan Agriculturists Loans Bill, 1958. It says :

"The loans made, the price of seed sold and the interest (if any) chargeable thereon, together with the cost of recovery, if any, shall be recoverable as arrears of land revenue from the persons to whom the loans were made or the seed was sold or their sureties".

Mr. Speaker : Under this Act of 1884 the arrears which remained unpaid.....

Mian Muhammad Shafi : Sir, the arrears of land revenue can be recovered by auctioning the property.

Mr. Speaker : You are entirely mistaken. You do not know the scope of this Bill. This Bill as it stood in 1884 provided that those arrears can be recovered.

Mian Muhammad Shafi : Do you mean to say, Sir, that because this Act stood like that in 1884 I cannot object to it in 1958.

Mr. Speaker : In that case you will have to move some amendment.

Mian Muhammad Shafi : Sir, when a motion for circulating the Bill for eliciting public opinion is made it is open to any member to attack the principles on which the Bill is framed. Sir, when you authorise the Government to recover a loan as arrears of land revenue, you recognise the right of the Government to auction, sell, mortgage or do anything they like.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Then how to recover the money ?

Khawaja Muhammad Safdar: Under the ordinary law.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : You will be stopping all loans being given to the Agriculturists.

Makhdumzada Syed Hassan Mahmood: Don't harm the agriculturists.

Mian Muhammad Shafi: Here are the champions and protagonists of the cause of agriculturists. Here are the people who claim that they represent the agriculturist masses, and when I suggest to them to be kind to these poor agriculturists, they pay no heed to it. A man who takes a loan is a person who is hard hit. A Nawab will never go for a loan. The man who will go will be a person whose means are limited. In case he has incurred a debt the Government will be armed with full powers and authority to recover that loan from him. I say that this is a hardship which is not consistant with your own policies and promises. If you stand to protect the rights of the people whom you claim to represent, then you should kindly agree to having the normal processes of law, *i.e.*, if a man has advanced a loan to somebody he should not recover the loan by a writ or by having authority to sell his land, property, clothing or his livestock, but he should resort to the normal law of the land. I, therefore, urge and request you in the name of the rural masses to think on the provisions of the Bill and provide that the normal process of law should be applied in this case and not a hard, cruel and capricious law.

Mr. Speaker : Motion under consideration Amendment moved is :

That the West Pakistan Agriculturists Loans Bill, 1958 be circulated for eliciting public opinion thereon by the 15th August, 1958.

Mr. Speaker : Sheikh Muhammad Saeed move your amendment about referring the Bill to a Select Committee, because an amendment for eliciting public opinion is already before the House.

Sheikh Muhammad Saeed (JHANG DISTRICT): Sir, I beg to move :

"That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958 be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) Revenue Minister;

(2) Mian Muhammad Shafi;

(3) Qazi Murid Ahmad;

(4) Maulvi Muhammad Islam-ud-Din; and

(5) Chaudhri Sultan Ali.

جناب والا ۔ یہ حکومت اس بات کا تو بہت دعویٰ کرتی ہے کہ وہ کاشتکاروں سے بڑی ہمدردی رکھتی ہے اور ان کو ہر قسم کی سہولتیں دیتی ہے اور اس بل کے پیش کرنے کی وجہ بھی یہی بتلائی گئی ہے کہ حکومت غریب کاشتکاروں کو قرضے دینے کے لئے اسے اس معزز ایوان میں پیش کررہی ہے ۔ اس بل سے ظاہر ہے کہ حکومت ان ساہوکاروں کی طرح جو یہاں سے چلے گئے ہیں خود زمینداروں کو قرضے دیگی اور ان کی مصیبتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے حکومت خود ساہوکاروں کا کاروبار کرنا چاہتی ہے اس لئے یہ حکومت بیچارے چھوٹے چھوٹے غریب زمینداروں کو سود پر قرضہ دینے کے لئے یہ بل اس ایوان میں پیش کررہی ہے ۔ (شور اور قطع کلامیاں)

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Let them not take loans. Who compels them to take loans ?

Sheikh Muhammad Saeed: You compel them.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : What a friend of agriculturists ?

شیخ محمد سعید۔جناب والا۔مجھے ذاتی طور پر اس چیز کا تجربہ ہے کہ جو روپیہ بطور قرضہ دیا جاتا ہے وہ ان غریب کاشتکاروں تک بالکل نہیں پہنچتا جن کے نام پر یہ قرضہ دیا جاتا ہے بلکہ یہ روپیہ بڑے بڑے زمینداروں کی جیبوں میں جاتا ہے بڑے بڑے زمیندار اپنے مزارعین کے نام پر قرضہ کا روپیہ وصول کرلیتے ہیں اور میں اس چیز کی شہادت پیش کرسکتا ہوں کہ وہ بڑے بڑے زمیندار جو حکومت کے منظور نظر ہیں وہ یہ روپیہ خود ہی کھا جاتے ہیں اور غریب مزارعین کا نام لکھوا دیتے ہیں یا فرضی رسیدیں بنا کر ان پر ان کے انگوٹھے لگوا دیتے ہیں اور ان بیچاروں کو اس وقت پتہ چلتا ہے جب پانچ چھ سال کے بعد ان کے وارنٹ گرفتاری نکلتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ ہم نے تو کوئی قرضہ نہیں لیا ۔ پھر اس کے علاوہ اگر کسی غریب کاشتکار کو یہ قرضہ ملتا بھی ہے تو پہلے رپورٹ کرنے کے لئے پٹواری اس غریب سے رشوت لیتا ہے ۔ پھر قانونگو اور اس کے بعد تحصیلدار کا ریڈر اس سے رشوت لیتا ہے گویا کہ رپورٹ کرنے کے لئے ہر اہلکار اس سے نذرانہ وصول کرتا ہے اور اس کے بغیر اس کی درخواست پر کوئی کارروائی نہیں کی جاتی ۔ اور اس حکومت کے اخلاص کا یہ حال ہے جو یہ دعویٰ کرتی ہے کہ وہ زمینداروں کی خیرخواہ ہے کہ اگر کسی غریب زمیندار کے ذمہ حکومت کی کوئی رقم رہ جاتی ہے تو اس کا گھر بار اور اسکی ساری جائداد

نیلام کر دی جاتی ہے اور جب کوئی زمیندار چاہتا ہے کہ اپنے مزارع کو بے دخل کر دے تو وہ حکومت سے کہہ کر اس سے تقاوی کے روپے کی وصولی کے لئے وارنٹ جاری کروادیتا ہے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس شخص کی فصل زمیندار سنبھال لیتے ہیں اور اسکا اثاثہ دوسرے لوگ لوٹ لیتے ہیں ۔ آپ تو تقاوی قرضوں کے ذریعہ کاشتکاروں کی امداد کرنا چاہتے ہیں لیکن فی الحقیقت ان کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا ۔ وہ بالکل قلاش ہو جاتے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ اس پروویژن پر عمل کرنے کی کوشش کریں اور اس چیز کا مناسب اہتمام کریں کہ اس پر واقعی عمل ہورہا ہے یا نہیں اور اسکا فائدہ کاشتکاروں کو پہنچ رہا ہے یا نہیں ۔

Mr. Speaker : The Motion moved is—

"That the West Pakistan Agriculturiste, Loans Bill, 1958 be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) Revenue Minister;
(2) Mian Muhammad Shafi;
(3) Qazi Murid Ahmad;
(4) Moulvi Muhammad Islam-ud-Din; and
(5) Chaudhri Sultan Ali.

Chaudhri Muhammad Altaf Hussain: May I know at what time the House will adjourn today ?

Mr. Speaker : At two O'clock.

Sheikh Muhammad Saeed : Sir, under the rules the time is five hours, unless the Speaker otherwise directs. I beg of you that this discretion is to be exercised in a judicial and humane manner. We are not going to be dictated by the whims and caprices of the Government party.

Mr. Speaker: There are quite a large number of Bills which are pending before the House and I also know that it is the month of Ramzan and the members are very anxious to go back to their homes.

Rana Gul Muhammad Noon: We are not anxious; let the work be carried on in a normal manner. If all of a sudden the Bills are thrust on us to be passed in a few days time, it is neither just nor fair.

Mr . Speaker : The position is that if without enacting legislation we adjourn the Assembly *sine die* , the session will be prorogued and the Ordinances which were in force will cease to be in force. Supposing we continue the session at a leisurely speed, as is suggested, the Ordinances might lapse even then. There is a large volume of work pending before the House and unless we are determined to proceed with the business seruiously, we cannot finish it. If we are engaged in non-serious matters and matters which are not the concern of this House primarily, members attacking each other, then I am afraid there is no other remedy but to extend the time.

خواجہ محمد صفدر—جناب والا—میں یہ گذارش کرونگا کہ اس ایوان کے وقار کی خاطر اور عوام کی بھلائی کی خاطر ہمیں ایک خاص حد تک کام کرنا چاہئے ۔ ہمیں کل ہی نو دس بل circulate

کئے گئے ہیں ۔ کل ہم یہاں دن رات کام کرتے رہے اور آج بھی صبح سے بیٹھے ہیں ۔ ان حالات میں ہم کس وقت مسودہ ہائے قوانین کا مطالعہ کریں ۔ اسکے بعد ترامیم تیار کریں اور پھر یہاں انکے متعلق گذارشات پیش کریں ۔ ہم میں سے ہر ایک کو تیار ہو کر یہاں آنا پڑتا ہے ۔

رانا گل محمد نون۔مسٹر سپیکر۔آپ اسکی remedy تجویز کیجئے ۔ ہم تو آپکے ساتھ تعاون کرنے کو تیار ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔اسکی remedy میں آپکو نہیں بتا سکتا ۔

Mr. Speaker : It is no use members standing and wasting the time of the House asking to when the session is going to adjourn. I shall request the honourable members to be serious in conducting the business of the House.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I want to bring to your notice a very important point with a view to the smooth functioning of the business of the House.

Mian Muhammad Shafi: Please refer to page 42 of May's parliamentary Practice in which the definition of the role of Opposition is given. "The Opposition" it says "functions and directs criticism to the electorate" with a view to bringing pressure upon those people, who do not pay any heed and attention to what is reasonable. We will address ourselves to the electorate so that the pressure of public opinion is brought to bear upon the government to rectify you.

Mr. Speaker : You are wasting the time of the House.

Rana Gul Muhammad Noon : Why do you call it a waste of time, Sir? We are discussing that you should afford us an opportunity to study the Bill so that we come to the House and deliberate in a very considered and reasonable manner. Is that a waste of time ?

Mr. Speaker : You are again repeating the same argument.

Rana Gul Muhammad Noon : I am not at all repeating.

چوہدری محمد الطاف حسین - (ضلع جہلم) - جناب صدر ۔ اس بل میں بے شمار نقائص ہیں جو میرے خیال میں اس وقت تک دور نہیں کئے جا سکتے جب تک کہ اس کو سلیکٹ کمیٹی کے سپرد نہ کیا جائے ۔ جناب والا ۔ حکومت جب بھی کوئی مسودہ قانون کاشتکاروں سے متعلق ایوان میں پیش کرتی ہے تو یہ دکھاوے کے لئے دعویٰ کرتی ہے کہ اس سے کاشتکاروں کی فلاح وبہبود مقصود ہے ۔ اس سے زمینداروں کی حالت بہتر بنانا مقصود ہے ۔ مگر حقیقت میں حکومت ایسے مسودات قانون ایوان میں کاشتکاروں اور زمینداروں کو نقصان پہنچانے کی خاطر ہی پیش کرتی ہے ۔ جناب والا ۔ اس بل میں ایک obnoxious قسم کی دفعہ

یہ ہے کہ قرضہ جات - فروخت شدہ تخم کی قیمت اور اس پر قابل ادا سود (اگر کوئی ہو) مع خرچ بازیافت اگر کوئی ہو ان لوگوں سے جن کو قرضہ جات دیے گئے تھے یا تخم فروخت کیا گیا تھا یا ان کے ضامنوں سے بقایا معاملہ اراضی کے طور پر قابل وصول ہونگے - میرے خیال میں جناب اس قرضے کو arrears of land revenue کے طور پر حاصل کرنا ایک ظلم ہوگا - اس لئے میری تجویز یہ ہے کہ قرضے وغیرہ کی رقوم سول کورٹ سے ڈگری حاصل کرنے کے بعد حاصل کی جائیں ہم حکومت کی طرف اپنا دست تعاون دراز کرنے کے لئے ہر وقت تیار ہیں بشرطیکہ جناب پیرزادہ صاحب اپنے دلائل ہمارے سامنے پیش کر کے ہمیں مطمئن کریں یا پھر ہمیں موقع دیں کہ ہم اپنے دلائل سے ان کو مطمئن کر سکیں - جناب والا - مثال کے طور پر اگر ایک کاشتکار حکومت سے بیج قرضے کے طور پر حاصل کرتا ہے اور بد قسمتی سے اس کی فصل فیل ہو جاتی ہے تو حکومت میرے تجویز کردہ طریقے کے مطابق پہلے سول کورٹ سے رجوع کرے گی اور سول کورٹ صرف اس کے اس مال کی قرقی کا حکم صادر فرمائے گی جس کا تعلق اس شخص کی زراعت سے ہوگا - ایسے مال کے علاوہ اس کے پاس جو کچھ اور ہوگا وہ حکومت کی نذر نہیں ہو سکے گا - اگر آپ اسی رقم کو arrears of land revenue کے طور پر وصول کریں گے تو اس غریب کاشتکار کا جو تھوڑا بہت اثاثہ ہوگا وہ بھی حکومت کے ہاتھوں میں چلا جائے گا - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی گذارش ختم کرتا ہوں -

Mr. Speaker : You are taxing my patience.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir let us go ahead with the work.

Mr. Speaker : The question is :

That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958, be circulated for eliciting public opinion thereon by the 15th August, 1958.

The Motion was lost.

Mr. Speaker : The question is :

That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) The Revenue Minister ;

(2) Mian Mohammad Shafi ;

(3) Qazi Murid Ahmad ;

(4) Moulvi Islamuddin ;
(5) Chaudhri Sultan Ali, and
(6) The Mover.

The Motion was lost.

Mr. Speaker : The question is :

That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958 be taken into consideration at once.

The Motion was carried.

CLAUSE 2.

Mr. Speaker :—The question is :

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 3.

Mian Manzoor-i-Hassan : Sir, I have given notice of an amendment to this clause.

Mr. Speaker : I accepted all the amendments. Your amendment was not received in time.

The question is :

That Clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 4.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : (MINISTER OF LAW) : Sir, I beg to move :

That in clause 4, for the word "loans" occurring in lines 1 and 8, the word "loan" be substituted.

Mr. Speaker : The question is :—

That in clause 4, for the word "loans" occurring in lines 1 and 8, the word "loan" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :—

That clause 4 as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 5.

Mr. Speaker : The question is :

That clause 5 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble.

Mr. Speaker : The question is :

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The Motion was carried.

CLAUSE 1

Mr. Speaker : The question is :

That clause 1 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (MINISTER OF LAW): Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958 be passed.

Mr. Speaker : The Motion moved is :

That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958 be passed.

میاں منظور حسن - (ضلع گوجرانوالہ) - جناب والا - پاکستان کے قیام کے بعد وہ ''منی لینڈرز'' جو دیہاتوں میں قرضہ دیتے تھے ہندوستان کی طرف چلے گئے - جس سے ہماری زرعی اقتصادی حالت کو سخت نقصان پہونچا - اب ان منی لینڈرز کی جگہ لینے والا سوائے حکومت کے اور کوئی نہیں ہے حالانکہ حکومت جس انداز سے اپنے فیصلے کرتی ہے اس کا نقشہ یہ ہے کہ جس آدمی کے پاس رقم ہر وقت موجود نہ ہو تحصیلدار اسے چالیس روز تک تحصیل کے قید خانہ میں قید رکھ سکتا ہے - وہ اس کی زمین بیچ کر روپیہ وصول کر سکتا ہے اس کے آلات کاشتکاری چھین کر نیلام کر سکتا ہے - اس کے کھانے کے لئے جو غلہ ہو - بیجوں کے لئے جو غلہ ہو وہ اس کو نیلام کر سکتا ہے - تو اس منی لینڈر کی جگہ ایک ایسے آدمی نے لے لی ہے جس کے سامنے کوئی فریاد نہیں ہو سکتی ہے جب وہ منی لینڈر یہاں موجود تھے تو صاحب بڑے بڑے قانون سازوں نے ملکر اتنے بڑے بڑے قانون - سنہری قانون ترتیب دئیے کہ جن کے تحت انہوں نے قرض کی وصولی کی راہ میں اتنی رکاوٹیں حائل کردیں کہ اگر ایک دفعہ وہ قرض دے دے تو قرض دار بڑی سہولت سے اسے ادا کر سکے - لیکن جب سے حکومت نے اس کی جگہ لی ہے وہ ایسے جابرانہ طریقہ سے اپنا روپیہ وصول کر لینا چاہتی ہے کہ جس کی مثال اس تہذیب کے دور میں نہیں ملتی - اس بل کی جو کلاز ۳ ہے اس کی رو سے جو زمیندار مقروض ہیں انکا ہر قسم کا غلہ - گھریلو سامان - مکان - آراضی ڈھور ڈنگر - آلات کاشتکاری نیلام کئے جاسکتے ہیں - میرے خیال میں حکومت کو ان حالات کا جائزہ لینا چاہئے - جب تک قرض دینے کی کوئی اور مشینری صوبہ میں موجود نہیں اس کو اس قسم کی جابرانہ پالیسی نہ اختیار کرنی چاہئے - خیال فرمائیے - یہ قرض کون لے گا - وہ شخص قرض لے گا - جو مصیبت زدہ ہوگا - جس کو زمین خریدنی ہوگی جس کے بیل مرچکے ہونگے - جس کو اپنے کھیتوں کے لئے بیجوں کی ضرورت ہوگی - تو جناب وہ چاہتے ہیں کہ ایسے

شخص سے قرض کا روپیہ اس تعدی اور سختی سے وصول کیا جائے - میرے خیال میں نواب صاحب کو شاید معلوم نہ ہوگا کہ تحصیل کا عملہ کس انداز سے اس بیچارے سے روپیہ وصول کر رہا ہے - یہ بڑے بڑے زمیندار - لینڈ لارڈ، ان کو تو خود اس چیز کا خیال ہونا چاہئے - اس کے بر عکس وہ اس کو کہتے ہیں کہ تم قرض لو تمہارے بیل دبلے ہو گئے ہیں اب یہ کام نہیں کر سکتے - اس کو مجبور کرتے ہیں کہ قرض لے اور جب وہ مجبور ہو کر قرض لیتا ہے تو اس کا ۵۰ فیصد حصہ تو رشوت کی نذر ہو جاتا ہے اور باقی جو بچتا ہے وہ جناب وصولیوں اور ادائیگیوں کی مصیبتوں میں ضائع ہو جاتا ہے لہذا اگر آپ اس ملک کی کچھ خدمت کرنا چاہتے ہیں تو اس قسم کے ظالمانہ اور سخت گیرانہ قوانین بنا کر اس کی حالت خراب نہ کیجئے - اس قدر اس پر سختی نہ کیجئے - ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کے منظور کئے جانے کی مخالفت کرتا ہوں۔

Mian Muhammad Shafi (MONTGOMERY DISTRICT): Sir, I want to support Mian Manzoor-i-Hassan. The hon'ble the Leader of the House the other day gave a very good tiding to the people of the Province that he believes in a welfare state, and that he would be the architect in that task. But, Sir, the legislation which is coming forward to this House is a complete negation of the very principle and basic conception of a welfare state. In a welfare state people are afforded the opportunity for credit to become solvent and to stand up on their own economic field. In the first instance in our Province with the exodus of non-muslims the facilities for credit came to almost *nil*. The substitute that they are giving in the form of Corporation Agricultural organizations are the very substitutes of agencies that were functioning before Pakistan. If the present rulers have any regard for the people's problems, they would have seen today that they provide to the people facilities in this regard. The Leader of the House particularly is a well known authority on rural problems and he knows it that a peasant in this province is born dead. The condition of the 95 per cent of the people have dateriorated since the inception of Pakistan.

If we had a Government that had a foresight and imagination, it would have provided relief to the people in the form of easy credit. But what is sought to be done ? They are providing relief in the form of keeping a prospect before those who receive loans that if they do not pay it in time, they will be liable to be arrested and detained arbitrarily under the orders of the Tahsildar or a higher authority. Sir, for forty days be can be kept in judicial lock-up without trial. May I ask the Minister what has happened to the provisions of the Agrarian Relief Act? Under this Act what would happen to those who for some reason or the other failed to pay the debt in time ? Sir, I appeal to those whose ears have been closed by the flattery of sycophants, and I hope they will pay attention to this problem. The hard hit people are every day realising that there is no such thing as 'millat-i-Islamia -i-Pakistan'; they are coming to realise that in fact

for the last ten years they have been misruled by a small privileged class, a coterie of people, in the name sometimes of Islam and sometimes in that of the agriculturists and so on, and that they are being driven to the walls. I appeal to them even today to take note of these things and withdraw this Bill and substitute it with one which may provide credit facilities at reasonable terms.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (MINISTER OF LAW): Sir, the question may now be put.

Mr. Speaker: The question is:

That the question be put.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is:

That the West Pakistan Agriculturists' Loans Bill, 1958, be passed.

The motion was carried.

THE SIND DISTRCT MUNICIPAL (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (LAW MINISTER): Sir, I beg to introduce the Sind District Municipal (West Pakistan Amendment) Bill, 1958.

Mr. Speaker: Next motion, please.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Sir, I beg to move:

That the Sind District Municipal (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: Motion moved is:—

That the Sind District Municipal (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be taken into consideration at once.

Mian Manzoor-i-Hassan (GUJRANWALA DISTRICT): Sir, I beg to move:

That the Sind District Municipal (West Pakista ı Amendment) Bill, 1958, be circulated for eliciting public opinion thereon by 15th April 1958.

جناب والا ۔ بظاہر تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ سندھ
ڈسٹرکٹ میونسپل بورڈز کا ایک سال بڑھایا جا رہا ہے اور اس
کے بعد الیکشن کا انعقاد ہو گا لیکن دراصل اس ذریعہ سے
ہماری حکومت ایک طریقہ سے پورے دو سال تک الیکشنز ملتوی
کرانے کے کام میں توسیع کر رہی ہے ۔ انہوں نے اس کی
کلاز نمبر ۳ میں لکھا ہے کہ ۔

"Provided that elections for the purpose of re-establishment of the Municipality shall be held within a period of one year from the date on which the Municipality is deemed to be superseded under this section".

یہ الیکشن پس پشت ڈالنے کی ایک ترکیب ہے ۔
اس سے پہلے انہوں نے پنجاب کے ڈسٹرکٹ بورڈوں کے بارہ میں
چھ ماہ کی میعاد حاصل کی تھی لیکن وہ کسی ایک میونسپلٹی یا لوکل
بورڈ کی الیکشن نہیں کرا سکے جناب وزیر بلدیات نے اگلے روز یہ کہا
تھا کہ ہم ہائی کورٹ میں رٹ پٹیشنوں کی وجہ سے الیکشن نہیں کرا
سکے لیکن رٹ پٹیشنیں تو ایسی جگہوں کے متعلق تھیں جہاں زنانہ
سیٹیں مخصوص کی گئی ہیں ۔ انہیں بخوبی معلوم ہے کہ

۸۰ فیصد لوکل باڈیز میں زنانہ سیٹوں کا تعین نہیں کیا گیا اس لئے رٹ پٹیشن ۸۰ فیصد لوکل باڈیز کی الیکشنز کی رہ میں کس طرح حائل ہو سکتی ہیں یہ ان کا ایک بہانہ ہے اور اس بل کی رو سے انہوں نے چھ ماہ کی بجائے ایک سال اور جہاں ایک سال ہے وہاں دو سال کی میعاد حاصل کرنے کی کوشش کی ہے یہ ایک retrograde بل ہے جس کی اس ایوان کو اجازت نہیں دینی چاہئے - اس لئے میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اسے حصول رائے عامہ کے لئے مشتہر کیا جائے -

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Sind District Municipal (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be circulated for eliciting public opinion thereon by 15th April, 1958

شیخ محمد سعید (ضلع جھنگ) جناب والا — جمہوریت کے نام پر اس ملک پر آرڈیننسوں اور لاقانونیت کے ذریعہ سے حکومت کی جرہی ہے اور یہ بل اس کی ایک بدترین مثال ہے چنانچہ آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ عرصہ تین سال سے ہمارا ہر کام غیر قانونی اور غیر جمہوری ہے - ہم جو بھی کرتے ہیں وہ قانون کے ساتھ ایک زیادتی ہوتی ہے اور ہر صورت میں ہم کوشش یہ کرتے ہیں کہ قانون کو ختم کر دیا جائے اور اس ملک میں جمہوریت عام طریق سے نہ چلے - میں وزیر انچارج سے پوچھنا چاہتا ہوں - کہ کیا سابقہ صوبہ پنجاب کے لوگ اور سندھ کے لوگ ایک برابر نہیں ہیں کہ یہاں تو آپ نے یہ میعاد چھ ماہ رکھی ہے اور وہاں ایک سال - مناسب تو یہ تھا کہ وہ سب لوگوں سے ایک سا سلوک کرتے - سابقہ صوبہ پنجاب کے لئے چھ ماہ کی میعاد مقرر ہے لیکن سندھ کے لئے اسے ایک سال کر دیا گیا ہے یہ صریحا زیادتی ہے - جب آپ نے ایک علاقہ کے لئے ایک طرح کا قانون بنایا ہے تو پھر دوسرے علاقہ کے لئے دوسری طرح کا قانون کیوں ہو - دوسرے یہ ہے کہ اس سے آپ نے جمہوریت کا خون کیا ہے - ملک کا آئین یا قانون تو یہ ہے کہ عوام کے منتخب نمائندے میونسپل کمیٹیوں یا ڈسٹرکٹ بورڈوں کا کام چلائیں اور نئی میونسپل کمیٹیاں اور نئے ڈسٹرکٹ بورڈ بنتے رہیں مگر یہاں یہ حالت ہے کہ ایک تو

بیس بائیس سال سے ان کے انتخابات نہیں ہوئے - پھر ان نمائندوں کو بھی جو بری بھلی نمائندگی کرتے ہیں ہٹا کر ان کی جگہ کہیں ایڈوائزری کمیٹیاں اور کہیں ایڈمنسٹریٹر رشوت ستانی کے لئے اور لوگوں کے ووٹ خریدنے کے لئے اور انہیں بددیانت بنانے کے لئے ایسے لوگ جو ان کو الیکشن میں مدد دیں مقرر کئے جا رہے ہیں - میرے اپنے علاقہ میں میونسپل کمیٹی کے انتخاب کی تاریخ مقرر ہو گئی تھی - مگر جب انہوں نے دیکھا کہ ان کے آدمی انتخاب میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے اور نئے لوگ آ کر ان کی بدعنوانیوں کا احتساب کریں گے تو انہوں نے انتخابات کو ملتوی کر دیا - اسی طرح جھنگ میں یہ حیلہ تراشا گیا کہ یہاں شیعہ سنی جھگڑا ہے -

Mr. Speaker : The question is :

"That the Sind District Municipal (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be circulated for eliciting public opinion there on by the 15th April, 1958".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is :

'That the Sind District Municipal (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be taken into consideration at once'.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Now, clause by clause consideration of the Bill.

CLAUSE 2.

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 3.

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 4.

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is :—

That the Preamble be the Preamble of the Bill,

The motion was carried.

Short Title

Mr. Speaker : The question is :

That Clause I stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Mr. Abdul Sattar Pirzada.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (LAW MINISTER): Sir, I beg to move :

That the Sind District Municipal (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be passed.

Mr. Speaker : The question is :

That the Sind District Municipal (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be passed.

The motion was carried.

THE SIND MUNICIPAL BOROUGHS (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir I beg to introduce The Sind Municipal Boroughs (West Pakistan Amendment) Bill, 1958.

Mr. Abdul Sattar Pirzada : Sir I beg to move :

That the Sind Municipal Boroughs (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : The question is :—

That the Sind Municipal Boroughs (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be taken into consideration at once.

CLAUSE 2

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 3

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is :

That the Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Short Title

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 1 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir I beg to move:

That the Sind Municipal Boroughs (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be passed.

Mr. Speaker : The question is :

That the Sind Municipal Boroughs (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be passed.

The motion was carried.

THE SIND LOCAL BOARDS (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir I beg to introduce the Sind Local Boards (West Pakistan Amendment) Bill, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir I beg to move :

That the Sind Local Boards (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : The question is :

That the Sind Local Boards (West Pakistan Amendment) Bill, 1958, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

CLAUSE 2.

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 3.

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 4.

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 5

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 5 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr . Speaker : The question is :

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Short Title

Mr. Speaker : The question is :

That clause 1 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr . Abdus Sattar Pirzada : Sir, I beg to move:

That the Sind Local Boards (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be passed.

Mr. Speaker : The question is :

That the Sind Local Boards (West Pakistan Amendment) Bill, 1958 be passed.

The motion was Carried.

Agenda for the next day.

قاضی مرید احمد - جناب والا — میں آپ کی توجہ ایک دو اہم مسائل پر مبذول کرانا چاہتا ہوں - ایک تو یہ ہے کہ کل کا ایجنڈا ہمیں آج شام تک ضرور مل جانا چاہئے اور دوسری گذارش یہ ہے کہ ترامیم کے متعلق ہمیں اجازت ہو کہ ہم کل وقفہ سوالات کے اختتام تک ترامیم کے نوٹس دے سکیں -

مسٹر سپیکر — جن ممبران کے پتے ہمارے پاس موجود ہیں ان کو تو ایجنڈا پہنچ سکتا ہے لیکن جن کے پتے ہمارے پاس موجود نہیں انہیں ہم کیسے ایجنڈا پہنچائیں -

قاضی مرید احمد — جناب دو چار تو جگہیں ہیں جہاں ممبر عام طور پر ٹھہرتے ہیں اور وہاں ایجنڈا پہنچ سکتا ہے - اور ترامیم کے متعلق کیا ارشاد ہے -

مسٹر سپیکر — جن بلوں کا پہلے نوٹس مل چکا ہے ان میں ترامیم تو آپ دے چکے ہوں گے اور جو نئے بل آئیں گے ان کے لئے میں آپکو موقع دوں گا -

Mr. Abdus Sattar Pirzada : As regards tomorrow's agenda, Sir, I intend the agenda to be in the following order :—

(1) Item No. 10 of today's agenda.

(2) Item No. 11 of today's agenda.

(3) Item No. 12 of to day's agenda.

(4) Item No. 13 of today's agenda.

(5) Item No. 5 of today's agenda.

(6) Item No. 14 of today's agenda.

(7) Item No. 15 of today's agenda.

Sir, in all there are seven Bills, and this is all that we will take up tomorrow.

Mr. Speaker : The House stands adjourned to meet again tomorrow at 9 A. m.

The House then adjounred till 9 a. m. on Sunday, the 30th March, 1958.

147 PLA—351-22-10-60—SGPWP Lahore

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN DEBATES

30th March 1958

Vol. V—No. 17

OFFICIAL REPORT

CONTENTS

Sunday, the 30th March, 1958

	Pages
Starred Questions and Answers	1011
Leave of Absence of M. P. As.	1049
Point of Order—	
Answer refused after admitting a short notice question ..	1050
Adjournment Motions (Leave asked)	1051
Hours of Sitting	1054
The West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958 ..	1055
Ruling—	
Introduction of a Bill cannot be opposed	1056
The West Pakistan (Essential Services Maintenance) Bill, 1957	1080
The West Pakistan (Agricultural Development Finance Corporation) (Recovery of Arrears) Bill, 1956 ..	1106

Price : Rs. [illegible]

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF THE FIRST PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Sunday, 30th March, 1958

The Assembly met in the Assembly Chamber at 9 a.m., Mr. Speaker, Chauhdri Fazal Ilahi, in the Chair.

Recitation from the Holy Quran and its translation in Urdu

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

CLAIM FORMS FOR ALLOTMENT OF CROWN LAND IN LODHRAN TEHSIL

***1268. Pirzada Maulvi Muhammad Islam-ud-Din**: Will the Minister of Refugees and Rehabilitation be pleased to state:—

(*a*) the number of claim forms filled by the allottees of crown land in Vehari tehsil of the Multan district for securing the allotment of crown land in Lodhran tehsil, under the transfer scheme, which are still lying with the tehsil authorities;

(*b*) the number of such claim forms as are pending with the various Girdawars of Tehsil Lodhran, whose areas have not yet been proposed or confirmed;

(*c*) the number of such claim forms as are pending with the various Patwaris of Tehsil Lodhran, whose areas have not yet been proposed or confirmed;

(*d*) the period since which the above-mentioned claim forms are pending;

(*e*) the reasons for not allotting land against those claims so far;

(*f*) the time by which the proposal and confirmation of the areas of land in connection with these claims shall be finally settled;

(*g*) the officers responsible for the delay in the disposal of these claims?

شیخ مسعود صادق (وزیر مہاجرین و بحالیات)—(الف) ۵۱۵ ۔

(ب) ۳۱، ۱۷، ۲۲، ۵۱۵، ۱۲ اور ۳ دعویداروں پر علی الترتیب گورگراں، لودھراں، راجن پور، کڑور پکا، دنیاپور کے حلقہ ہائے قانون گویان میں کارروائی ہو رہی ہے ۔

(ج) ۱۲، ۹، ۱، ۹، ۹، ۵، ۳، ۵، ۳، ۸، ۴، ۲، ۳، ۹، اور ۳ پر مختلف حلقوں میں پٹواری کارروائی کر رہے ہیں ۔

(د) گذشتہ دو ماہ سے ۔

(ہ) عملہ گرداوری ڈھال باچھوں کی تیاری، حکومت کے واجبات وصول کرنے اور فہرست ہائے رائے دہندگان تیار کرنے میں مصروف رہا ۔

(و) اپریل ۱۹۵۸ء کے آخر تک ۔

(ز) یہ کلیم فارم تحصیل لودھران میں ابھی موصول ہوئے ہیں اور ان کے تصفیئے میں کوئی تاخیر واقع نہیں ہوئی -

مولوی محمد اسلام الدین - حصہ الف میں ٹرانسفر سکیم کے ماتحت جو کلیم فارمز وصول کئے گئے ہیں ان کی تعداد ۵۱۰ بتائی گئی ہے - لیکن جن پر کارروائی ہو رہی ہے ان کی تعداد ۶۷۹ بتائی گئی ہے - کیا اس سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ وزیر متعلقہ کا بیان غلطی پر مبنی ہے -

مسٹر سپیکر - وزیر متعلقہ نے آپ کے سوال کا جواب دے دیا ہے اب آپ اور کیا چاہتے ہیں -

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, he is entitled to point out the inaccuracy in the answer given by the Minister. I think you should permit the member to do that.

Mr. Speaker: Mian Muhammad Shafi has given notice to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, "disappearance of important state documents like the Shaheed-i-Millat Liaquat Ali Khan murder inquiry report from the Secretariat which fact provides a clue to the inadequacy of security measures". From which Secretariat has the document disappeared?

Mian Muhammad Shafi: From the West Pakistan Civil Secretariat. Sir, in Mian Mushtaq Ahmad Gurmani's case that file was sent for as a piece of evidence but the authorities in the Civil Secretariat said that that file was not traceable.

Mr. Speaker: I think there was some report in the Press that the file had been lost.

Mian Muhammad Shafi: It was stated on behalf of the Government by the Assistant Advocate-General that the file in spite of all efforts had not been traced. Sir, if even files of this type are not kept in safe custody, I do not know how they are going to run the Government.

(*Interruptions*)

Mr. Speaker: (Addressing the Chief Minister) Mian Muhammad Shafi says that the Shaheed-i-Millat Liaquat Ali Khan murder inquiry report has disappeared from the Civil Secretariat. Is it correct?

Mr. Muzaffar Ali Khann Qizilbash: (CHIEF MINISTER)—I do not know from where the honourable member gets all this information.

قاضی مرید احمد—حکومت کے اسسٹنٹ ایڈوکیٹ جنرل نے
عدالت عالیہ کے روبرو یہ بیان دیا ہے۔

Mr. AbdusSattar Pirzada : (Law Minister) : Sir, I have been told by the Officers of the Secretariat that it has not been lost. It has been misplaced and they are looking for it.

Khawaja Muhammad Safdar: What is the difference between lost and misplaced ?

Makhdumzada Syed Hasan Mahmood: When every effort for a search is abandoned, then it is lost.

Mian Muhammad Shafi : Please take notice of these things. It is a very serious matter. If important files like this disappear from the Civil Secretariat, I do not know what will happen to us.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : If it has completely disappeared and is not traceable then certainly it is a serious thing. But it happens at times that files go from one Ministry to another. It may be somewhere in some Ministry, and we might be able to trace it.

Rana Gul Muhammad Noon: Is there no register in which the movement of the files is recorded?

(Interruptions).

Rana Gul Muhammad Noon: Sir, if the Chief Minister says that the file has been misplaced, it is an admission of the fact that the security measures which the Government has adopted are very defective and, therefore, we should be allowed to discuss this matter.

Mr. Speaker: Will the honourable member please take his seat. In view of the statement made by the Chief Minister, I cannot allow any discussion on this matter.

Rana Gul Muhammad Noon: That statement of the Chief Minister is very vague.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : Sir, today is Sunday and all the offices are closed. If my honourable friend, Rana Gul Muhammad Noon wants any information we can give it for him tomorrow. As far as the file is concerned my officers tell me that it has, more or less, been traced.

Mr. Speaker: So we can discuss it tomorrow.

Khawaja Muhammad Safdar: What about my adjournment motion.

Mr. Speaker: It will be taken up tomorrow. Honourable Members will agree that the adjournment motions have been made a daily feature.

Rana Gul Muhammad Noon: As the question of urgency and recent occurrence is involved in them, therefore, they must be taken up at the earliest opportunity.

Mr. Speaker: They must be given notice of.

Rana Gul Muhammad Noon: They were given notice of.

Mr. Speaker : If the House has no time, then they can be discussed on any day. In that case, they will not be ruled out of order on this account that because they were not discussed on such and such date and because so many days have elapsed, therefore, they should be thrown out.

HOURES OF SITTING

Sheikh Muhammad Saeed : Can the House know the direction of the Speaker regarding the length of today's session ?

Mr. Speaker: The agenda is before the House, and I think the Government have put such matters on the agenda which they want to push through. I will adjourn the House when the items on the agenda are exhausted. It all depends on how you cooperate. For the present moment I intend to adjourn the House at two O'clock, and, if necessary, we will meet again. I have not yet fixed the time for the night session. If the business of the House fixed for today is finished by 2 p. m., then there will be no need for the night session.

Khawaja Muhammad Safdar: We must start the day's work with a definite programme. Why not stick to the ordinary rules ?

Mr. Speaker : We revert from the normal practice only when we find that there is abnormal work. For six months there was no session, therefore, the legislative work is abnormal.

قاضی مرید احمد—صدر محترم میرا خیال ہے کہ نماز ظہر کے پیش نظر آج ڈیڑھ بجے کا وقت مقرر کریں ۔

مسٹر سپیکر—نماز کا وقت دو بجے بھی ہوتا ہے اور یہاں بھی نماز کا انتظام ہے ۔ کیا آپ نماز کا عذر پیش کر کے ایوان کی کارروائی کو ڈیڑھ بجے ختم کرنا چاہتے ہیں ۔

رانا گل محمد خون—مسٹر سپیکر کیا آپ نماز کو عذر تصور کرتے ہیں ۔ مجھے بڑا افسوس ہے کہ آپ نے نماز کے متعلق ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر—میں نے کہا ہے کہ دو بجے تک نماز ہو سکتی ہے لیکن آپ کہتے ہیں کہ ڈیڑھ بجے کارروائی ختم کر دی جائے میں اب بھی کہوں گا کہ یہ عذر نہیں تو اور کیا ہے ۔

قاضی مرید احمد—آپ نماز کے اصل اوقات میں ترمیم نہ فرمائیے ۔ ویسے ہم رات کے بارہ بجے تک بیٹھنے کے لئے تیار ہیں ۔

مسٹر سپیکر—میرا فیصلہ یہ ہے کہ اسمبلی کی کارروائی دو بجے ملتوی کی جائے گی کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ دو بجے کے بعد بھی نماز ظہر کا وقت ضائع نہیں ہوتا ۔

THE WEST PAKISTAN PROVINCIAL ASSEMBLY SPEAKER AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES ALLOWANCES AND PRIVILEGES) BILL, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: (MINISTER OF LAW AND FINANCE): Sir, I beg to introduce the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill 1958.

Mr. Abddus Satttar Pirzada: (MINISTER OF LAW AND FINANCE): Sir, I to move. :—

That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances & Privileges) Bill, 1958 be taken consideration at once.

Mr. Speaker : The Motion moved is :—

That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances & Privileges) Bill, 1958 be taken into consideration at once.

Voices: Opposed.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : (CHIEF MINISTER) : I thought that was the only Bill of a non-controversial nature ! !

Khwaja Muhammad Safdar : Sir, I want to oppose the introduction of the Bill

Mr. Speaker : Introduction cannot be opposed. You can only oppose to the consideration of this Bill. Yes, Mian Muhammad Shafi, you may move your amendment that it should be circulated for eliciting public opinion.

Mian Muuhammad Shafi: (MONTGOMERY DISTRICT) : Sir, I beg to move —

That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958 be circulated for eliciting public opinion thereon.

Sir, as I rise to speak on my motion, I am faced with a complication of emotions. Sir, when I think of your august person, I feel I should not be the person to move the motion for circulating this Bill for eliciting public opinion. Your experience, knowledge, personality and background are so eminent that we should vote this Bill outright and say that the Speaker should be entitled to receive a salary of Rs. 3,000 per month, *plus* house rent of Rs. 500 and *plus* other privileges. But unfortunately, there is no guarantee that you will always occupy this Chair and continue in office. It is possible that after the general elections there may be another person to adorn this august Chair. Therefore, I have taken this view. Sir, while fixing the salary of the Speaker, who occupies a pre-eminent position in the legislative life of a Province and democratic life of the country, we cannot divorce this fact from the general economic conditions prevailing in the conuntry. Sir, income per capita in this Province of West Pakistan is Rs. 8 which means the average income of our people is about five annas a day. Again, we have to take into consideration another very important factor, which is of great significance, that ours is a free, sovereign, independent Republic. Sir, ours is an Islamic Republic which claims to draw its inspirations from the Holy Quran and Sunna, from the lives of the Caliphs and from the lives of those Muslims, whose lives have been a model or example for the nation.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Is he relevant, Sir ?

(*Interruptions*).

Mr. Speaker: He was drawing my attention to the point whether the member was relevant.

Rana Gul Muhammad Noon: He should stand up and then point out to you Sir. He should show that much courtesy.

Mr. Abduus Sattar Pirzada: You have enough courtesy.

Mian Muuhamma Shafi: Sir, as I was pointing out to you respect fully that ours.....

RULING

INTRODUCTION OF A BILL CANNOT BE OPPOSED

Khwaja Muhammad Safdar: On a point of order, Sir. Sir, I submitted to you a short while ago that I would like to oppose the motion at the introduction stage and you were pleased to rule it out of order. I refer you to Rule 82 of the Rules of Procedure. I read it out for the benefit of Members :

"If a motion for leave to introduce a Bill is proposed, the Speaker, after permitting, if he thinks fit.....

Mr.. Abdus Sattar Pirzada: (MINISTER FOR LAW) : There is a difference between introduction and leave to introduce. When a Bill is published already, no leave is necessary. When you move to seek leave to introduce the Bill, then you can oppose it. I have published it already; thereof it is not necessary to ask for leave to introduce it.

Mr. Speaker: Please see proviso to Rule 83.

Rana Gul Muhammad Noon: Your stand is correct, Sir.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I was referring that ours is an ideological State, which rests on the foundation of Islamic social equality. Now, what is the objective of Islam's socio-economic ideals. Does it want to create in a society, governed by Islamic laws, vested interests living on fat incomes, on the one hand, and people *drabbling* in dust, misery and poverty, on the other; or, does

Islam stand as an equal izer of human-beings, treating them as a part of a family, receiving according to their needs and each giving according to his capacity? My reading of our sacred religious tenets, re-inforced and supported by the highest authority in Islam, is that Islam wants to do away with all distinctions that are born of wealth, worth and other considerations. I recall to my mind before this House Mahahatama Gandhi's advice to the Congress Ministries, when they assumed office in undivided India in 1937. He said to them; we are a very poor people; India is a very poor country. I call upon the Congress Ministers to take a lesson from the life of the Caliph Omar and rest contented with drawing only Rs. 500 as their salary. It was from one, who has been regarded by many of us as a great savant of his days, although we disagreed with him on political issues. But what are we, who have got the practical demonstration of the truth of Islam, doing in our day to day life. Here our Government has come forward with a proposal to enhance the salaries, emoluments, privileges and rights of those who are called public servants. Sir, I do not want to waste the time of the House, or else I could give a vast amount of references to prove that it is entirely un-Islamic, undemocratic and even inhuman to upgrade a microscopic minority to make them be the recipient of privileges and rights, while denying them to the common man. But look, what are you doing? You are heavily taxing your people day in and day out, there is not a single man, whatever be his grade of income, who is safe against the depredation of your law in terms of receiving dues of the Government. You have taxed peasants, you have taxed clerks, you have taxed workers, you have taxed almost every category of people, who live in this country. If you had, by your actions, gone on producing more wealth, so that it would circulate in order to raise the standard of living, I would say it is quite alright, do tax us so heavily that it starts hurting us, but then we should have a satisfaction of receiving amenities from the Government in the form of better standard of living, education facilities, cultural uplift, political emancipation and reputation abroad. But this is exactly what is not happening. We have come to such a sorry state of affairs during the last ten years, that today we find Pakistan isolated in international affairs. At home, our efficiency is at the lowest ebb and our affairs are in a complete mess. Now Sir, I ask them: Have they decided to go a head with whatever they want to do without pay ing any attention to the problems that the common man faces? Have they decided to excel the white bureacracy even ?

Mr. Speaker: Come to the point. Such a speech could be a standard speech for any emoluments paid to any public servant. You come to the Bill before you say what you want.

Mian Muhammad Shafi: They are taxing people to maintain themselves in office. They are like the two pieces of a great mill, underneath which, people are being ground. Let us see what they intend to pay a Speaker under the terms of this Bill.

Mr. Speaker: You should know that the salary of the Speaker is not being increased. If your object is only to make a long speech, then it is a different thing.

Mian Muhammad Shafi: I am addressing the electorate. I am telling the people of this country as to what our rulers are doing. I know we are an ineffective minority on this side, we cannot influence their decision. All that we can do is to address ourselves to the electorate.

Mr. Speaker: Confine your self to the Bill. You are addressing your electorate

Mian Muhammad Shafi: Sir, according to clause 3, line 1, the Bill provides for Speaker to receive a salary at the rate of three thousand rupees per mensem. This is not all, the Speaker shall be entitled without payment of rent,

to the use of house provided by Government throughout his term of office and for a period of 15 days immediately thereafter, and if such a house is not availble, he will be paid five hundred rupees per mensem. Such a House will be furnished at a cost of fifteen thousand rupees. These people claim to talk in the name of Khulafa-i-Rashideen. Then you are entitled to maintain your appurtenances, gardens, etc. at the cost of the Povincial Exchequer. That is not all, Sir. You will be entitled to such Daily and Travelling Allowances for any journeys performed by you on public purposes and such medical treatment at public expenses and such other allowances and privileges presecribed .....

Mr. Speaker: These are already there.

Mian Muhammad Shafi: These are just the same as the Ministers do get, but I ask: is it justifiable when we are a democratic country and we have got millions of starving public? Is our national income more than what it was? Is there any prosperity in our country? I would not say more than this, that our Speaker should not receive more than what a Minister gets. Sir, in the British Parliament a Speaker gets five hundred pounds more than what an ordinary minister gets. In a country where the gross national income is .....

Mr. Speaker: You are repeating the same thing.

Mian Muhammad Shafi: No, Sir, It is a point which I want to bring to your notice. First, I will sum up in terms of equation. In Great Britain and America it is only 10 times more than what an average man earns. In Japan it is 9 times what an average Japanese earns. In Germany it is 7 times what an everage German earns. But, Sir, do you know what an average man earns in my country, and what is the salary given to the Speaker. Here it is 24 times more than what an ordinary man earns. So, Sir, I ask ; is there any justice; is there any sense of proportion; is there any decency in this country? Now, Sir, I come back to the figures in order to prove that we are being fleeced to fatten the brown autocracy. To come back to your own salary, you will receive full six thousand rupees including salary, T. A., D. A., privileges, rents, etc. Now , Sir, on the average the House functions for 20 days in a year, and the rest of the year the Speaker normally sits doing nothing, for which he gets such an handsome amount. Although it is said that you are a busy man being a public man, the Speaker only functions during the session days. Sir, if we divide sixty thousand rupees by 20 it comes to three thousand rupees per day. We are, therefore, paying rupees three thousand per day for doing this work. Then, kindly see that Mr. Speaker is not alone, he has personal assistants or private secretaries or stenographers and a host of servants at his house. I feel that the servants who work at the house of Mr. Speaker are also maintained at the cost of public exchequer. I ask; is it fair? I do not use the word [illegible] I do not use the word democracy, but, Sir, I ask whether it is decent in a country like ours, to have all these emoluments in the backgrounds of our country's social and economic conditions. Let us go to the people and ask them whether it is justifiable. Three thousand rupees per day is the salary that has never been given to a king or ruler in the history of the world. Sir, there is a very learned man in this House, I mean Mir Ali Ahmed Talpur. I think he will bear me out that this red tapism has never been practised at any time in the history of the world.

Mr. Speaker: You are repeating the same thing. I am giving you some latitude, because it is a Speaker's Salary Bill, otherwise I would have stopped you long long ago.

Mian Muhammad Shafi: I respectfully submit that we are not presiding over the 'jagirs' of 'Nawabs'.

Mr. Speaker: You are travelling wide off the mark. Please take your seat.

Mr. Speaker: The question is :—

That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958 be circulated for eliciting public opinion.

The motion was lost.

پشتو

ملک عبد الجبار خان (مہمند)—جناب صدر—ہمیں آپکی تنخواہ اور دیگر مراعات پر اعتراض نہیں ہے ۔ اور میں یہ حیران ہوں ۔ کہ ممبران حزب مخالف زیر غور بل پر کیوں سیخ پا ہو رہے ہیں ۔ شاید اس لئے کہ ان کی تنخواہوں کا اس میں ذکر نہیں ہے ۔

(آوازیں اور قطع کلامیاں)

صاحب سپیکر—میں نہیں سمجھ سکا آپ نے کیا فرمایا ہے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔(ممبرموصوف بدستور کھڑے رہے اور کچھ فرماتے رہے)۔

ایک ممبر—جناب والا ۔ ہم نہیں سمجھ سکے کہ کیا کہا گیا ہے ۔

صاحب سپیکر—غالباً ملک عبدالجبار خان صاحب نہ انگلش سمجھتے ہیں نہ اردو نہ سندھی اور نا پنجابی ۔ اس لئے کوئی صاحب نہیں سمجھا دیں کہ وہ تشریف رکھیں ۔

خواجہ محمد صفدر—حضور والا ۔ جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے ہمیں اسکا مطلب اردو میں سمجھایا جائے ۔

ایک ممبر—جناب والا ۔ ممبر موصوف نے فرمایا ہے کہ ''مجھے آپ کی تنخواہ پر کوئی اعتراض نہیں،،

(قہقہے)

Mian Manzooi-i-Hassan: (GUJRANWALA DISTRICT): Sir, I beg to move:

"That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privleges) Bill, 1958 be referred to a select committee consisting of the following:—

(1) The Minister-in-charge.
(2) Mr. G. Allana; and
(3) The mover.

جناب والا ۔ سپیکر کا عہدہ صوبہ مغربی پاکستان کی عظمت ۔ اتفاق ۔ انصاف اور یکجہتی کا نشان ہے ۔ حضور والا ۔ اس عہدہ کے لئے جس قدر زیادہ تنخواہ بھی تجویز کی جائے میں سمجھتا ہوں کہ وہ تھوڑی ہوگی ۔ (آوازیں ۔ جزاک اللہ ۔ جزاک اللہ) جہاں تک چیف منسٹر کے عہدہ کا تعلق ہے میں یہ عرض کرونگا کہ وہ حکومت کے نمائندے ہیں ۔ لیکن آپ کا عہدہ ایک ایسا عہدہ ہے کہ آپ کرسی

صدارت پر بیٹھ کر زب اختلاف اور حزب اقتدار دونوں کی نمائیندگی کر سکتے ھیں ۔ آپ نے جن نازک اور پریشان کن الات میں اس عہدہ کو سنبھالا ھے وہ تاریخ میں منفرد حثیت رکھتے ھیں ۔ آپ نے جس طریقے کے ساتھ زب اختلاف کی نمایاں اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کر دیا وہ صرف آپ ھی کا حصہ ھے ۔ چنانچہ اس سلسلہ میں وقتی طور پر کچھ شکایات بھی حزب اختلاف کے دل میں پیدا ھوئیں لیکن آپ نے نہائت اچھے طریقے سے ان حالات پر قابو پایا اور یہ ثابت کر دیا کہ وہ شخص جو عوام سے تعلق رکھتا ھو اور متوسط طبقے سے آیا ھو وہ ان جاگیرداروں ان بڑے بڑے لوگوں کی نسبت جو اپنے ھاتھوں میں شجرہ نسب لئے پھرتے ھیں زیادہ بہتر طریقے سے ایسے حالات پر قابو پا سکتا ھے ۔ جناب والا ۔ میں اس بل میں دئے ھوئے مواجبات پر اعتراض کرنے کے لئے کھڑا نہیں ھوا لیکن مجھے سب سے زیادہ اعتراض اس بل کی کلاز ۳ کی شق (۳) پر ھے جس کی رو سے حکومت نے حضور والا کو قابو میں رکھنے کے لئے یہ شق اس بل میں تجویز کر دی ھے جس کی رو سے آپ کے حقوق وہ ھونگے اور آپ D.A. اور T.A. وہ ھونگے جو حکومت خود آپ کے لئے تجویز کرے گی ۔ حضور والا ۔ آپ اس ایوان کے صدر ھیں ۔ ان وزیروں کو یہ حق حاصل نہیں ھونا چاھئیے کہ اس ایوان کے صدر کے لئے تنخواہ ٹی ۔ اے ۔ اور ۔ ڈی اے وغیرہ کا فیصلہ کریں بلکہ یہ فیصلہ اس معزز ایوان کو خود کرنا چاھئیے (ھئیر ۔ ھئیر کی آوازیں قطع کلامیاں اور شور) اس ایوان میں آپ کا درجہ چیف منسٹر سے بھی بڑا ھے ۔ آپ کو اپنے، تحت رکھنے کے لئے انہوں نے اس قسم کی شق اس بل میں رکھی ھے ۔ روپیہ تو حضور والا غریبوں سے ٹیکس وصول کرکے جمع کیا جاتا ھے ۔ امیر لوگ تو ٹیکس دیتے ھی نہیں ۔ اس ایوان کے کئی معزز اراکین کے ذمہ حکومت کا پنتالیس پنتالیس لاکھ روپیہ واجب الادا ھے جو وہ ادا نہیں کر رھے تو پھر میں حیران ھوں کہ حضور والا کی تنخواہ اور الاؤنس وغیرہ تجویز کرنے والے یہ کون لوگ ھیں اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ھوں ۔

اب میں حضور والا ۔ ڈپٹی سپیکر کے متلق کچھ کہنا چاھتا ھوں ۔ مجھے ڈپٹی سپیکر کے عہدہ سے اصولی طور پر اختلاف ھے یہ ایک قسم کا نمائشی عہدہ ھے جسے کوئی کام نہیں ھوتا اور نہ اسے کوئی خدمت تفویض کی

جاتی ہے اگرچہ اس کا عہدہ panel of chairmen سے اونچا رکھا گیا ہے لیکن در حقیقت ان کے عہدہ کا ان سے کوئی خاص نمایاں فرق نہیں سوائے اس کے کہ وہ سپیکر کی غیر حاضری میں اسکی جگہ کام کرے یا وہ اگر رخصت پر ہو تو اسے اس کی جگہ قائم مقام مقرر کیا جاتا ہے اس کام کی اسے پندرہ سو روپیہ ماہوار تنخواہ دی جاتی ہے (شیم شیم کی آوازیں) حضور والا - مجھے معاف فرمایا جائے میں کسی کی ذات کے متعلق کچھ عرض نہیں کر رہا میں صرف ایک عہدہ کے متعلق عرض کر رہا ہوں جس کا ذکر اس بل میں کیا گیا ہے -

مولوی محمد اسلام الدین—پوائینٹ آف آرڈر - کیا میں میاں صاحب سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ ان معزز اراکین کے کیا نام ہیں جن کے ذمہ پنتالیس پنتالیس لاکھ روپیہ ٹیکسوں کا واجب الادا ہے؟

منسٹر سپیکر—یہ کوئی پوائینٹ آف آرڈر نہیں ہے -

میاں منظور حسن—حضور والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان کے لئے لاہور میں مستقل طور پر رہائش رکھنا ضروری نہیں اور تنخواہ بھی ان کے لئے محض علامتی ہونی چاہئیے - انہیں مستقل طور پر جو اعزاز بخشا گیا ہے اور پندرہ سو روپیہ ماہانہ تنخواہ مقرر کی گئی ہے یہ کسی صورت میں بھی جائز نہیں ہے -

Mir Ali Mardan Khan Talpur: Sir, as the Bill relates to the salary and allowances of the Speaker and the Deputy Speaker, I suggest that it is embarrassing for you or the Deputy Speaker to remain in the Chair and hear all the remarks made by the honourable members. It is also embarrassing to the members to speak. I, therefore, suggest that one of the members on the panel of Chairmen may take over the Chair during the discussion of the Bill.

Mr. Speaker: In fact, I wanted to do the same thing myself, but none of the members on the penal of chairmen is present and I and the Deputy Speaker are in the same position. You may say anything you like, there is no embarrassment to me. The only embarrassment is that I have to give more latitude.

میاں منظور حسن—حضور والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ڈپٹی سپیکر کا منصب ایک نمائشی منصب ہے اور مستقل طور پر کوئی کام انہیں نہیں دیا گیا لیکن انہیں پندرہ سو روپیہ تنخواہ مستقل طور پر دی گئی ہے جس کے لئے کوئی وجہ جواز نہیں اور نہ ان کی لاہور میں مستقل رہائش کی ضرورت ہے - اگر انہیں کوئی اختیارات

مستقل طور پر تفویض کئے گئے ہوتے اور با قاعدہ طور پر انہیں کوئی کام دیا جاتا پھر تو واقعی انہیں یہ گراں قدر رقم ملنی چاہئے تھی لیکن صرف صاحب سپیکر کی عدم موجودگی میں کام کرنے کے لیے انہیں مستقل طور پر تنخواہ دینا میں سمجھتا ہوں کہ کسی طرح بھی جائز نہیں - یہ کام تو پینل آف چیئر مین میں سے کوئی صاحب بھی کر سکتے ہیں - سوائے اس کے کہ آپ طویل رخصت پر جائیں تو وہ قائم مقام سپیکر کی حیثیت سے آپ کی غیر حاضری میں کام کریں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس چیز کے لئے انہیں مستقل ملازم کی طرح تنخواہ دینا اور لاہور میں رہائش کا انکے انتظام ہونا کسی صورت میں مناسب نہیں - انہوں نے بے شمار وزیر اور نائب وزیر رکھے ہوئے ہیں - ان کے علاوہ پارلیمنٹری سیکرٹری بھی ہیں - ایک ڈپٹی سپیکر بھی مقرر کر دیا ہے اور اس کی پندرہ سو روپیہ ماہوار تنخواہ مقرر کر دی ہے -

جناب والا —جہاں تک موجودہ ڈپٹی سپیکر کا تعلق ہے وہ عظیم شخصیت کے مالک ہیں اور نہایت شریف انسان ہیں - میں ان کے متعلق نہیں بلکہ ان کے منصب کے متعلق بحث کر رہا ہوں - اس بل کے متعلق بہت سی چیزیں قابل غور ہیں اس لئے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ اس کو دو چار دن کے لئے ایک مجلس منتخبہ کے سپرد کر دیا جائے -

Mr. Speaker : Motion moved is:—

"That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958 be referred to a select committee consisting of the following:—'

(1) The Minister-in-charge.

(2) Mr. G. Allana; and

(3) The mover".

مخدوم محسن شاہ—(ضلع رحیم یار خان) جناب والا— اس بل پر کافی سے زیادہ تبصرہ ہو چکا ہے - میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا - میں مختصر الفاظ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہمارے ملک میں غیر معمولی طور پر زبوں حالی کا دور دورہ ہے - اور سپیکر کے فرائض اتنے اہم نہیں جتنی ان کو اہمیت دی جا رہی ہے - اس کے بغیر بھی با آسانی کام ہو سکتا ہے - لہذا میری یہ تجویز ہے کہ سپیکر کے فرائض انجام دینے کے لئے ہر اجلاس میں ایک ممبر کو اتفاق رائے سے منتخب کر لیا جائے تو بہتر ہو گا - اس طرح جو ممبر صدارت کے فرائض انجام دے گا وہ ایک منصف کی حیثیت سے کام

کریگا ۔ اس کو یہ خیال نہیں ہوگا کہ میں مستقل طور پر اس عہدہ پر فائض رہونگا ۔ اس وجہ سے وہ انصاف کو ہاتھ سے نہیں جانے دیگا ۔

جناب والا—وزراء صاحبان کو تو بہت کام کرنا پڑتا ہے لیکن سپیکر کا کام جو کہ اسمبلی کی ایڈمنسٹریشن سے تعلق رکھتا ہے وہ سیکرٹری بھی بخوبی انجام دے سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر—ہمارے آئین کے تحت سپیکر کا ایک مستقل عہدہ ہے ۔ آپ آئین کے خلاف باتیں کر رہے ہیں ۔

مخدوم محسن شاہ—اس ضمن میں میں یہ کہوں گا کہ یہ بہتر ہے کہ جو ممبر صدارت کے لئے مقرر کیا جائے اس کو دوسرے ممبران سے ایک روپیہ زیادہ الاؤنس دیا جائے ۔ ہمارے اضلاع کے حالات بہت خراب ہیں ۔ غریب لوگ بھوکے مر رہے ہیں ۔ چھوٹے چھوٹے زمیندار مالیہ بھی ادا نہیں کر سکتے کیونکہ ان میں ادا کرنے کی استطاعت نہیں ہوتی ۔ لہذا جس قدر ہو سکے اخراجات کو کم کرنا چاہئے ۔ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کو اتنی بڑی بڑی تنخواہیں دینے کی ضرورت نہیں ہے ۔ یہ عوام کے لئے ناقابل برداشت ہیں ۔ لہذا میری یہ تجویز ہے کہ ہر اجلاس میں ایک ممبر کو صدارت کے لئے مقرر کیا جائے اور اس کو ایک ممبر کی تنخواہ سے ایک روپیہ زیادہ دیا جائے ۔

چودھری محمد الطاف حسین—(ضلع جہلم)—جناب صدر— اس بل کی مختلف دفعات ہیں مگر جہاں تک سپیکر کے عہدہ کا تعلق ہے اس کو آئین میں لازمی قرار دیا گیا ہے ۔ اس معزز ایوان کو آنے والی روایات قائم کرنی ہیں ۔ جہاں تک انگلستان کی پارلیمنٹ کا تعلق ہے جس کو ہم Mother of Parliaments کہتے ہیں اور جس کو ہم جمہوری طرز حکومت کا سرچشمہ سمجھتے ہیں وہاں یہ قانون ہے کہ عام حالات میں سپیکر کا انتخاب گورنمنٹ پارٹی سے ہوتا ہے ۔

"PARLIAMENT" by Sir Ivor Jennings (2nd edition 1957).

"It would not be wise or allowable (he said) to propose any candidate taken from the Treasury bench; upon these grounds especially, that it would be most difficult, at any rate at present, to relieve any such person from the suspicion of partiality; that precedent does not run in this direction; and that a resort to such a measure, in critical times, would not be without a tendency to lower the dignity of the Chair by giving rise to a suspicion that the disposal of it had been made use of to serve the purposes of the Government".

مسٹر سپیکر—آپ تو یہ کہہ رہے ہیں کہ سپیکر کونسی پارٹی سے ہونا چاہئے - یہ سوال زیر بحث نہیں - یہ بل تو سپیکر کی تنخواہ کے متعلق ہے -

چودھری محمد الطاف حسین—صاحب صدر—ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہم اچھی روایات قائم کریں - سپیکر کا عہدہ ایسا نہیں ہونا چاہیے جس کو بطور لالچ دیا جا سکے - سپیکر کا عہدہ ایوان کی عظمت اور وقار کا نشان ہے - (قطع کلامیاں) جناب صدر—میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ سپیکر کا عہدہ باعزت اور با وقار عہدہ ہوتا ہے اور اس کے لیے تین ہزار روپیہ تنخواہ مقرر کر دینا صحیح نہیں ہے میں یہ عرض کو رہا ہوں کہ اگر میجارٹی پارٹی اس عہدہ کو لالچ کے طور پر استعمال کرے گی تو اس صورت میں اس عہدہ کی اہمیت کم ہو جائے گی - جہاں تک اس بل کی مختلف دفعات کا تعلق ہے ان میں چند ایک امور انتہائی قابل اعتراض ہیں - یہ تو تسلیم شدہ امر ہے کہ آپ یہ تنخواہ اور دیگر مراعات لیتے رہیں گے - مگر چونکہ ایوان کو یہ موقع نصیب ہوا ہے کہ اس امر کے متعلق اظہار خیال کر سکے اس لیے میں نے یہ گذارشات پیش کی ہیں - ان میں پہلی بات تو یہ ہے کہ اس تنخواہ کے ذریعہ اسکو لالچ کا عہدہ نہیں بننا چاہیئے دوسری بات یہ ہے کہ چونکہ سپیکر سٹیٹ کا ملازم نہیں ہے اس لیے اس کے لیے اتنی بڑی تنخواہ مقرر کرنا قرین انصاف نہیں ہے - سال میں چند دن اسمبلی کا اجلاس ہوتا ہے -

سید ذکر حسین شاہ—جناب والا—اس ہاؤس کے وقت کا تعلق اس ایوان کے ہر ممبر کے ساتھ ہے - یہ وقت بڑا قیمتی ہوتا ہے - اس لیے آپ کا یہ فرض ہے کہ اس کو ضائع نہ ہونے دیں - ان کو علم تو ہوتا نہیں اور بار بار ایک ہی بات دہرا کر ایوان کا وقت ضائع کرتے ہیں -

مسٹر سپیکر—شاہ صاحب آپ کا اعتراض تو ٹھیک ہے لیکن آپ حزب مخالف کی طرف منہ کر کے بات نہ کیا کریں آپ مجھے مخاطب کیا کریں -

سید ذکر حسین شاہ—جناب والا— آپ کو اختیار ہے کہ آپ ایوان کا وقت ضائع کرنے والوں کو روکیں اور ان کو ہدایت کریں -

خواجہ محمد صفدر—جناب والا—شاہ صاحب نے مسٹر محمد الطاف حسین صاحب کے متعلق یہ کہا ہے کہ ان کو کوئی سمجھ نہیں ہے اور وہ ایوان کا وقت ضائع کر رہے ہیں - آپ ان سے کہیں کہ وہ یہ الفاظ واپس لیں -

مسٹر سپیکر—شاہ صاحب کیا آپ نے یہ کہا ہے کہ ان کو کچھ پتہ نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر—انہوں نے یہ الفاظ کہے ہیں -

سید ذکر حسین شاہ—جناب والا—میں نے یہ بات اپنی سیٹ پر بیٹھ کر اپنے متعلق اپنے دوست مولوی محمد اسلام الدین صاحب سے کی تھی - میں اس وقت اپنی جگہ پر بیٹھ چکا تھا -

Khwaja Muhammad Safdar : The honourable member should be asked to withdraw the words. He has said that the member who is opposing this Bill (Ch. Altaf Hussain) does not know anything.

Mr. Joshua Fazal Din : Sir, only those words can be withdrawn which are addressed, through the Chair, to the House.

مسٹر سپیکر—جوشوا صاحب اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ اگر کوئی ممبر اپنی سیٹ پر بیٹھے ہوئے کوئی غیر پارلیمانی فقرہ کسی کے خلاف کہہ دے تو وہ اس کو واپس نہیں لینا چاہئے -

خواجہ محمد صفدر—جناب والا—ان سے کہیں کہ وہ اپنے الفاظ واپس لیں -

مسٹر سپیکر—شاہ صاحب نے کہہ دیا ہے کہ انہوں نے یہ الفاظ اپنے متعلق کہے تھے اس لیے واپس لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - اب اس معاملے کو ختم کریں تاکہ مسٹر محمد الطاف حسن اپنی تقریر جاری کر سکیں -

چودھری محمد الطاف حسین—جناب والا—دوسری بات یہ بھی ہے کہ اگر یہ ایوان وزراء یا صاحب سپیکر کو کوئی خاص مراعات عطا کرے تو پہلے ان مراعات کی جانچ پڑتال کرنے کے لئے ایک سب کمیٹی مقرر ہونی چاہئے - آپ کو معلوم ہے کہ ہندوستان میں جب بھی ان کا ایوان کوئی خاص مراعات کسی وزیر کو یا سپیکر کو دیتا ہے تو پہلے وہاں ایک سب کمیٹی مقرر کی جاتی ہے جو ان مراعات کا ابھی

طرح جائزہ لیتی ہے ۔ مگر جناب والا—ہماری حکومت نے بغیر کوئی کمیٹی بنائے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کو مراعات دینے کا اختیار اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے ۔ اس لئے جناب والا — میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ پہلے ایک سب کمیٹی مقرر کی جائے جو ان تمام مراعات کا جائزہ لے اور یہ تسلی کر لے کہ یہ مراعات حدود کے اندر دی جا رہی ہیں ۔ اب میں عرض کرتا ہوں کہ اس معزز ایوان کے ڈپٹی سپیکر کے عہدے کو تحریص ۔ لالچ اور لوبھ کا عہدہ بنا دیا گیا ہے ۔ جہاں تک میر غلام علی تالپور صاحب کا تعلق ہے ان کی حالت یہ ہے کہ وہ خود تو سنٹر کے وزیر—چھوٹا بھائی یہاں کا وزیر اور . . . . . .

Mr. Speaker: You are now making personal remarks against the honourable members of this House. Please take your seat.

قاضی مرید احمد—(ضلع سرگودھا)—جناب والا—صرف مخالفت برائے مخالفت کے اصول کے پیش نظر ہی یہ کہا جا سکتا ہے کہ جناب سپیکر صاحب کی تنخواہ کم کر دی جائے ورنہ حقیقت میں جناب سپیکر صاحب کا عہدہ جناب وزیر اعلےٰ صاحب کے عہدے سے کہیں اعلیٰ اور ارفع ہے (حزب مخالف کی طرف سے ہیر ہیر کی آوازیں) جب وزیر اعلیٰ اور دیگر وزراء صاحبان قوم کے خزانے سے تین تین ہزار روپیہ تنخواہ لیتے ہیں تو پھر میرے خیال میں جناب سپیکر صاحب کی تنخواہ کو ان وزراء کی تنخواہ سے کم کرنا نہ اس معزز ایوان کی شان کے شایاں ہے ۔ نہ قرین انصاف ہے اور نہ قرین مصلحت ہے ۔ (حزب مخالف کی طرف سے ہیئر ہیئر کی مسلسل آوازیں) مگر جناب والا—چونکہ اس وقت سپیکر صاحب اور ڈپٹی سپیکر صاحب کی تنخواہوں کا سوال زیر بحث ہے اس لئے میں مجبور ہوں کہ میں جناب چودھری فضل الٰہی صاحب کی ذات کے متعلق نہیں بلکہ سپیکر کے عہدے کے متعلق چند گذارشات پیش کروں ۔

صدر محترم—جس ملک کی حالت یہ ہو کہ وہ ۸۰ کروڑ روپیہ کا اناج باہر کے ملکوں سے منگوائے ۔ جو اسلحہ کے لئے غیر ممالک سے دریوزہ گری کرتا پھرے اور جس کے کارخانے ایک پرزے کی خرابی کی وجہ سے کئی کئی ماہ تک

بند پڑے رہیں اس ملک کے ایوان کے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کو اس قدر فراخ دلی سے مراعات دینا اور اتنی بڑی رقم بطور تنخواہ دینا غیر ضروری اور غیر مناسب ہو گا اور میرے خیال میں ملک و ملت کے ساتھ بہت بڑی بے انصافی اور زیادتی ہوگی -

میں اپوزیشن بینچوں پر بیٹھنے کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک عام شہری کی حیثیت سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ اس وقت لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں افراد اس ملک کے ایسے ہیں جن کو روز مرہ کی ضروریات زندگی تو کجا کھانے پینے کی چیزیں بھی میسر نہیں ہیں - یہ ڈکیتیاں - یہ چوریاں کیوں ہو رہی ہیں - محض اس لئے کہ قوم کے یہ امین قومی خزانہ کو غلط طریقہ سے خرچ کرتے ہیں - آبادی کا ۹۵ فیصد حصہ یقیناً خزانہ سے محروم رہ جاتا ہے - اسے کوئی فائدہ نہیں پہونچتا - اور صرف پانچ فیصد اشخاص پر قوم کی گاڑھے پسینہ کی کمائی اس طرح خرچ کی جاتی ہے جیسے وہ مال غنیمت ہو -

صاحب صدر—میں نہایت ادب سے آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ یہاں سے چند میل دور جو ملک ہے یعنی ہندوستان وہاں کے وزیر تو پندرہ سو روپیہ پر گزارا کرتے ہیں لیکن ہمارے یہاں کے یہ وزیر - یہ لاڈلے - یہ کوٹھیوں میں رہنے والے تین تین ہزار چار چار ہزار روپیہ میں اپنا گزارا نہیں کر سکتے ہیں -

مسٹر سپیکر—دیکھئے قاضی صاحب وزراء کی تنخواہوں کا مسئلہ زیر بحث نہیں ہے - آپ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کی تنخواہوں کے متعلق فرمائیے -

قاضی مرید احمد—بہت اچھا جناب—تو جناب جس ملک کے عوام کی یہ حالت ہو کہ دس گیارہ سال کا عرصہ گذر جانے کے باوجود ان کی تعلیمی حالت کا یہ عالم ہے کہ آج ملک میں تعلیم یافتہ حضرات کی تعداد ساڑھے چودہ فیصد سے زیادہ نہیں ہے -

میر علی احمد خاں تالپور—جناب یہ بجٹ کی عام بحث نہیں ہے -

مسٹر سپیکر—یہ بجٹ کی جنرل ڈسکشن نہیں ہے۔ آپ تو قاضی صاحب عرصہ سے اسمبلی میں ہیں۔ آپ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کی تنخواہوں کے متعلق فرمائیے۔ جس طرح آپ کہہ رہے ہیں اس طرح تو دنیا کی ہر چیز relevant ہو جاتی ہے۔ آپ اتنا کہہ سکتے ہیں کہ ہماری اقتصادی حالت ایسی ہے۔ یا عام لوگوں کی آمدنی ناکافی ہے۔ جس کی بنا پر اتنی تنخواہ نہیں دی جانی چاہئے۔

قاضی مرید احمد—میں آپ کے حکم کی تعمیل کروں گا۔ صدر محترم اس نئے آزاد ملک کے سپیکر کا ایسی حالت میں تین ہزار روپیہ ماہوار لینا جبکہ عوام کو صبح شام کھانے کو روٹی میسر نہیں یقیناً باعث فخر نہیں۔ اور ایسی حالت میں ہمارا یہ دعویٰ کہ ہمارا ملک ایک اسلامی جمہوری ملک ہے کہاں تک جائز ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ تین ہزار لیکر ایسی حالت میں قوم پر اور قوم کے خزانہ پر کوئی احسان نہیں کریں گے۔ اور صرف تین ہزار نہیں بلکہ جیسا کہ میرے دوستوں نے فرمایا ہے کہ اگر ان مراعات کو جو انہیں تنخواہ کے علاوہ حاصل ہیں یکجا کر لیا جائے تو ان کی تنخواہ دوگنی ہو جاتی ہے۔ اب میں آپ کے سامنے ایثار اور حب الوطنی کا ایک واقعہ پیش کرتا ہوں۔ آپ سب کو معلوم ہے کہ پچھلے دنوں حکومت نے چند مکینک جاپان سے منگوائے تھے۔ ضلع منٹگمری میں ان کی رہائش کے لئے ایک کوٹھی کا انتظام کیا گیا۔ اس کی آرائش پر پندرہ ہزار روپیہ خرچ کیا گیا۔ لیکن جب وہ مکینک اس کوٹھی میں قیام کرنے کی غرض سے گئے تو انہوں نے وہ سامان نکلوا کر باہر پھینکوا دیا۔ اور کہا کہ جنگ عظیم میں ہمارے ملک کو شکست فاش ہوئی ہے۔ ابھی ہم اس قابل نہیں ہیں کہ اس شاندار کوٹھی میں رہیں۔ جناب والا۔ دنیا کی زندہ قومیں اس طرح جیا کرتی ہیں۔ اس ملک میں انہوں نے ہزاروں کا خون زابہ کرایا لیکن اس کے باوجود ہماری یہ حالت ہے کہ جن لوگوں کے ہاتھ میں اقتدار آتا ہے۔ جن لوگوں کے ہاتھ میں خزانہ آتا ہے وہ اس کو اس طرح

سے لوٹتے ہیں گویا وہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ ان کو روکنے والا کوئی نہیں ۔

جناب والا ۔ اب میں ڈپٹی سپیکر کے متعلق صرف اس قدر کہہ سکتا ہوں کہ یہ عہدہ بالکل غیر ضروری ہے ۔ اس کو ختم کر دینا چاہئے ۔

ایک آواز— یہ عہدہ تو آپ کی مسلم لیگ ہی نے بنایا تھا ۔

قاضی مرید احمد— جناب والا ۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ مسلم لیگ کو مطعون کیا جاتا ہے ۔ اس پر الزام لگایا جاتا ہے کہ اس نے یہ کیا وہ کیا ۔ یہ میرے دوست بڑے بھلے مانس ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا مسلم لیگ نے کبھی کسی ڈپٹی سپیکر کو جنم دیا یا کسی ڈپٹی منسٹر کو جنم دیا ۔ پندرہ سو روپیہ میں ڈپٹی سپیکر کا یہ عہدہ داشتہ بکار آید کے مصداق ہے ۔

میر علی احمد خاں تالپور— دستور کس گورنمنٹ نے بنایا ہے ۔

قاضی مرید احمد— ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ جن صاحب سے متعلق ہے ان سے میں ذاتی طور پر واقفیت نہیں رکھتا ہوں لیکن اتنا عرض کروں گا کہ یہ عہدہ بالکل غیر ضروری ہے اور یہ عہدہ خاص وجوہ کی بنا پر قائم کیا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر— یہ آئین میں ہے ۔ ایسا آئین کے مطابق کیا گیا ہے ۔

قاضی مرید احمد— آخر میں میں مختصراً عرض کروں گا کہ ملک کے عوام کی حالت کے پیش نظر ان کو کم تنخواہ دی جانی چاہئے ۔

مسٹر غلام مصطفےٰ خاں بھرگری— (ضلع تھر پارکر)— جناب والا ۔ بل زیر بحث کے متعلق ابھی میرے بہت سے دوستوں نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ مختلف دلائل پیش کئے ہیں ۔ خاصکر میرے محترم دوست میاں محمد شفیع

اور میاں منظور حسن نے اس کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے جو دلائل پیش کئے ہیں انہیں کی بنا پر۔ انہیں خیالات کے پیش نظر میں اس تحریک کی تائید کرتا ہوں کہ اسے منتخب کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے۔

جناب والا۔ ہمارے ڈپٹی سپیکر جو ماہ رمضان میں آئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ انہیں ان کا عہدہ پوری طرح تفویض نہیں کیا گیا ہے۔ لیکن اس کے باوجود سپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے میں کہوں گا کہ ان کی تنخواہیں اور الاؤنس زیادہ ہونے چاہئیں کم نہیں ہونے چاہئیں۔ ان کے عہدے کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ دستور کے تحت نیشنل اسمبلی کا سپیکر صدر مملکت کی عدم موجودگی میں۔ جبکہ وہ کہیں باہر چلا جائے اس کا قائم مقام ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ریپبلک بن جانے کے بعد جمہوریہ بن جانے کے بعد سپیکر تمام ملک کے نمائندوں کا جو نمائندہ ہاؤس ہے اس کا منتخب نمائندہ ہے۔ س کا عہدہ عظیم ذمہ‌داریوں کا حامل ہے۔ اس جمہوریہ کو چلانے کے لئے۔ اس ریپبلک کو چلانے کے سلسلہ میں اس کے کندھوں پر بڑی ذمہ داریاں ہیں۔ دنیا کے ہر ملک میں جہاں جمہوری نظام حکومت ہے اگر اسپیکر ہاؤس کی کارروائی بہتر سے بہتر طور پر نہ چلائیں۔ ٹھیک طور پر نہ چلائیں تو نظام حکومت چل نہیں سکتا۔ لہذا آپ نے اس کے حقوق پر اس کے rights پر کسی قسم کی پابندی عائد کر دی تو یاد رکھئے کہ جمہوری نظام حکومت چل نہیں سکتا۔ اس کو صحیح طور پر چلانے۔ ٹھیک طریقے سے چلانے۔ اچھی طرح سے چلانے کی غرض سے جتنی بھی ذمہ داریاں ہو سکتی ہیں وہ سپیکر پر عائد ہوتی ہیں۔ اس لئے چونکہ ہمارے ملک میں بھی جمہوری نظام حکومت ہے میری رائے میں سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا عہدہ بہت بڑا، ذمہ‌داریوں کا عہدہ ہے۔ وہ ایک بڑی چیز ہے اور اس کو اسی طرح سے رکھا جائے کہ وہ تمام چیزوں سے آزاد

ہو۔ جناب والا ۔ آپ نے جس عمدہ طریقے سے ۔ اچھے طریقے سے اس ہاؤس کو چلایا یا جس طرح اس کو چلا رہے ہیں ۔ دوسرا آدمی خواہ وہ زیادہ ذہین ہو ۔ وہ اس کو ان حالات میں اس سے بہتر نہیں چلا سکتا تھا ۔ سپیکر کا عہدہ میرے خیال میں بالکل free ہونا چاہئے ۔ اس پر کوئی پابندی نہیں ہونی چاہئے ۔ اس کی تنخواہ اور الاؤنس اتنے ہونے چاہیئے کہ وہ تمام چیزوں سے بے نیاز ہو کر اپنے فرائض سر انجام دے سکے اور ہاؤس کے حقوق اور ممبروں کے privileges بہتر سے بہتر طور پر تحفظ کرتے ہوئے ہاؤس کی کارروائی چلائے ۔ کوئی بر سر اقتدار ہو اس پر اس کی طاقت کا دباؤ نہ پڑ سکے ۔ وہ حکومت سے متاثر نہ ہو سکے مرعوب نہ ہو سکے ۔

تو جناب والا ۔ ان ذمہ داریوں اور عہدہ کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کی تنخواہیں بہت زیادہ نہیں ہیں ۔ وہ ان سے بھی کہیں زیادہ کے مستحق ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کو چلانے کے لئے سپیکر کو زیادہ دینا پڑے گا ۔ میں پیرزادہ صاحب کی توجہ اس امر پر مبذول کراؤں گا ۔ وہ بخوبی جانتے ہیں کہ وحدت کے قیام سے قبل میر غلام علی خان تالپور نے سنٹرل منسٹری پر سندھ اسمبلی کی سپیکری کو ترجیح دی تھی ۔ انہوں نے اس کو زیادہ اہم سمجھا تھا ۔ کیا یہ چیز اس عہدہ کی اہمیت کو واضح کرنے کے لئے پیش کرنا کافی نہیں ۔ کیا اس سے اس عہدہ کی اہمیت عیاں نہیں ہوتی ۔ تو جب تک آپ سپیکر کو زیادہ مضبوط نہ کریں گے ۔ جب تک وہ بالکل آزاد نہ ہوں گے ۔ ہمارے ملک میں جمہوریت نہیں چل سکے گی ۔ اگر آپ ایسا کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں تو بہتر یہی ہے کہ ہم جمہوری نظام حکومت کو ختم کر دیں ۔ اس لئے میں کہوں گا کہ اس بل کو منتخب کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے ۔

Mr. Abdus Sattar Pirzada : (MINISTER OF FINANCE AND LAW): Sir, the closure motion be now put.

Syed Shamim Hussain Qadri: Sir I want to oppose this Bill.

Mr. Speaker: The question is:—

That the question be now put.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is:

"That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958, be circulated for eliciting public opinion."

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is:

"That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges), Bill, 1958, be referred to a Select Committee consisting of the following:—"

(1) The Minister-in-Charge;
(2) Mr. G. Allana; and
(3) The Mover.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958 be taken into consideration at once.

The motion was carried

Sheikh Muhammad Saeed: Sir, the Assembly Rules of Procedure lay down:—

"When Bill is introduced or on some subsequent occasion the member-in-charge may make one of the following motions in regard to his Bill, namely:—

(a) that it be taken into consideration by the Assembly either at once or at some future day to be then specified; or

(b) that it be referred to a Select Committee; or

(c) that it be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon by a date to be specified in the motion;

"Provided that no such motion shall be made until after copies of the Bill have been made available for the use of members, and that any member may object to any such motion being made unless copies of the Bill have been so made available for five clear days before the day on which the motion is made and such objection shall prevail unless the Speaker, in the exercise of his power to suspend this rule, allows the motion to be made".

Now, Sir, this Bill was presented on the 27th and it was made available to the members on the 28th.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : (CHIEF MINISTER) Sir, I am afraid he cannot raise this point now. It is the second reading of the Bill.

Mr. Speaker: Sheikh Muhammad Saeed, please take your seat. It was published in the gazette and the Government had asked me to suspend this rule and I had suspended the rule.

Khwaja Muhammad Safdar: If you have fixed the time limit in respect of Bills, I earnestly request you to save time for other motions.

Mr. Speaker: Amendments, which have been received, will be permitted to be moved.

Sheikh Muhammad Saeed : Then it is alright.

Clause 2

Mr. Speaker: The question is:

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Mr. Speaker: Mr. Saeed, you may move your amendment please.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Sir, I have not got the copy of it.

Sheikh Muhammad Saeed: (JHANG DISTRICT): Sir, I beg to move:

That in sub-clause 3 of clause 3 for the words "three thousand" the words "one thous and" be substituted.

Mr. Speaker: The question is:

That in sub-clause 3 of clause 3 for the words "three thousands" the words "one thousand" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is:

That clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 4

Mr. Speaker: Yes, Mian Manzoor-i-Hassan.

Mian Manzoor-i-Hasan: (DISTRICT GUJRANWALA): Sir, I beg to move:—

That for sub-clause (2) of clause 4 the following be substituted:—

"(2) Whenever, the Speaker, is on leave, for period not less than a month, the Deputy Speaker, during such period of absence of the Speaker, shall be entitled to the use, without payment of rent of a furnished house provided and maintained by Government. If no such house is provided by the Government, the Deputy Speaker shall be paid a house-rent allowance for such period at the rate of Rs. 250 per mensem in lieu thereof".

حضور والا - میں نے یہ عرض کیا تھا کہ ڈپٹی سپیکر کا جو عہدہ ہے ہمارے آئین میں اس کے جو اختیارات بتائے گئے ہیں وہ یہ ہیں :—

Article 87 (3)—"While the office of Speaker is vacant, or the Speaker is for any reason unable to perform the duties of his office, those duties shall be performed by the Deputy Speaker, or if office of the Deputy Speaker is also vacant, by such member of the Assembly as the Governor may appoint for the purpose; and during any absence of the Speaker from any sitting of the Assembly the Deputy Speaker, or if he also is absent, such person as may be determined by the rules of procedure of the Assembly, shall act as Speaker".

جناب والا - ڈپٹی سپیکر نے اپنے فرائض جزوی طور پر انجام دینے ہیں - اور یہ وہ فرائض ہیں جنہیں ایک عام ممبر بھی سر انجام دے سکتا ہے - ان کے فرائض کی انجام دہی ہمہ وقتی نہیں ہے بلکہ عارضی ہے - جب صاحب سپیکر غیر حاضر ہوں یا کسی اور وجہ سے اپنے فرائض کی انجام دہی سے قاصر ہوں - اس لئے اس عہدہ کی تنخواہ کل وقتی عہدہ کے طور پر مقرر کرنا خلاف آئین اور خلاف ضابطہ ہے -

مخدوم زادہ سید حسن محمود— کون سے آئین کے خلاف ہے ؟

میاں منظور حسن— میں آئین کی دفعہ ۸۷ کا حوالہ دے چکا ہوں ۔ اس میں درج ہے کہ ڈپٹی سپیکر کے فرائض کب معرض وجود میں آتے ہیں ۔ ہر وقت ان کی کوئی گنجائش نہیں ہے ۔

It is only when the Speaker is not able to perform his duties or his office is vacant.

تو جناب والا— ڈپٹی سپیکر نے اپنے فرائض اس وقت سر انجام دینے ہیں جب سپیکر اپنا منصب خالی کرے یا کسی اور وجہ سے وہ اپنے فرائض سر انجام نہ دے سکے ۔ یہ منصب اور اس کے فرائض عارضی ہیں ۔ اس لئے اس کی مستقل تنخواہ مقرر کرنا میرے خیال میں مناسب نہیں ۔

پھر جناب والا ۔ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے جتنے مواجبات ہیں ان کو فنانس کمیٹی متعین کر سکتی ہے ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں آئین کا حوالہ دے دوں ۔

Article 97— "The following expenditure shall be charged on the Provincial Conslidated Fund :—

(*a*) (*iii*) the Speaker and Deputy Speaker of the Provincial Assembly".

اس کے بعد جناب شیڈول ۴ کی ضمن ۱۲ میں یہ درج ہے :—

Schedule 4— "12 (1) The expenditure of a Provincial Assembly, within the limits sanctioned under the Government of India Act, 1935, or within, the limits of the Appropriation Act for the time being in force, shall be controlled by that Assembly acting on the advice of its Finance Committee".

اس لئے الاؤنس وغیرہ کو گورنمنٹ کا اس طرح متعین کرنا خلاف آئین ہے ۔ میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ ڈپٹی سپیکر کی مستقل تنخواہ نہیں ہونی چاہیئے ۔ البتہ جب وہ ایک مہینے سے زیادہ عرصے کے لئے قائم مقام سپیکر رہے تو اس وقفہ کے لئے انہیں مفت رہائشی مکان یا ۲۵۰ روپیہ ماہوار دئے جائیں ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں درخواست کروں گا کہ میری یہ ترمیم منظور فرمائی جائے ۔

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, the honourable member has referred to Article 87 of the Constitution. May I refer him to the first part of the Article which says; that there shall be a Speaker and Deputy Speaker. It reads as follows :—

"Every Provincial Assembly shall, as soon as may be, choose two of its members to be respectively Speaker and Deputy Speaker thereof and, so often

as the office of Speaker or Deputy Speaker become vacant, the Assembly shall choose another member to be Speaker or Deputy Speaker, as the case may be".

Therefore, Sir, there are two permanent posts to be recreated under the Constitution and they must exist. Now the question of their salary has to be decided by this House.

Again, Sir, I refer him to Part IV of the Fourth Schedule of the Constitution which says :—

"Until a Provincial Legislature by-law otherwise provides, the remuneration and other privileges of persons holding offices mentioned in column 1 of the Table below shall be the same as were admissible, immediately before the Constitution Day,.....".

Now, Sir, in the Table item No. 5 is "Speaker of a Provincial Assembly" and item No. 6 is "Deputy Speaker of a Provincial Assembly".

Sir, it is clear from this that you have got to make provision for two offices and you have got to pay them the salary under the Constitution and the salary is to be determined by this honourable House.

May I remind the honourable member that the Deputy Speaker of the National Assembly, Mr. C. E. Gibbon, is receiving two thousand, five hundred rupees for a similar job for which we propose to pay Rs. 1,500.

Mr. Speaker: The question is—

That for sub-clause (2) of clause 4 the following be substituted:—

"(2) Whenever, the Speaker, is on leave, for period not less than a month, the Deputy Speaker, during such period of absence of the Speaker, shall be entitled to the use, without payment of rent of a furnished house provided and maintained by Government. If no such house is provided by the Government, the Deputy Speaker shall be paid a house-rent allowance for such period at the rate of 250 per mensem in lieu thereof.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Sheikh Muhammad Saeed, there are two amendments standing in your name. You can move both of them together.

Sheikh Muhammad Saeed (JHANG DISTRICT) : Sir, I beg to move:

"That in sub-clause (1) of clause 4 the words "one thousand and" appearing in line 2 be deleted".

Sheikh Muhammad Saeed (JHANG DISTRICT) : Sir, I beg to move :

"That in sub-clause (3) of clause 4, the words "for Class I Officer" be inserted after the word 'prescribed' appearing at the end.

جناب والا۔ سابقہ پنجاب میں اور دوسرے چھوٹے صوبوں
میں بھی ڈپٹی سپیکر کا عہدہ ہوا کرتا تھا لیکن میرے
علم کا جہاں تک تعلق ہے باقی صوبوں میں بھی اور
بالتخصیص سابقہ پنجاب میں ڈپٹی سپیکر کی تنخواہ پانچ سو
روپیہ سے کبھی متجاوز نہیں ہوئی ۔ اور تقسیم سے پہلے اور
تقسیم کے بعد یہ تنخواہ پانچ سو روپیہ دی جاتی رہی ہے ۔
مگر حیرت ہے کہ آج جبکہ ملک میں غربت کا دور دورہ
ہے ۔ آج جبکہ لوگوں کی اقتصادی حالت کل سے زیادہ تباہ
و برباد ہو رہی ہے ۔ آج جبکہ دنیا میں ہر طرف تخفیف
خرچ کی پکار ہو رہی ہے ۔ اور آج جبکہ ملک میں آپ

کمیٹیاں بنا رہے ہیں تا کہ خرچ میں تخفیف کی جائے اور وہ کمیٹیاں بڑھتی جا رہی ہیں اور بڑے غور و فکر کے بعد فیصلے کرتی ہیں ۔ (اگرچہ ان کے غور و فکر کے بعد خرچ پہلے سے کم ہونے کی بجائے زیادہ ہو جاتا ہے) آج ان حالات میں آپ ڈپٹی سپیکر کے لئے یہ رقم بطور تنخواہ کے منظور کرنا چاہتے ہیں اور اس خرچ کو کم کرنے کی بجائے تین گنا بڑھا رہے ہیں ۔

جناب والا— جہاں تک اتنی بڑی تنخواہ کا تعلق ہے، ڈپٹی سپیکر کی ذاتی شخصیت سے قطع نظر کیا یہ درست نہیں ہے کہ سپیکر کو اگر سال میں بائیس تیئیس دن کام کرنے کا موقع ملتا ہے تو اس کے مقابلے میں ۳۶۵ دن کے کل گھنٹوں میں شاید چار گھنٹے بھی ایسے نہ ہوں گے کہ جن میں ڈپٹی سپیکر صاحب نے کلیتاً اس ہاؤس کی صدارت کی تکلیف فرمائی ہو ۔ مجھے حیرت ہے کہ صرف ان دو یا چار گھنٹوں کی تکلیف کے لئے ڈپٹی سپیکر کو اس قدر گرانقدر معاوضہ دیا جائے ۔ جہاں تک ہمارے اوسط خاندانوں کا تعلق ہے اس تنخواہ سے کم از کم پندرہ خاندان پالے جا سکتے ہیں ۔ (ایک آواز ۔ آپ پندرہ کہتے ہیں ۔ اس سے تو کم از کم سو خاندان پل سکتے ہیں) ۔ افسوس کہ یہاں ہمارے اس معزز ایوان کے ڈپٹی سپیکر کو تو اس قدر تنخواہ دی جاتی ہے ۔ مگر اس کے مقابلے میں ایوان سے باہر ایک چپڑاسی کی تنخواہ صرف پچاس روپے ماہوار ہے جس سے اسے اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ پالنا ہوتا ہے ۔ انہیں تعلیم دینا ہوتی ہے اور اسی میں مکان وغیرہ کا بندوبست کرنا ہوتا ہے ۔ اس بیچارے کے لئے تو ہمارے پاس صرف پچاس روپے ہیں اور جن صاحب نے سال بھر میں صرف چند منٹ کام کرنا ہوتا ہے ان پر حکومت اس قدر بخشش کر رہی ہے ۔ یہ کثیر اور گرانقدر رقم ہم ان حالات میں دے رہے ہیں جب کہ ہمارے عوام اور ہماری پبلک مہنگائی کی وجہ سے چیخ و پکار کر رہی ہے ۔ مگر ہماری حکومت ایک ایک ووٹ حاصل کرنے کے لئے ۔ ایک ایک رائے

دھندہ کو رشوت دینے کے لئے اور ایک ایک شریف انسان کو اپنے مقصد کے لئے استعمال کرنے کی غرض سے اس عہدہ کی اتنی بڑی تنخواہ مقرر کر رہی ہے - اور یہ کہاں سے دے رہی ہے اس روپے میں سے جو غریبوں کا خون چوس کر اکٹھا کیا جاتا ہے -

Mr. Speaker: You are using this expression again and again.

راجا گل محمد خون— جناب اگر حکومت بار بار غریبوں کا خون چوس رہی ہے تو اس کے متعلق بار بار کچھ عرض کرنے میں کیا حرج ہے -

مسٹر سپیکر— اب قاضی مرید احمد کی ترمیم پیش کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

Mr. Abdus Sattar Pirzada : You can put the amendments of Sheikh Muhammad Saeed to vote; if they are defeated, the other amendments automatically fall out.

قاضی مرید احمد (ضلع سرگودھا)—صدر محترم - میں جناب شیخ محمد سعید صاحب کی ترمیم کی حمایت کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں - انہوں نے تجویز پیش کی ہے کہ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب کو پندرہ سو کی بجائے پانچ سو روپے ماہوار تنخواہ دی جائے - اگرچہ میں سرے سے ہی اس عہدہ کا مخالف ہوں تاہم جیسا کہ میرے واجب الاحترام دوست نے فرمایا ہے - میں سمجھتا ہوں جناب ڈپٹی سپیکر کو کام کے لحاظ سے پندرہ سو روپے ماہوار تنخواہ دینے سے اس سے بڑا ظلم اس صوبے کے غریب عوام پر شاذ و نادر ہی ہوا ہوگا - کیونکہ جتنے منٹ ڈپٹی سپیکر صاحب اس کرسی پر تشریف رکھتے ہوں ان کے لئے انہیں تو اتنا بڑا معاوضہ دیا جاتا ہے لیکن عام حالات میں ملازمین کو نہایت ہی قلیل تنخواہیں دی جاتی ہیں - اور وہ بھی اتنی قلیل کہ فی زمانہ ان کا گزارہ بھی ممکن نہیں - میں سمجھتا ہوں ان حالات میں ہم اپنی قوم کے ساتھ بہت بڑا ظلم اور بے انصافی کریں گے اگر ہم بھی بغیر سوچے سمجھے اس طرح اس بل پر انگوٹھا لگا دیں جس طرح جناب وزیر خزانہ نے اسے تجویز فرما دیا ہے - در اصل اپوزیشن کے بنچوں پر بیٹھ کر سب سے بڑی خدمت جو ملک و قوم کی سرانجام دی جا سکتی

ہے یہ ہے کہ حکومت کے غیر مناسب اور بیجا کاموں کو طشت از بام کیا جائے اور قوم کو ان سے آگاہ کیا جائے بشرطیکہ صاحب سپیکر ہمیں ہمارے جائز حقوق سے محروم نہ رکھیں -

حضور والا - میں نے اس بل کے متعلق اپنی ترامیم بھیج دی تھیں - مگر وہ مطبوعہ ترامیم میں نہیں ہیں - نہ وہ مجھے پہنچی ہیں - اور نہ خواجہ محمد صفدر صاحب اور شیخ محمد سعید صاحب کو پہنچائی گئی ہیں - یہ تو آپ کے دفتر کا فرض تھا کہ وہ ہمیں یہ ترامیم پہنچاتا -

مسٹر سپیکر— آج آپ کو پہنچا دی گئی ہیں اور آج کے ایجنڈے پر بھی آ گئی ہیں -

قاضی مرید احمد— جی ہاں - آج صبح پہنچی ہیں - بہر صورت جناب مجھے اپنی معروضات تو مکمل کرنے دیجئے -

مسٹر سپیکر— وہ تو مکمل ہو چکیں - اب آپ تشریف رکھئے -

Mr. Speaker : The question is—

(1) That in sub-clause (1) of clause 4, the words 'one thousand and' appearing in line 2 be deleted.

(2) "That in sub-clause (3) of clause 4, the words 'for a Class I Officer' be inserted after the word 'prescribed' appearing at the end.

The motion was lost.

Clause 4

Mr. Speaker: The question is—

That clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 5

(*Amendment to clause 5 not moved*).

Mr. Speaker : The question is—

That clause 5 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker: The question is—

That the Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Short Title

Mr. Speaker: The question is—

That clause 1 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958 be passed.

Mr. Speaker: Motion moved is—

That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958 be passed.

Mr. Shamim Hussain Qadri (LAHORE DISTRICT): Sir, I have this very unpleasant duty to bring to your kind notice that this Bill which we are passing today, does not provide proper facilities, privileges and remuneration for the High Office of the Speaker and the Deputy Speaker of this August House. There is no doubt that the office of the Speaker is a High office and its dignity must be maintained and the dignity of the Speaker should be maintained, according to the status, which we think normally persons of high calibre must maintain. Sir, the remuneration which the Government has fixed by this piece of legislation is too small. The Chief Minister or the Ministers are enjoying greater and better privileges than what the Speaker of this August House will be getting by this legislation.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Ministers' salaries and privileges are the same as those of the Speaker.

Mr. Shamim Hussain Qadri : I have seen the garden of Mr. Speaker's residence and also I have seen the gardens of the Ministers' residences. There is quite a difference. Sir, for Ministers' residences there is a certain standard fixed for furnishing their residences. I see no reason why the same standard should not be maintained for the Speaker's residence.

Sir, the office of the Speaker is a very important office and nobody will take this Chair and this unpleasant task to receive volleys of canons having canons to the right of him, canons to the left of him and canons in front of him, volleys and thunders. It is a very arduous task, and an eminent person who is from the profession of law would not like to accept this Office, unless the remuneration is fixed according to the dignity of the Chair.

Sir, the position of the Speaker, as determined in the House of Commons, is so great that he controls not only the proceedings of the House but the entire administration of the Assembly premises. No outsider can come and interfere in his job until and unless he permits that officer to do so. He has a greater responsibility and according to his responsibility you must pay him in order to allow him to keep up a proper status. Sir, I do not agree with the objection raised by some of the members regarding your pay, until and unless you cut down the pay of Ministers; after all, the Ministers are not performing higher duties than those of the Speaker. The Ministers are getting much more than what they should have. The question of a cut in the Speaker's salary, therefore, does not arise. Rather the Speaker should get more in view of his higher status than that of the Ministers. Sir, the position of the Speaker in this House is really important as we have to bow before you and to his rulings.

A member: He is repeating, Sir.

Syed Shamim Hussain Qadri: Have you understood really what I am saying.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : You did not move an amendment to give him a higher salary. You should have said that we should pay him Rs. 500 more.

Syed Shamim Hussain Qadri: It is for you to do so. Sir, I think they are not in a mood to hear what I am saying. I, therefore, don't want to speak.

چودھری محمد الطاف حسین (ضلع جہلم) — جناب صدر۔ جہاں تک سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کی تنخواہوں اور دیگر الاؤنسز کا تعلق ہے میں صرف یہ عرض کروں گا کہ سپیکر کا عہدہ بہت با عزت اور با وقار ہے لیکن ہاؤس آف کامنز

کے کئی سپیکروں کے متعلق آپ کو معلوم ہوگا کہ انہوں نے اپنی جائیں گنوا دیں -

مسٹر سپیکر—مسٹر الطاف حسین - آپ مجھے threaten کرنا چاہتے ہیں میں آپ کو مزید کچھ کہنے کی اجازت نہیں دے سکتا - اس لئے آپ تشریف رکھیں -

Mian Muhammad Shafi (MONTGOMERY DISTRICT): Sir, in the Bill not a comma, not a word has been changed. To that extent it means that the emoluments suggested for your honour and for the Deputy Speaker stand in tact. I have no objection to the passage of the Bill as such. As a matter of fact, if you will kindly recall I suggested that the salary of the Speaker should be higher than that of the Ministers and I cited instances of the House of Commons, where a Minister gets a salary of £. 4,000 per annum, the Speaker was entitled to £. 6,000 per annum and came very much nearer the Prime Minister of that country. My only objection to the whole thing is this that our national income does not warrant such high salaries. It is a criminal waste of public funds in the background of our people drabling in poverty and misery. It is indeed a lavish expenditure which is not warranted by the factors of economy of our country. But since the Ministers have set a pace for salaries and since the Ministers have set up a precedent to receive higher emoluments, one, in that context, cannot question the right of the Speaker to receive an emolument approximating them. But I wish, Sir, that while we agree to give assent to this Bill,—and I have given expression to the desires and yearnings of millions of this country—we should be functioning democracy in its true sense. We shall not be functioning like dictators.....

Mr. Speaker: Utterly irrelevant. Please resume your seat.

The question is—

That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958, be passed.

Voices: (DIVISION): Let us go to the lobbies..

Rana Gul Muhammad Noon: Sir, even if it is an opposition of ten people. I think it is their right to demand a division and have their votes recorded. You see the rules. It is not the question of majority or a minority; it is also to show to the outside world and to place it on record as to who are the people, who voted against it and who voted in favour.

Mr. Speaker: Please read rule 63. Posterity will know by your speeches.

The question is—

That the West Pakistan Provincial Assembly Speaker and Deputy Speaker's (Salaries, Allowances and Privileges) Bill, 1958, be passed,

On count of the House, the motion was carried.

THE WEST PAKISTAN ESSENTIAL SERVICES MAINTENANCE BILL, 1957

Mr. Abdus Sattar Pirzada (LAW MINISTER): Sir, I beg to introduce the West Pakistan Essential Services (Maintenance) Bill, 1957.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Essential Services (Maintenance) Bill, 1957, be taken in to consideration at once.

Mr. Speaker: Motion moved is—

That the West Pakistan Essential Services (Maintenance) Bill, 1957, be taken into consideration at once.

Mian Manzoor-i-Hassan: (GUJRANWALA DISTRICT): Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Essential Services (Maintenance) Bill, 1957, be circulated for eliciting public opinion thereon by the 30th March 1958.

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر کرسی صدارت پر تشریف فرما ہوئے) -

جناب والا ۔ اس بل کو اگر اسی طریق پر منظور کر لیا جائے تو اس کے نتائج بہت دور رس ہونگے اور حکومت ہر قسم کے اداروں پر خواہ وہ سرکاری ہوں یا غیر سر کاری مکمل طور پر حاوی ہو جائیگی ۔ اور اس کا یہ مطلب ہوگا کہ پرائیویٹ اداروں کی آزادی ختم ہو جائیگی اور حکومت ان پر مکمل طور پر سے اثر انداز ہو گی ۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ اس بل کو رائے عامہ دریافت کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے ۔

جناب والا ۔ اگر یہ بل منظور ہو گیا تو یہ اسمبلی اپنے بنیادی فرض تحفظ شخصی آزادی سے دست بردار ہو جائیگی اور یہ اپنے فرائض کو کما حقہ ادا کرنے سے قاصر رہیگی ۔ اور اس بل کے منظور ہونے سے ہم ایک قسم کی ڈکٹیٹرانہ قوت کی نشوونما کرنے کے ذمہ دار ہونگے جس کے آگے اس ملک کی ساری قوت بھی ہیچ ہوگی ۔ جناب والا ۔ اس سے دفتری حکومت کو ہر قسم کی اجارہ داری حاصل ہو جائیگی اور پھر اس چیز سے چھٹکارا پانا محال ہو جائیگا ۔ جناب والا ۔ دوسری چیز جو اس بل کی رو سے کی گئی ہے وہ Rule of Law یعنی قانون کی بالا دستی کا خاتمہ ہے ۔ اس قانون کی رو سے حکومت یہ اختیار بھی حاصل کر رہی ہے کہ اگر حکومت کبھی اپنے اختیارات سے تجاوز کرے تو اس کے خلاف کسی عدالت کا دروازہ نہیں کھٹکھٹایا جا سکے گا ۔ عام طور پر قانون اور انصاف کا یہ تقاضا ہے کہ اگر کسی معاملہ میں قانون سے تجاویز کیا جائے تو ہر شخص داد رسی کے لئے عدالت سے رجوع کر سکتا ہے ۔ لیکن اس بل میں یہ رکھا گیا ہے کہ قانون سے تجاوز کی صورت میں بھی عدالت سے رجوع نہیں کیا جا سکتا ۔ علاوہ ازیں اس میں اپیل کرنے کا اختیار بھی نہیں دیا گیا ۔ یہ سخت بے انصافی ہے ۔ شخصی آزادی کو مفقود نہیں کرنا چاہئیے اور قانون کی بالا دستی کو ہر جگہ پورے طور پر قائم رکھنا چاہئیے ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ حکومت نے جو نجی اور صنعتی اداروں پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کی ہے اور غریب مزدوروں کو پاؤں

تلے رکھنے کے لئے ان کے حقوق کو سلب کرنے کی کوشش کی ہے وہ سخت ناروا اور جمہوریت کے اصولوں کے منافی ہے۔ ناانصافی کی صورت میں مزدوروں کو سٹرائیک کا جو حق حاصل ہے وہ اس قانون کی رو سے ختم ہو جائیگا اور اس کے علاوہ ان کو جو مراعات حاصل ہیں وہ سب ساقط ہو جائیگی ۔ ان کی شرح مشاہرہ میں بھی تبدیلی کرنے کا حکومت کو حق حاصل ہو جائیگا اور حکومت کو ان کی تنخواہوں میں کمی کرنے کا حق بھی مل جائیگا اور دفتری حکومت پورے طور پر حاوی ہو جائیگی ۔ ضابطہ دیوانی کی معمولی دفعات بھی جن کی رو سے کوئی شخص عدالت کی طرف رجوع کر سکتا ہے آپ نے اس قانون کی رو سے ختم کر دی ہیں اور حکومت کے لئے بڑے وسیع اختیارات حاصل کر لئے ہیں ۔ یہ ان ملازمین سے سراسر بے انصافی ہے ۔ اس سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری حکومت شخصی آزادی کو بالکل ختم کرنے کے درپے ہے (شیم شیم کی آوازیں) ۔ جناب والا۔ اس قانون کی رو سے جب شخصی آزادی ختم ہو جائیگی تو اس صوبہ میں ہر شخص اپنے آپ کو ذلیل و خوار سمجھے گا کیونکہ حکومت موجودہ قانون کی رو سے عوام کو کولہو کے بیل کی طرح اپنی اطاعت قبول کرنے پر مجبور کریگی اور حکومت کی یہ خواہش ہو گی کہ عوام اس کے اشارے پر چلیں ۔ حکومت نے پہلے ہی ٹیکسوں کے بوجھ سے عوام کی کمر توڑ رکھی ہے ۔ اب حکومت ان کے مشاہروں اور تنخواہوں پر بھی کنٹرول حاصل کرنا چاہتی ہے کہ جس کی تنخواہ میں وہ چاہے کمی کر سکے ۔ میں سمجھتا ہوں یہ بڑی بے انصافی ہے ۔ اس طرح سے حکومت چھوٹے ملازمین اور مزدوروں کے منہ پر ایڑی رکھ کر ان سے اپنی ہر بات منوانا چاہتی ہے ۔

حضور والا — ہمارے آئین میں یہ پروویژن ہے کہ اگر ملک میں فسادات رونما ہو جائیں اور ہنگامی صورت حال کا اعلان کر دیا جائے تو پھر عام ملازمتوں کی شرائط ملازمت کو منسوخ کیا جا سکتا ہے ۔ آرٹیکل ۱۹۱ کی رو سے پریذیڈنٹ

کو یہ اختیار حاصل ہے کہ ہنگامی حالات میں ملازموں پر کنٹرول کرے اور لوگوں کو متعین کردہ فرائض سرانجام دینے پر مجبور کرے۔

Article 191 (1)—reads thus—

"If the President is satisfied that a grave emergency exists in which the security or economic life of Pakistan or any part thereof, is threatened by war or external aggression, or by internal disturbance beyond the power of a Provincial Government to control, he may issue a Proclamation of Emergency in this Article referred to as a Proclamation".

جناب والا۔ اگر ان کی رائے میں ہنگامی حالات پیدا ہو گئے ہیں تو از راہ کرم صدر کو یہ کہیں کہ وہ آئین کی دفعہ ۱۹۱ کے تحت کارروائی کرے۔ لیکن یہ تو ہمیشہ کے لئے ڈکٹیٹرانہ اختیارات حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ روس کی نسبت ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ وہاں لوگ مجبور و بے بس ہیں وہاں ملازموں اور مزدوروں سے مجبوراً کام لیا جاتا ہے۔ یہ حکومت بھی اس بل کی رو سے اسی قسم کے اختیارات حاصل کرنا چاہتی ہے اس کی رو سے آپ اپنے ملازموں کو مجبور کرینگے کہ وہ صرف آپکی ملازمت کریں اس طرح وہ مزدوروں اور صنعت کاروں کو بھی مجبور کرنے کے اختیارات حاصل کر رہے ہیں۔ چند زمیندار مل کر اس ملک کی دولت کو چھیننا چاہتے ہیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ اس بل کو عوام کی رائے معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے اور اس پر یہاں فی‌الفور غور و خوض شروع نہ کیا جائے۔

چودھری محمد الطاف حسین (ضلع جہلم) — جناب صدر۔ جہاں تک اس بل کی تصریحات کو سمجھنے کا تعلق ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ دنیا کی تاریخ میں implications of labour evolution کے حوالوں کو سامنے رکھیں۔ آپ اپنے سامنے یہ بات رکھیں کہ سوسائٹی نے کس طرح ترقی کی اور کس طرح مزدور اور مالک کے درمیان تعاون و اشتراک رہا۔ آپ کو یہ چیز بھی پیش نظر رکھنی ہوگی کہ کمزور اور محکوم کے حقوق محفوظ کرنے کے لئے کیا کیا اقدامات کئے گئے۔ جناب صدر۔ آپ نے I dea of status کو پڑھا ہوگا آپ نے دیکھا ہوگا کہ کس طرح مزدوروں نے اپنی حکومتوں

سے اپنے حقوق حاصل کئے اور حکومتوں نے ان کے لئے قوانین بنائے Six doctors of labour کو کس طرح آسٹریلیا بھجوا دیا گیا ۔ میں ان مثالوں کی تفاصیل میں جا کر ایوان کا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا ۔ میں صرف چند ایک امور جو اس بل کے متعلق ہیں پیش کروں گا ۔

جناب صدر ۔ ایک مزدور مالک کو مجبور کر سکتا ہے کہ وہ اس کے ساتھ منصفانہ سلوک کرے ۔ Hand down, pen down, book down, sit down, etc. ایک مزدور کے پاس یہ چند ایک رہے ہیں جن کے ذریعے وہ مالک کو انصاف کرنے پر مجبور کر سکتا ہے ۔ یہ حکومت اس مسودہ قانون کی رو سے ایسے اختیارات حاصل کرنا چاہتی ہے جو کہ صرف emergency declare کرنے کے بعد ہی حکومت کو مل سکتے ہیں ۔ آپ مزدور کے حقوق چھیننا چاہتے ہیں ۔ اس طرح کی لیجسلیشن انتہائی نامناسب ہوگی ۔

جناب صدر ۔ ہمارے آئین کے حصہ گیارہ میں یہ بات واضح کر دی گئی ہے کہ جب مملکت کو کوئی خطرہ درپیش ہو تو صدر مرکزی حکومت کے مشورہ سے ہنگامی حالات کا اعلان کرکے ملک کے ہر فرد کو مجبور کر سکتا ہے اور ہر چیز کو اپنے قبضہ میں لا سکتا ہے ۔ لیکن عام حالات میں اس قسم کی لیجسلیشن ایک انتہائی غاصبانہ اقدام ہوگا ۔ عام حالات میں چند سروسز ایسی ہیں مثلاً پولیس ۔ ریلوے اور پوسٹ اینڈ ٹیلیگراف سروسز جن کی ضرورت عام حالات میں ہر شہری کو ہر وقت ہوتی ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے آن میں مزدوروں کو کچھ حقوق اور مراعات حاصل ہیں مثلاً Right of Association ــ Right of protest اور اس کے علاوہ Lahour laws ہیں ۔ ہ ر اس قانون کے ذریعہ آپ ان کی bargaining power کو ختم کرنا چاہتے ہیں ۔ یہ انتہائی نامناسب اقدام ہے ۔ فرض کیجئے نواب آف ہوتی اپنے مزارعین کو ان کا معاوضہ نہ دیں اور جب وہ اس کا مطالبہ کریں تو نواب صاحب حکومت کو کہیں کہ ہنگامی حالات کا اعلان کیجئے اور مزارعین کو حکم دیجئے کہ ان کو کچھ معاوضہ ملے یا نہ ملے وہ کام کرتے رہیں جناب صدر ۔ اس بل کے ذریعہ حکومت کو اتنے وسیع اختیارات

دئیے جا رہے ہیں کہ ان کے غلط استعمال کا ہر وقت امکان ہے - مثال کے طور پر باٹا کے مزدوروں نے ہڑتال کی ہے - ان کے کچھ مطالبات ہیں -

اب اگر کوئی شخص حکومت سے مل کر ہنگامی صورت حال کا اعلان کروا دے تو ان مزدوروں کو حکم دیا جائے گا کہ وہ فوراً باٹا فیکٹری میں جا کر کام شروع کر دیں - ایسا کرتے وقت حکومت یہ نہیں دیکھے گی کہ ان غریبوں کو تنخواہ بھی ملی ہے یا نہیں - تنخواہ کی عدم ادائیگی کی صورت میں بھی ان کو جبراً کام کرنے کے لئے بھیجا جائے گا - جناب صدر - اس بل میں حکومت نے لازمی اور غیر لازمی ملازمتوں میں بھی کوئی فرق نہیں رکھا - اس کے علاوہ اس بل کی دفعہ ۴ انتہائی طور پر ناقص ہے - حکومت نے اس بل کے دائرہ عمل کو سرکاری ملازمتوں تک ہی محدود نہیں رکھا بلکہ اس کا اطلاق غیر سرکاری اداروں پر بھی ہوگا - میرے خیال میں حکومت کا یہ قدم انتہائی طور پر ظالمانہ اور متشددانہ ہے اور غریب مزدوروں کے حقوق پر ایک غاصبانہ حملہ ہے -

Makhdumzada Syed Hassan Muhammad : Sir, I beg to move that the question be now put.

Syed Shamim Hussain Qadri: Sir, It would be a very drastic measure. It would be unfair.

Mian Manzoor-i-Hassan: Makudumzada Sahib, it is not the former State of Bahawalpur.

خواجہ محمد صفدر (ضلع سیالکوٹ)—جناب والا- بظاہر تو یہ بل صرف دس کلازوں پر مشتمل ہے مگر ان دس کلازوں کے ذریعے عوام کے حقوق پر جو غاصبانہ حملہ کیا گیا ہے وہ نہایت ہی شرمناک اور قابل نفرت ہے - بندہ نواز - اس بل کی بعض دفعات کے ذریعے حکومت نے ایسے ایسے اختیارات حاصل کئے ہیں کہ اگر میں آپ کو پڑھ کر سناؤں تو آپ فوراً محسوس کرینگے کہ ایسے اختیارات تو ہٹلر کو جرمنی اور سٹالن کو روس میں بھی حاصل نہیں تھے - آپ کو معلوم ہے کہ جنگ عظیم کے دوران میں حکومت ہند نے بھی اس قدر وسیع اختیارات حاصل نہیں کئے تھے - جناب والا - اس بل کی دفعہ

۲ کے تحت اس کا اطلاق سرکاری اور غیر سرکاری ملازمین دونوں پر ہو سکتا ہے ۔ اس کلاز میں لفظ ''ملازمت،، کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا گیا ہے کہ اس میں ہر قسم کی ملازمت شامل ہے خواہ وہ تنخواہ دار ہو یا بلا تنخواہ ۔ بندہ نواز اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ اس بل کا اطلاق ان ملازمین پر بھی ہوگا جن کو کوئی تنخواہ ملتی ہے اور ان پر بھی جن کو کوئی مقررہ تنخواہ نہیں ملتی ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ اس بل کی کلاز ۴ میں لکھا گیا ہے کہ حکومت خود بھی یہ اختیارات استعمال کرے گی اور اگر چاہے تو ان اختیارات کو کسی افسر کو بھی delegate کر سکے گی ۔ اسی کلاز میں یہ بھی لکھا ہے کہ حکومت کا کوئی افسر جسے حکومت نے اس ضمن میں اختیار دیا ہو مجاز ہوگا کہ کسی عام یا خاص حکم کے ذریعے کسی ملازمت یا ملازمت کی قسم پر (جس پر اس قانون کا اطلاق ہوتا ہو) مامور کسی شخص یا اشخاص کو یہ حکم جاری کرے کہ وہ حکم مذکورہ میں درج کئے گئے کسی علاقہ یا علاقہ جات سے باہر نہیں جائیں گے ۔ اس سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ حکومت سرکاری اور غیر سرکاری ملازمین کو غنڈے اور شہدے تصور کرتی ہے ۔ جس طرح حکومت خطرناک غنڈوں، لچوں، بدمعاشوں اور شہدوں کو حدود بند کرتی ہے اس طرح وہ فیکٹریوں کے مزدوروں اور کارکوں کو حدود بند کر رہی ہے ۔ ان لوگوں پر یہ قید لگا دی جائے گی کہ تم اس فیکٹری کی حدود سے یا فلاں محلے کی حدود سے باہر قدم نہیں رکھ سکتے ۔ تم رات دن اسی فیکٹری یا محلہ میں بند رہو ۔ (حزب مخالف کی طرف سے شیم شیم کی آوازیں) اگر کوئی شخص اس قانون کی خلاف ورزی کرے و اس کو تین سال تک سزا دی جا سکتی ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر کوئی آدمی بیمار ہو اور اپنی زندگی بچانے کے لئے اس فیکٹری یا محلے سے باہر جائے تو اس کو بھی تین سال سزا دی جائے گی ۔ اگر وہ سزا سے بچنے کی کوشش کرے گا تو ظاہر ہے کہ وہ اسی فیکٹری یا محلے میں ہی مر جائے گا کیونکہ علاج کے لئے وہ اس فیکٹری یا محلے سے باہر نہیں جا سکتا ۔ کتنے افسوس کی بات ہے

کہ ہماری حکومت نے بیماری کو فیکٹری یا محلے سے باہر نکلنے کی معقول وجہ نہیں سمجھا ۔ جناب والا ۔ ان ظالمانہ اختیارات حاصل کرنے کے بعد حکومت نے مزدوروں کی اجرتوں اور دیگر شرائط ملازمت کو مقرر کرنے کا حق بھی خود ہی سنبھال لیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو کم از کم یہ اختیار تو اپنے ہاتھ میں نہیں لینا چاہئے تھا کیونکہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو طلب اور رسد کے اصول کے تحت حل ہونا چاہئے ۔ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ حکومت کے افسران جو مزدوری کسی خاص طبقے کے مزدوروں کے لئے مقرر کر دیں گے وہی ان کو لینی پڑے گی خواہ وہ تھوڑی ہی کیوں نہ ہو ۔ اگر وہ اس کے خلاف آواز اٹھائیں گے تو جرم کے مرتکب ہونگے اور ۳ سال سزا کے مستوجب ہونگے ۔

اس کے علاوہ جناب والا ۔ ایک ظلم اور دیکھئے ۔ وہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص بلا واسطہ اور براہ راست کسی فعل کا مرتکب نہ ہو تو اس کو بھی اس ایکٹ کے تحت سزا دی جا سکتی ہے ۔ مثلاً اس بل میں یہ کہا گیا ہے کہ کسی کمپنی کا اگر ایک فرد بھی قانون ہذا کے تحت جرم کا مرتکب ہو تو اس صورت میں اس کمپنی کا ہر ڈائریکٹر ۔ مینیجر ۔ سکرٹری یا دیگر افسر بھی اسی طرح جرم کے مرتکب متصور ہونگے جس طرح کہ اصل مجرم اور یہ سب بے گناہ اس سزا کے مستوجب ہونگے جس سزا کا اصل مجرم مستوجب ہوگا ۔ اسکا مطلب یہ ہوا کہ جرم تو کمپنی کا ایک فرد کرے اور سزا سب کو ملے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا یہ عجیب و غریب قانون نہیں ہے ۔ تو بندہ نواز جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے جنگ عظیم میں خود انگلستان کی حکومت نے بھی ایسے اختیارات حاصل نہیں کئے تھے ۔ جیسے کہ ہماری حکومت عام حالات میں حاصل کرنا چاہتی ہے ۔ اس سلسلہ میں ایک بات اور عرض کرونگا ۔ ہمارے ملک میں قوانین محنت ابھی بالکل کمسنی کے عالم سے گزر رہے ہیں ۔ ابھی ابتدائی دور سے گزر رہے ہیں ۔ ان میں کوئی ترقی نہیں ہوئی ۔ ابھی ہمارے مزدور وہ

تمام حقوق جن کے کہ وہ مستحق ہیں حاصل نہیں کر سکے
ابھی ان میں وہ متانت ۔ وہ جوش وہ جذبہ وہ بیداری پیدا نہیں ہوئی
کہ وہ اپنے حقوق کا تحفظ کرا سکیں ۔ اپنی مزدوری اور
اپنی تنخواہوں میں اضافہ کرا سکیں ۔ ایک طرف تو لیبر لاز
کا یہ فقدان ہے اور اس پر طرہ یہ کہ اس قانون سے حکومت
اپنے آپ کو مسلح کرنا چاہتی ہے تاکہ جو کچھ لیبر
کو مراعات حاصل ہیں یا آئندہ وہ حاصل کرنا چاہتے ہوں ان
سے بھی ان کو محروم کر دیا جائے میں سمجھتا ہوں یہ ایسا
قدم ہے کہ اگر اسے آج سے سو سال پہلے اٹھایا جاتا تو
کسی کو اس پر اعتراض نہ ہوتا لیکن اس تہذیب کے دور
میں اس متمدن دنیا میں ۔ اس ترقی یافتہ زمانہ میں حکومت کے
لئے ایسا قدم اٹھانا ایسا بل پیش کرنا باعث ندامت اور
باعث شرم ہونا چاہئے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں میاں منظور
حسن کی تجویز کی تائید کرتا ہوں ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسی صدارت پر تشریف فرما ہوئے) ۔

Mr. Speaker: I now put the question.

Mr. Ghulam Mustafa Ghulam Muhammad Khan Bhurgri (THARPARKAR DISTRICT): Sir, on the closure I have got a point of order to make. Under rule 62 (1) of the Rules of Procedure I raise this point of order. The rule says—

> "At any time after a question has been proposed a member rising in his place may claim to move, "That the question be now put", and unless it shall appear to the chair that such motion is an abuse of the rules or an infringe ment of the rights of the minority....."

Now, Sir, it is very clear that in the House the Government is always in majority, otherwise it will not function. Suppose, the Government were to gag the Opposition, they can at any time move a motion for closure and that will be carried. Therefore, it has been provided in this rule that it is for the Speaker to protect the rights of the minorities. It is the Speaker who would judge if the Opposition has a sufficient chance of say or not. Mr. Speaker, therefore, your applying closure on a move of the Government asking you to do so, will not be inconsonance with the rule I have quoted just now. I, therefore, beg that we should be allowed to speak. A very important piece of legislation is before the House and I hope Government will not take it lightly.

Mr. Speaker: The question before the House is that this Bill should be taken into consideration at once. That has been debated. There have already been speeches on the amendment of Mian Manzoor-i-Hussan that the Bill be circulated for eliciting public opinion. He has yet to move another amendment that the Bill be referred to a Select Committee. The same motion will remain under discussion and members will be able to discuss the Bill even after this motion is put to closure. The discussion will not be stopped.

خواجہ محمد صفدر — میں جناب سے یہ دریافت کرنا
چاہتا ہوں کہ فہرست کارروائی پر جو آٹھ دس تراسیم ہیں وہ تو
زیر بحث آئیں گی ؟

Mr. Speaker: There are amendments to the Bill and the members will have an opportunity to speak again.

The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That the West Pakistan Essential Services (Maintenance) Bill, 1957 be circulated for eliciting public opinion thereon by 30th March 1958.

The motion was lost.

Mian Manzoor-i-Hassan (GUJANWALA DISTRICT) : Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Essential Services (Maintenance) Bill, 1957 be referred to a Select Committee consisting of the following :—

(1) The Chief Minister;
(2) Syed Shamim Hussain Qadri;
(3) Begum Sarwari Irfanullah;
(4) Sardar Muhammad Zafrullah; and
(5) The mover.

جناب والا ایک بہت مشہور شعر ہے ۔

نہ تڑپنے کی اجازت ہے نہ فریاد کی ہے
گھٹ کے مر جاؤں یہ مرضی میرے صیاد کی ہے

جناب والا ۔ اس شعر کی مختلف لوگوں نے مختلف شرحیں کی ہوں گی لیکن آج یہ روشن ہوا کہ اس بل نے جو حالات پیدا کئے ہیں یہ شعر ان کے عین مطابق ہے اور حکومت نے اس کی جو وضاحت کی ہے جو شرح کی ہے ۔ میرے خیال میں اس سے بہتر شرح آج تک کسی نے نہیں کی ہوگی ۔ حکومت اس بل کے تحت ان ملازمین کو جن پر اس کا اطلاق ہوگا کوئی آواز اٹھانے کی اجازت نہیں دے گی ۔ اور نہ ان کے مطالبات پورے کریگی ۔

جناب والا ۔ اس بل کی رو سے ارکان حکومت وہ وہ آمرانہ اور ڈکٹیٹرانہ اختیارات حاصل کرنا چاہتے ہیں جو شائد کسی مغل اعظم کو بھی حاصل نہ تھے ۔ ان کی انتہائی مہربانی ہے اور صوبہ کے عوام پر ان کا احسان عظیم ہے کہ انہوں نے دو چار باتیں چھوڑ دی ہیں ۔ انہوں نے غالباً یہ طلب نہیں کیا کہ جس سے ہم بگڑ جائینگے اس کو دیوار میں چنوا دینگے یا جس سے ہم بگڑ جاینگے اس کو ہاتھی کے پاؤں تلے روندوا دینگے ۔

جناب والا ۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی کو ہم مجبور کر دیں گے کہ وہ غلاموں کی طرح یا جس طرح ریاستوں میں جاگیردار اپنے مزارعین کو حکم دیتے ہیں ، وہ صبح سے لیکر شام تک خواہ اس کی موت ہی کیوں نہ واقع ہو جائے ان کی غلامی میں مصروف رہے ۔ یہ کہتے ہیں کہ وہ پرائیویٹ یا نجی اداروں کے ملازمین کو یہ حکم دینگے کہ تم فلاں کام کو فلاں معاوضہ کے عوض کرو اور اگر کوئی ایسا نہ کر سکے تو وہ اس کو تین سال کے لئے محبوس کر دیں گے ۔ ہم سنتے آئے تھے کہ انسان اپنی صلاحیتوں کو چند سکوں کے عوض بیچ دیتا ہے لیکن آج ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ تھوڑے سے معاوضہ کے عوض یہ انسانی صلاحیتوں کو خریدیں گے ۔ جناب والا امریکہ کا وہ غلامی کا باب جو واشنگٹن نے ختم کیا تھا آج مغربی پاکستان میں یہ حکومت شروع کرنا چاہتی ہے ۔ جناب والا ۔ یہ قانون جو ہے یہ کورے چک کی طرح کا مطالبہ ہے ۔ یہ legislation بھی نہیں بلکہ یہ skeleton legislation ہے اور کسی خطہ ارضی یا غیر جمہوری ملک میں اس قسم کی نام نہاد قانون سازی کبھی نہیں ہوئی میں آپ کو اس بل کی مجوزہ دفعہ ۲ کی طرف توجہ دلاتا ہوں ۔ اس میں لکھا ہے ۔

(i) "Employment" includes employment of any nature and whether paid or unpaid.

اس کا مطلب یہ ہے کہ مثلاً ہمارے وزیر بلدیات صاحبزادہ حسن محمود کسی کو یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم تم کو یہ کہتے ہیں کہ تم فلاں کام کرو اور اگر تم کرو گے تو ہم تم کو معاوضہ دیں گے اور اگر نہیں کرو گے تو سزا دیں گے ۔

Mr. Speaker: You have traversed the same ground already.

Mian Manzoor-i-Hassan: Let Makhdoomzada Hasan Mahmood say that I have repeated it.

Makhdoomzada Syed Hassan Mahmood: Absolutely the same.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (LAW MINISTER): Sir, he can speak about the principles. As to the details of the Bill, we are coming to the second reading when we will discuss it clause by clause. Here he should speak on whether the essential services should be there or not.

Mr. Speaker: Mian Manzoor-i-Hassan, I may not be in the House, but I presume that you must have spoken on the first motion.

Mian Manzoor-i-Hassan: I have not, Sir.

Mr. Speaker : Then, please confine yourself to the principles of the Bill.

میاں منظور حسن— اس بل کا اصول یہ ہے کہ یہ اصولی ان کا اصول ہے ۔ دنیا میں جتنے بڑے بڑے اصول مزدوروں کے متعلق آئے ہیں یہ کہتے ہیں کہ یہ ان کو یک قلم منسوخ کر دیں گے ۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود— یہ بات وہ پہلے بھی کہہ چکے ہیں ۔

میاں منظور حسن— جناب والا : آج تک جتنے بڑے بڑے اصول انسانیت کے وضع کئے گئے ہیں یہ ان پر یک قلم لکیر پھیرنا چاہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ آپ کے آئین میں جو بنیادی حقوق ہیں یہ ان کو منسوخ اور محدود کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ کے آئین میں پانچ بڑی آزادیاں ہیں جنہیں بنیادی حقوق کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے ان میں ایک liberty of Association ہے ۔ اس بل کی ۔رو سے وہ جاتی رہے گی ۔ ایک آدمی کو یہ مجبور کر دیں گے ۔

Mr. Abdus Sattar Pirzada : You can curtail those liberties by law.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I want to see the beautiful face of the Law Minister when he says that we can curtail the liberties by law. He puts us to shame.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Mian Shafi should know that he has to abide by the Constitution and Constitution says and prescribes that all these liberties can be curtailed by passing a law either in the Parliament or here.

Syed Amir Hussain Shah: What is the emergency Sir ?

Mian Muhammad Shafi: We will fight, come what may.

Mr. Speaker : Don't fight now. When you stand up, then make a fighting speech.

میاں منظور حسن — ایمرجنسی ابھی پیدا نہیں ہوئی بلکہ اسے یہ پیدا کر دیں گے ۔ اس ملک میں بڑے بڑے جاگیرداروں اور صنعت کاروں میں گٹھ جوڑ ہو رہا ہے کہ وہ اس صوبہ میں اپنے ملازمین اور مزدوروں کو مجبور کریں کہ وہ ان کی طرف سے پیش کردہ اجرت پر کام کریں اور اس غرض کے لئے یہ قانون ان کے ہاتھ میں ایک حربہ ہوگا اور وہ اس کے ذریعہ سے ان کو یہ کھلی دھمکی دے رہے ہیں کہ تین سال کی قید بھگتو یا یہ مزدوری لو ۔ یہ چاہتے ہیں

کہ اس ملک میں ایسے حالات پیدا کر دئے جائیں کہ ایک ۴۰ روپے ماھوار والا مزدور مجبور ھو کہ وہ بھوکا رہ کر اور اپنی اولاد کو بھوکا رکھ کر ان کی نوکری کرتا رہے۔ وہ کم تنخواہ پانے والوں کو کوئی رعایت دینے کے لئے تیار نہیں ھیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں یہ گذارش کروں گا کہ اس بل کو منتخب کمیٹی کے سپرد کیا جائے تاکہ وہ اس کے سقم اور خامیاں دور کرکے اسے اچھا قانون بنا کر ایوان میں پیش کرے۔

Mr. Abdus Sattar Pirzada: May I remind, Sir, that the other amendment saying that it should be referred for eliciting public opinion, has already been rejected by the House and there have been a number of speeches on that. I would, therefore, submit that the question be put for that reason.

Syed Shahmim Husain Qadri: Sir, this is really an abuse of power.

Mian Muhammad Shafi: We will create the scenes of East Pakistan Assembly; come what may.

Mr. Speaker: You can speak while moving your amendment.

قاضی مرید احمد (ضلع سرگودھا) —صدر محترم۔ اس بل کو دیکھنے سے پہلے میرا یہ خیال تھا کہ اس صوبہ کے عوام صرف لینڈ لارڈز کے پنجہ استبداد میں کسے ھوئے ھیں لیکن جب میں نے اس بل کو دیکھا تو معلوم ھوا کہ نہ صرف لینڈ لارڈز بلکہ بڑے بڑے کارخانہ دار صنعت کار اور لینڈ لارڈز مل کر اس ملک میں وہ کہرام مچانا چاھتے ھیں جس کی مثال سوائے دھات اور پتھر کے زمانہ کے اور کہیں نہیں مل سکتی۔ یہ ایک واضح حقیقت ھے کہ خاص حالات میں تمام حکومتوں کو بڑے بڑے اختیارات حاصل ھوا کرتے ھیں لیکن میں حیران ھوں کہ اس بل کو اس وقت ایوان میں پیش کرنے میں حکومت کی کیا غرض ھے۔ جہاں تک میرا خیال کام کرتا ھے یہاں کوئی خاص حالات یا ھنگامی حالات تو پیدا نہیں ھوئے لیکن اس حکومت کی موجودہ پالیسی یہ ھے کہ وہ اس ملک کے لئے خود ھنگامی حالات پیدا کرے۔ اس ملک میں قحط پیدا ھو یا نہ ھو۔ ملک کو اندرونی یا بیرونی دشمنوں سے خطرہ ھو یا نہ ھو لیکن یہ ری پبلکن گورنمنٹ اس سے زیادہ بڑی مصیبت اور کسی بیرونی بلا سے زیادہ بری بلا اس بل کی صورت میں پیش کر رھی ھے۔

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, ask him to speak about the Bill.

Mr. Speaker: Please speak about the Bill.

قاضی مرید احمد— صدر محترم - مجھے ایک تاریخی واقعہ یاد آگیا - حضرت عمر بن عبدالعزیز کو خراسان کے گورنر نے لکھا کہ میرے علاقہ کے لوگ ٹھیک نہیں ہیں - مجھے ڈنڈا استعمال کرنے کی اجازت دی جائے - انہوں نے جواب دیا - عوام کے ساتھ انصاف کرو - پھر تمہیں کسی ڈنڈے کی ضرورت نہیں رہے گی - حکومت اگر انصاف کرے - اپنے ملازمین کے ساتھ ، عوام کے ساتھ تو اسے ایسے اختیارات کی ضرورت نہیں پڑتی - یہ نہیں کہ ملازمین دن رات کام کریں جیسے آجکل اسمبلی کے ملازمین کر رہے ہیں اور انہیں Compensatory allowance تک نہ دیا جائے - پچھلے سال بھی یہاں ایوان میں وعدہ کیا گیا تھا کہ اسمبلی کے ملازمین کو دن رات کام کے عوض الاؤنس دیا جائے گا مگر بعد میں کچھ نہ ہوا - اب جو وعدہ ہوا ہے میں سمجھتا ہوں یہ بھی حکومت کے پہلے وعدہ کی طرح معشوقانہ وعدہ ثابت ہوگا - سختی اس قدر کہ چوبیس گھنٹے کام لیا جا رہا ہے اور پھر انہیں دبانے کے لئے اس قسم کے قانون منظور کرائے جاتے ہیں -

مسٹر سپیکر — میاں محمد شفیع

میاں محمد شفیع (ضلع منٹگمری)—جناب والا - پہلے ایک شعر سنئے :—

چشم خون گشتہ سے کل رات لہو پھر ٹپکا

ہم تو سمجھے تھے کہ اے میر یہ آزار گیا

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Sir, Mian Shafi's amedment has already been rejected by the House.

Mr. Speaker: Yes, Mian Shafi.

Mian Muhammad Shafi: Sir, this monstrous piece of legislation, which is brought before the House, is wrongly termed as the West Pakistan Essential Services (Maintenance) Bill. It should have been West Pakistan Essential Services Massacre Bill. It seeks to massacre our people, our public servants and our private employees. It seeks to meet and further the requirements and interests of vested interests in our country. Sir, I will not traverse the same ground which has already been covered by the previous speakers. Sir, I will say with all humbleness and sincerity that, God forbid, you are preparing this country for revolution, the like of which has never been witnessed in the history of the world, by bringing this measure. Sir, our country is a member of the International Labour Organization. We agreed to all the functions of freedom of association and collective

bargaining enshrined in the I. L. O. convention on 15th March, 1953. Sir, by virtue of our association with this convention, Pakistan is entitled to sit in International Council of Labour Organization, where they will certainly oppose this measure, which affects the labour and employment. Sir, I would strongly request that this Bill be not passed. It is against our Constitution. It is against the basic principle of I. L. O. You are ousting yourself from I. L. O. by bringing in such a Law. You are inviting the attention of your enemies to move against you in International Council that Pakistan should not be allowed to participate in their deliberations. Sir, I wish that the Minister-in-Charge of the Bill should pay some attention, because with all his show of stature, he has been participating in the International Council and contributing an important and useful part towards that end. I hope he will not be misled by his partymen to give this Bill the shape of an enactment and place it on the Statute Book.

Now, Sir, I come to its moral implications. What will India say ? What will the world say ?

Mr. Abdus Sattar Pirzada : They have got this Act.

Syed Shamim Hussain Qadri : But you should also consider what India is doing.

Mian Muhammad Shafi: Sir, the Hon'ble the Law Minister says that India has also enacted such a law, but I may also remind him that there is much balance between the employer and employed and between tenant and landlord there.

Mr. Speaker: You are repeating the same thing.

Mian Muhammad Shafi: No, Sir. I have devoted my time on different points. There is no such legislation. They have got an Act, but that Act is different from this. What I have said is perfectly correct, because in so far as this Bill categorises the workers and employees; as far as the werkers are concerned; their obligations, their wages, their rights and duties, and their penalties are far more different there than those sought to be imposed upon the workers here. The Indian Government has passed a Bill like this and it is now an Act, but they have prescribed in it similar penalties for the employers as well. So, I say that there is a balance in their act, which our Bill completely lacks.

Now, Sir, I will put before you one point only and I will not go to the rest of the provisions of this Bill. Sir, suppose a worker is employed in a factory or a mill. He says that he is advised by the doctor that he should not work before a furnace, because it exposes him to physical harm and, therefore he wants to leave the service or he wants to be absent from duty.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : He can discuss this clause in the second reading.

Mr. Speaker: He is discussing the principle of the Bill.

Mian Muhammad Shafi: The principle is, that you have taken away the very basic, preliminary and fund amental rights of a worker. He does not want to go to factory because it exposes his person to physical injury. So your law does not give any margin or exception to that poorman. Sir, since the Law Minister says that I should not refer to any clause I do not name it, but, Sir, the principle is derived from the provisions of this Bill. Unless I refer to the provisions of the Bill, I cannot express my ideas. I have got only one weakness and it is that I always stand for the underdogs and the peasants.

Mr. Speaker: Mian Muhammad Shafi, you are repeating what you have already said. Other members also want to speak.

Mian Muhammad Shafi: Sir, give me a little more time. I draw your attention, and through you the attention of the Law Minister, to explanation 1 of Clause 5 of this Bill. It reads :—

"The fact that a person apprehends that by continuing in his employment he will be exposed to increased physical danger is not reasonable excuse within the meaning of clause (b)".

Sir, I appeal to the conscience of this House.....

Mr. Speaker: You are again doing the same thing. You have taken out a particular clause and you are reading from it. As I told you, you can speak on the clause when it comes before the House.

Syed Shamim Hussain Qadri: Sir, then what would be the method of argument ? This is the basic principle of the Bill contained in a particular clause of the Bill. Suppose a person suffers from a disease.....

Mr. Speaker: It is not in the Bill.

Syed Shamim Hussain Qadri : Sir, he is giving an example.

Mian Muhammad Shafi : Sir, let me speak for a few minutes more.

Mr. Speaker : You have already spoken for a long time.

میاں محمد شفیع—اچھا جناب آپ کی مرضی -

کیونکر اس کی نگاہ ناز سے جینا ہوگا
زہر دے اُس پہ یہ تاکید کہ پینا ہوگا

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, they have already spoken for one and a half hour. I move—

That the question be now put.

مسٹر غلام مصطفیٰ خان غلام محمد خان لہرگوی (ضلع تھر پارکر)—صاحب صدر۔اس بل کے متعلق کچھ عرض کرنے سے پہلے میں اس کی Statement of Objects & Reasons آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں :

"The Proclamation of Emergency issued on the thirteith day of August, 1948, under section 102 of the Government of India Act, 1935, ceased to operate from the Constitution Day".

جناب والا - بات یہ ہے کہ ۱۹۴۸ء میں ایک ایمرجنسی پیدا ہوئی تھی اور اس ایمرجنسی کے لئے کئی اختیارات حکومت نے حاصل کر لئے تھے - یقیناً جب کوئی ایمرجنسی پیدا ہوتی ہے تو حکومت کو زیادہ اختیارات لینے پڑتے ہیں اور لوگوں کی سول لبرٹیز کو کم کر دینا پڑتا ہے مگر صرف اس ایمرجنسی کے دوران کے لئے - لیکن یہاں معلوم ہوتا ہے کہ ایک دفعہ جو چیز آ گئی خواہ وہ ۱۹۴۸ء کی ایمرجنسی سے آئی ہو یا ۱۹۷۰ء کی کسی ایمرجنسی سے پھر اسے ہاتھ سے نہیں چھوڑتا - اگر لوگوں کے اختیارات ایک دفعہ حکومت کے پاس

آ گئے تو پھر وہ قیامت تک واپس نہیں آ سکتے ۔ اب بنظر ظاہر آپکو اسکے سوا کچھ نہیں معلوم ہوتا کہ اس آئین کے ذریعہ جو آٹھ سال کے بعد بنا ہے لوگوں کو جو حقوق دئے گئے ہیں وہ اس بل کے ذریعہ واپس لے لئے جائیں ۔ حالانکہ اگر کوئی ایمرجنسی پیدا ہو جائے تو اس آئین میں اس کےلئے مناسب دفعات موجود ہیں ۔ لیکن چونکہ حکومت کے وہ اختیارات ختم ہو رہے ہیں اسلئے وہ چاہتی ہے کہ ایک بل کے ذریعے لوگوں کے وہ اختیارات ان سے واپس لے لے جو آئین کی رو سے انہیں ملے ہیں ۔ اور ۱۹۴۸ء میں حکومت نے جو اختیارات حاصل کئے تھے یہ حکومت انہیں مستقل طور پر لے لینا چاہتی ہے ۔

ایک چیز اور یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس بل کی جو Statement of Objects & and Reasons ہے اس کے نیچے دستخط ڈاکٹر خان صاحب کے ہیں ۔ ڈاکٹر خان صاحب کو تو شاید یاد بھی نہ ہوگا کہ اس قسم کا کوئی بل ان کے زمانہ میں پیش ہوا تھا ۔ کیونکہ باوجود ان کی عمر کے اگر ڈاکٹر صاحب اس بل کو اچھی طرح پڑھتے اور اسے اچھی طرح سمجھتے تو اس بل پر کبھی دستخط نہ کرتے جو لوگوں کی سول لبرٹیز کو ختم کرنا چاہتا ہے ۔ لیکن ان کے دستخط یہاں موجود ہیں ۔

صاحب صدر دوسری بات یہ عرض کروں گا کہ ہمارے لا منسٹر بہت قابل آدمی ہیں اور ان کی قابلیت میں کسی کو شک نہیں لیکن ان کو یہاں دیکھنے سے پھر وہ پرانے دن یاد آتے ہیں کہ جب سندھ گورنمنٹ نے چند لوگوں کو ریگستان میں کسی جگہ پہنچا کر انہیں حکم دے دیا تھا کہ اس جگہ سے باہر نہ نکلیں ۔ اس کے سلسلے میں ہیبیس کارپس پٹیشن ہوا تو ہمارے موجودہ لا منسٹر اس کے وکیل تھے ۔ جب مقدمہ ججوں کے سامنے پیش ہوا تو گورنمنٹ کی طرف سے کہا گیا کہ ان کو قید تو نہیں کیا گیا ان کو تو یہ کہا گیا ہے کہ فلاں جگہ پر رہو ۔ تو اس کے جواب میں انہوں نے یہ دلیل دی کہ اگر یہ ہیبیس کارپس پٹیشن منظور نہ کی گئی تو کل کو حکومت کسی شخص کو یہ کہدے گی کہ فلاں کھمبے پر چڑھ کے بیٹھ رہو اور نیچے نہ اترو ۔ اور ججوں نے یہ دلیل مان لی تھی ۔ جناب

والا ۔ یہ بل جو اس وقت آپ کے سامنے ہے اس کے ذریعہ حکومت جس شخص کو چاہے اسے کہ ہی بھی بند کر دے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے اتنے قابل وزیر جو یہ بل لائے ہیں انہوں نے شاید یہ سمجھا تھا کہ اس بل کو لوگ سمجھیں گے ہی نہیں اور اسے چپ چاپ پاس کر دیں گے ۔

تیسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ایک ایمرجنسی اس ری پبلیکن گورنمنٹ کے لئے پیدا ہو گئی ہے اور وہ ہے الیکشن ایمرجنسی اور اس ایمرجنسی کے لئے یہ بل لایا گیا ہے ۔ قاضی صاحب کو تو پتہ ہے کہ کسی زمانے میں ہم پاؤں کے نیچے سے بھاگتے اور گذرتے تھے ۔ وہ بھی ایک ایمرجنسی تھی ۔ لیکن اب اس نئی ایمرجنسی کے لئے یہ حکومت اس بل کو پاس کرنا چاہتی ہے ۔

جناب والا — میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کی چیز کو اسمبلی کے سامنے لانا اور اسے ایکٹ کی صورت میں پاس کرنا بڑے شرم کی بات ہے ۔ یہ جمہوری اصولوں کے خلاف ہے اور آئین کے منافی ہے ۔ اس لئے میں اپیل کروں گا کہ آپ پھر اس پر غور کریں اور اسے پاس کرنے میں جلدی نہ کریں ۔ وزارتیں آتی جاتی چیزیں ہیں مگر آپ اپنے پیچھے کوئی ایسی مثال نہ چھوڑیں کہ آپ کے بعد جو آئیں وہ یہ کہہ سکیں کہ ہم سے پہلے لوگ یہ کر گئے ہیں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the question be now put. The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That the West Pakistan Essential Services (Maintenance) Bill, 1957 be referred to a Select Committee consisting of the following:—

(1) The Chief Minister;
(2) Syed Shamim Hussain Qadri;
(3) Begum Sarwari Irfanullah;
(4) Sardar Muhammad Zafrullah; and
(5) The Mover.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That the West Pakistan Essential Services (Maintenance) Bill, 1957 be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Clause 2

Syed Shamim Hussain Qadri (LAHORE DISTRICT) : Sir, I beg to move—

That for paragraph (*i*) of clause 2, the following be substituted :—

"(*i*) 'employment' means any service for which remuneration is received".

جناب صدر — اس ترمیم کے پیش کرنے سے میرا مدعا یہ ہے کہ صرف ان لوگوں کی ملازمت اس قانون کی زد میں آسکے جو کوئی تنخواہ یا معاوضہ وصول کرتے ہیں — جناب صدر — اس بل پر بہت بحث کی گئی ہے لیکن میں ایک بات عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے قانون جس کی زد عام طور پر ان لوگوں پر پڑتی ہے جو مزدوری کرتے ہیں اور اپنا پیٹ پالتے ہیں ان کو یہ حق ہونا چاہئے کہ روزی کے لئے اپنے مالک کے سامنے اپنی تکالیف کا اظہار کرسکیں ۔ اس کا یہ طریقہ ہے کہ وہ اپنا کام بند کر دیں پھر مالک مجبور ہو جائے گا اور ان کے مطالبات پر ہمدردانہ غور کرے گا ۔ لیکن اس بل کے بنانے والے اس حد تک تجاوز کر گئے ہیں کہ اس میں ان لوگوں کو بھی شامل کر لیا گیا ہے جن کو کوئی معاوضہ یا تنخواہ نہیں ملتی ۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جس پر کسی آزاد مملکت میں کبھی عمل درآمد نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ ایسا کام ہے کہ پرانے زمانے میں بھی جب کبھی بیگار لی جاتی تھی تو تمام عقل مند اور ذی شعور لوگ اس کی مذمت کرتے تھے ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ آج ہم بیگار کو دوبارہ اس ملک پر مسلط کر رہے ہیں تاکہ حکومت کے ہاتھ میں کوئی ایسا ربہ ہو کہ جب اسے موقع ملے تو وہ اسے استعمال کرکے اپنے ان ارادوں کی تکمیل کر سکے جو وہ دوسرے قوانین کے ذریعہ سے نہیں کر سکتی ۔

جناب صدر — بیگار ایک ایسا طریقہ ہے کہ اس کی جتنی مذمت کی جائے جائز ہے ۔ ہمارے آئین میں یہ چیز موجود ہے کہ کسی شخص سے کوئی بیگار نہیں لی جائے گی اور اس کی جائیداد نہیں چھینی جائے گی جب تک اس کا معاوضہ یا اس کی قیمت ادا نہ کی جائے ۔ میں اس بل کے بنانے والوں سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا انہوں نے آئین کی وہ دفعات اپنے سامنے رکھی تھیں جب بل میں یہ لکھ دیا تھا کہ لفظ " ملازمت " میں ہر قسم کی ملازمت آ جاتی ہے خواہ اس کے لئے معاوضہ دیا جائے یا نہ دیا جائے ۔ اس قسم کی بیگار کی آج سے سینکڑوں سال پہلے بھی مذمت کی جاتی رہی ہے مگر تعجب ہے کہ آج اس روشنی کے زمانہ میں بیگار کی تجدید کی جا رہی ہے ۔ دراصل بڑے بڑے لینڈ لارڈز اور صنعت کار ایک ایسا راستہ نکال رہے ہیں کہ جب کبھی وہ چاہیں اس کو استعمال کرسکیں ۔ اس طرح

ایک دن آئے گا جب وہ اپنے ملازمین سے صاف طور پر کہہ سکیں گے کہ ہم تنخواہ نہیں دیتے لیکن یہ ہماری خواہش ہے اور یہ ہمارے interest اور منفعت کی بات ہے کہ تم ہمارا کام کرو اور اس کے خلاف کوئی آواز نہ اٹھاؤ خواہ تمہارے بیوی بچے بھوکے ہوں - جناب صدر یہ کس قدر نا انصافی ہے -

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Mr. Speaker, I am accepting this amendment.

Mr. Speaker: The question is—

"That for prargraph (i) of clause (2) the following be substituted:—

"(i) "Employment" means any service for which remuneration is received".

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 2, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Mian Shamim Husain Qadri: (LAHORE DISTRICT): Sir, I beg to move—

(1) That in clause 3, the word "food" be inserted between the words "of" and "supplies" occurring in line 5.

(2) That in clause 3, the words "or services essential to the life of the community" appearing in lines 5 and 6 be deleted.

جناب والا — میں نے یہ ترمیم اس لئے پیش کی ہے کیونکہ میری رائے میں اس وقت اگر ملک میں کوئی ہنگامی حالات ہیں تو وہ صرف خوراک کے متعلق ہیں - اور یہی ایک ایسا معاملہ ہے جس پر زیادہ توجہ مبذول کرنا عین درست اور صحیح ہے - اس ملک کو جو کبھی Granary of India کہلاتا تھا آج خوراک کی کمی کی وجہ سے بے حد مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور اس کمی کو پورا کرنے کے لئے لاکھوں روپیہ کا غیر ملکی زر مبادلہ خرچ کرنا پڑتا ہے - اگر ان ہنگامی حالات کے لئے اس بل کو استعمال کیا جائے تو پھر یہ جائز اور صحیح ہو سکتا ہے لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کیوں حکومت تمام ایسی دوسری سروسز کو بھی Essential Services شمار کر رہی ہے -

Mr. Speaker: The Assembly stands adjourned to meet again at 3 p.m. today.

(اس مرحلہ پر ہاؤس کی کارروائی تین بجے بعد دوپہر تک کیلئے ملتوی ہوئی) -

The House reassembled after the lunch interva
Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker: Syed Shamim Hussain Qadri.

سید شمیم حسین قادری — (مسلسل) — جناب صدر اس ترمیم کے پیش کرنے سے میرا مقصد یہ ہے کہ اس بل کا نفاذ کسی خاص طبقہ پر نہیں ہونا چاہئیے بلکہ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس وقت اس ملک میں اناج کی کمی ہے اور حکومت کو چاہئیے کہ اس قسم کا بل ملک میں اناج کی کمی کو دور کرنے کے لئے نافذ کرے۔ اور ایسے طریقے اختیار کرے جن پر عمل پیرا ہو کر اناج کی پیداوار کو بڑھایا جاسکے۔ اگر حکومت ایسا کرتی پھر تو میں سمجھتا کہ حکومت اپنا ایک نہایت ہی اہم فرض سر انجام دے رہی ہے۔ لیکن بجائے اس کے حکومت سرمایہ دار کارخانہ داروں کو protect کرنے کے لئے یہ بل اس ایوان میں پیش کر رہی ہے۔ وہ فاقہ کش مزدور جو پہلے ہی بہت نادار اور کس مپرسی کی حالت میں ہیں حکومت ان پر مزید پابندیاں عائد کرنا چاہتی ہے۔

Mr. Abdus Sattar Pirzada: Sir, may I intervene and say that we have agreed to the amendment by which it is not being applied to industries and it is being restricted to Government services including the Local Bodies.

Voices: No, no. Not the Local Bodies.

Mr. Abdus Sattar Pirzada: It has been agreed. It is being restricted to the Local Bodies, Civil Defence Services, Sanitary Services and Communications. We are now moving an amendment. I would, therefore, suggest, Sir, that the debate be curtailed.

سید شمیم حسین قادری — پیرزادہ صاحب نے ابھی فرمایا ہے کہ وہ سرکاری محکموں اور لوکل باڈیز پر اس قانون کا نفاذ کرنا چاہتے ہیں۔ میں ان سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ ان کے پاس لوکل باڈیز پر اس کے نفاذ کی کیا وجہ جواز ہے؟

پیرزادہ عبدالستار — It is a semi-Government body.

سید شمیم حسین قادری — اس طرح تو پی۔ آئی۔ اے۔ ٹرانسپورٹ بورڈ اور پی۔ آئی۔ ڈی۔ سی پر بھی یہ بل عائد ہوتا ہے۔ یا پھر حکومت ان اداروں کو nationalize کر دے۔ (شور اور قطع کلامیاں)۔

Mian Muhammad Shafi: On a point of order. Sir, the Government had promised that they will not insist upon the inclusion of Local Bodies. They have gone back on their word.

ایک آواز — لوکل باڈیز تو ضروری ہیں۔

Mian Muhammad Shafi: Let us see the amendment.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : I think you should accept the amendment and save the time of the House.

Rana Gul Muhammad Noon: Let us see the amendment.

(Mr. Abdus Sattar Pirzada then handed over the proposed amendment to Syed Shamim Hussain Qadri).

Mr. Speaker: The honourable member should withdraw his amendments now.

Syed Shamim Hussain Qadri: Sir, I am prepared to withdraw them.

Mr. Speaker: Has the honourable member leave of the House to withdraw his amendments ?

Voices: Yes.

The amendments were by leave of the House, withdrawn.

Syed Shamim Hussain Qadri: Sir, I beg to move—

"That for clause 3, the following be substituted:—

"3. This Act shall apply to all employments under Government or any agency set up by it or a local authority or any service relating to Transport or Civil Defence".

Mr. Speaker: The question is—

"That for clause 3, the following be substituted:—

"3. This Act shall apply to all employments under Government or any agency set up by it or a local authority or any service relating to Transport or Civil Defence".

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 3, as proposed stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 4

The motion was carried

Mr. Speaker : Mian Manzoor-i-Hassan.

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala district) : I beg to move :

That in paragraph (*c*) of clause 2, after the word 'Gazette' appearing in line 2, the words 'and press' be added.

Mr. Speaker : The question is :

That in paragraph (*c*) of clause 2, after the word 'Gazette' appearing in line 2, the words "and Press" be added.

The motion was lost

Mr. Speaker : Mian Manzoor-i-Hassan.

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala District) : Sir, I beg to move :

That the following new paragraph (*d*) be added to clause 2 :—

"(*d*) A licensee and permit holder for the purpose of dealing and manufacture shall be a *bona fide* dealer or manufacturer or consumer of more than three years."

جناب والا ۔ ابھی ابھی میں نے چند خدشات کا اظہار کیا تھا ان میں سے ایک یہ ہے اور جسکی بنا پر میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ وہ اشیائے خوردنی سے چیزیں بنا کر بیچنے والوں اور ان کو تیار کرنے والوں کو لائیسنس اور پرمٹ جاری کریں گے تو پھر جو لوگ پہلے سے یہ کاروبار کر رہے ہیں یا کاروبار کرتے رہے ہیں وہ ان کو لائسنس دینے کے بجائے ان کو محروم کر کے اپنی پسند کے آدمی اپنے خاص آدمی لے آئینگے ۔ میں چاہتا ہوں کہ لائیسنس ضرور دیں اور اپنی پسند کے آدمیوں کو دیں لیکن جو پہلے سے کاروبار کر رہے ہیں ان ہی لوگوں میں سے دیں ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That the following new paragraph (*d*) be added to clause :—

"(*d*) A licensee and permit holder for the purpose of dealing and manufacture shall be a *bona fide* dealer or manufacturer or consumer of more than three years."

قاضی مرید احمد—صدر محترم ۔ میں میاں منظور حسن کی ترمیم کی تائید کرتا ہوں مجھے اجازت دی جائے میں صرف دو منٹ چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—فرمائیے ۔

قاضی مرید احمد— (ضلع سرگودھا)—صدر محترم ۔ میں اس سلسلہ میں مختصراً یہ عرض کروں گا کہ بسا اوقات ان لوگوں کی جو مستحق ہوتے ہیں بڑی حق تلفی ہوتی ہے ۔ اور جن حضرات کا

تعلق وزراء صاحبان سے ہوتا ہے وہ نہ صرف خود بلکہ ان کے دوست احباب اور رشتہ دار وزیر صاحب کے دوست کے دوست ہونے کی حیثیت سے بالکل ناجائز پرمٹیں حاصل کرتے ہیں - اس سے ان لوگوں کی جو ان چیزوں کا کاروبار کرتے ہیں حق تلفی ہوتی ہے - اس سے تجارت بالکل تباہ و برباد ہو رہی ہے - میں اس مہینہ کا ایک واقعہ آپکی وساطت سے وزرا صاحبان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - میں اسے پورے وثوق کے ساتھ بیان کرتا ہوں اور اسکی ذمہ داری لیتا ہوں - ہمارے پاس تحریر موجود ہے کہ پرائم منسٹر کے پولیٹیکل سیکرٹری نے گوجرانوالہ کے چند بیوپاریوں سے چالیس ہزار کی رقم صرف چاول کے پرمٹ کے حصول کے لئے لی - اس کے بعد دوسرے ہی روز چاول کی نقل و حمل کھل گئی - لیکن جناب وہ رقم لے چکے تھے اس لئے وہ رقم غت و ربود ہو گئی - یہ واقعات ہیں جن کی بنا پر میں اس ترمیم کی تائید کرتا ہوں - اگر پرمٹ ان لوگوں کو دیئے گئے جو حقدار ہیں - جنہیں اس کی واقعی ضرورت ہے تب تو یہ کام اچھی طرح چلے گا ورنہ یہ کام بالکل نہ چل سکے گا -

مسٹر سپیکر—قاضی مرید احمد صاحب - تشریف رکھئے - میری بات سنئے -

قاضی مرید احمد—جناب بات تو تلخ ہے لیکن جیسے آپ فرمائیں -

مسٹر سپیکر—یہ ترمیم اس بات کے لئے ہے کہ پرمٹ کن لوگوں کو دیئے جائیں - لہذا آپ اس کے لئے کچھ فرمائیے -

قاضی مرید احمد—آپ کسی ہائی کورٹ کے جج کو مقرر کر دیں - جو اسکی تحقیقات کریں - میں اس کی پوری ذمہ داری لیتا ہوں -

مسٹر سپیکر—یہ بات غیر متعلقہ ہے -

قاضی مرید احمد—کیا پرائم منسٹر کے پولیٹیکل سیکریٹری کا یہ کام ہے کہ وہ لوگوں کو پرمٹ دلائے ؟

میاں منظور حسن—قاضی صاحب آپ یہ زیادتی کر رہے ہیں کیا وہ اپنے آدمیوں کے روزگار بھی نہ کھولیں ؟

قاضی مرید احمد—یہ نقصان تو آپ ہی کے ضلع کا ہے - چالیس ہزار روپیہ آپ ہی کے ضلع سے گیا ہے -

مرزا ممتازحسن قزلباش—(وزیر خوراک وسول سپلائی) جناب صدر - انکی تجویز ناقابل عمل ہے اور ناقابل قبول - وہ چاہتے ہیں کہ نئے آدمیوں کو اجازت نہ دی جائے - صرف پرانے آدمیوں ہی کو اجازت نامے دئے جائیں - اس طرح پرانے آدمیوں کی monopoly رہے گی - اور جو مقصد ہے وہ پورا نہ ہوگا - حکومت چاہتی ہے کہ نئے آدمیوں کو بھی اجازت نامے دئے جائیں - تاکہ پرانے آدمیوں کی monopoly نہ ہونے پائے اس کے علاوہ معزز ممبر نے جو ترمیم پیش کی ہے وہ مبہم بھی ہے - وہ کہتے ہیں :—

A licensee and permit holder for the purpose of dealing and manufacture shall be a *bona fide* dealer or manufacturer or consumer of more than three years.

تین سال سے انکی کیا مراد ہے - کیا انکی مراد یہ ہے کہ وہ تین سال سے زائد عمر کا ہو اگر یہ نہیں ہے تو کیا ہے - اس ترمیم سے کچھ پتہ نہیں چلتا - لہذا میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں -

Mr. Speaker : The question is :—

That the following new paragraph (*d*) be added to clause 2 :—

"(*d*) A license and permit holder for the purpose of dealing and manufacture shall be a *bona fide* dealer or manufacturer or consumer of more than three years."

The motion was lost

Mr. Speaker : The question is —

"That Clause 2, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried

Clause 3

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala district) : Sir, I beg to move :

That in part (*a*) of sub-clause (2) of clause 3, the semi-colon appearing at the end be replaced by a comma and the following added thereafter :—

"through *bona fide* producers and manufacturers of at least 3 years continuous standing ;"

"supply thereof and trade and commerce therein".

جناب والا - حکومت اس مجوزہ کلاز کے تحت یہ اختیارات لے رہی ہے کہ جسکو وہ چاہے گی اشیائے خوردنی سے کسی چیز کے تیار کرنے یا تیار کر کے فروخت کرنے کی اجازت دے گی اور جسے چاہے گی نہ دے گی - جناب والا یہ تو ایک بین بات ہے کہ اس وقت سینکڑوں آدمی اشیائے خوردنی کو مختلف طریقوں سے اور مختلف ذریعوں سے تیار کر کے بیچ رہے ہیں اگر اس کلاز کو قانون کا جزو قرار دیا گیا تو حکومت جس کا چاہیگی کاروبار بند کر دے گی اور جس کو چاہے گی اس کا کاروبار شروع کرا دے گی - ہمارے صوبہ میں پرمٹ اور لائیسنس کا روزگار عام اور بدنام

ہو چکا ہے اور انکے ذریعہ صوبہ میں اس قدر رشوت ستانی ۔ بد عنوانی اور اقرباپروری ہو رہی ہے کہ میرے خیال میں ہر ذی ہوش اور صاحب فہم آدمی کے لئے یہ چیز باعث شرم ہے ۔ تو جناب والا اگر اتنے اختیارات اس حکومت کو دے دیئے گئے تو وہ یقینا لائسینس اور پرمٹ کے ذریعے بہت سے لوگوں کو نقصان عظیم پہنچائیگی اور کاروبار سے محروم کر دے گی جو نہ صرف خلاف قانون ہوگا بلکہ آئین کے خلاف ہوگا ملک کے دستور کے خلاف ہوگا اور انسانیت کے بھی خلاف ہوگا ۔ انکو چاہئیے کہ جو لوگ پہلے سے یہ کام کر رہے ہیں ان ہی میں سے لوگوں کو پرمٹ دیں ۔ زیادہ سے زیادہ وہ یہ گنجائش رکھ سکتے ہیں کہ اگر کسی پیشہ میں پہلے سے کام کرنے والا کوئی نہیں ہے تو پھر نئے آدمی کو اجازت نامہ دیدیا جائے اس طرح وہ نہ کسی سے اسکا کاروبار چھین سکیں گے اور نہ رشوت ستانی اور لاقانونیت کے دروازے کھول سکینگے ۔ انہیں چاہئے کہ وہ کسی نہ کسی جائز طریقہ سے کام چلانے کی کوشش کریں ۔

چوہدری محمد الطاف حسین—(ضلع جہلم) میاں صاحب کی ترمیم اپنی جگہ پر اتنی اہم ہے کہ میرے خیال میں اگر اسکو قبول نہ کیا گیا تو ہم ایک نیا ہتھیار اس قانون کے تحت حکومت کو دے دیں گے جس کا استعمال انتہائی غلط ہو سکتا ہے ۔ جس واقعہ کا ابھی ابھی ذکر قاضی صاحب نے فرمایا ہے ۔

مسٹر سپیکر — یہ irrelevant ہے ۔

چوہدری محمد الطاف حسین — میں یہ کہونگا کہ آسٹریلیا ہوٹل کے کمرہ نمبر ۷ میں ۱۳ تاریخ سے ۲۲ تاریخ تک پرمٹوں کا کاروبار جاری رہا ۔ میں پوری ذمہ داری سے کہتا ہوں ۔ چیف منسٹر صاحب اس معاملہ کی اپنی سی آئی ۔ ڈی ۔ سے تحقیقات کرالیں ۔ میں یہ دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ۱۳ تاریخ سے ۲۲ تاریخ تک پرائم منسٹر کے پولیٹیکل سیکریٹری پرمٹوں کی تجارت کرتے رہے اور کئی لاکھ روپیہ لوگوں سے بٹور کر لے گئے ۔

Mr. Speaker : Mr. Altaf Hussain, you are indulging in irrelevant remarks. Your conduct and behaviour is utterly disorderly. The amendment relates to producers and manufacturers and you are talking of something

which is beyond the scope of this amendment. I warn you that if in spite of my repeated requests to you, you indulge in such things. I will turn you out of this House.

Rana Gul Muhammad Noon : While discussing trade and commerce, the honourable member is perfectly justified in his criticism.

Mr. Speaker : I have given my ruling. It had no relevancy at all.

The question is—

That in part (c) of sub-clause (2) of clause 3, the semi-colon appearing at the end be replaced by a comma and the following be added thereafter—

"through *bona fide* producers and manufacturers of at least three years continuous standing;

"supply thereof and trade and commerce therein,"

The motion was lost.

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala district) :—Sir, I beg to move—

That in part (c) of sub-clause (2) of clause 3 the semi-colon appearing at the end be replaced by a comma and the following be added thereafter :—

"through *bona fide* dealers in foodstuffs of at least 3 years continuous standing:

Provided that such order will neither apply to the transport by a producer of his produce of crops from fields to Mandi or to his own store; not to storage kept by him for his dersonal and his dependents' requirements and for agricultural purpose."

جناب والا ۔ میں نے یہ ترمیم اس غرض سے پیش کی
ہے کہ بعض اوقات حکومت کے بڑے بڑے افسروں کو پتہ چلے
بغیر نیچے کے کارندے ایسے کارنامے کر جاتے ہیں جنہیں
دیکھ کر آدمی دنگ رہ جاتا ہے اور اس طرح وہ افسروں
کے نام پر ہزاروں روپے کی رشوت وصول کر جاتے ہیں ۔
مثلاً وہ اپنے افسر سے ملنے چلے جاتے ہیں اور ان سے موسم
کے متعلق باتیں کیں کہ باہر گرمی ہے یا سردی اور باہر
آ کر وہ جس آدمی سے سودہ کر رہے ہوتے ہیں کہہ دیتے
ہیں کہ تمہارا کام ہو جائے گا تم اتنے ہزار روپیہ دے دو ۔
غرضیکہ وہاں اس قسم کے سٹاک ایکسچینج کے دفاتر کھلے
ہوئے ہیں جہاں اس بات کے سودے ہوتے ہیں کہ فلاں
چیز کے پرمٹ کے لئے اتنے ہزار روپیہ لگے گا اور فلاں کے
لئے اتنے ہزار دو گے تو ہم تمہارا کاروبار کرا دیں گے ۔
وغیرہ وغیرہ ۔ میرا خیال ہے کہ اگر ہم اس ضمن میں
سختی کریں اور صرف پرانے آدمیوں کو کام کرنے کا موقع
ملے تو اس سے بد نظمی اور رشوت کا سدباب ہو سکتا ہے
اور اپنے نئے آدمیوں کو لائیسنس عطا کرنے کے داغ سے بھی
آپ کا دامن بچا رہے گا ۔

نقل و حرکت کے ضمن میں یہ چاہتا ہوں کے جہاں
تک زمینداروں کا تعلق ہے ان کو منڈی تک یا جہاں تک
ان کے ذخائر ہیں وہاں تک اپنا مال لے جانے پر کوئی
پابندی عائد نہیں کی جانی چاہئے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں
یہ ترمیم بغرض منظوری ایوان میں پیش کرتا ہوں ۔

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (Minister of Food and Agriculture): I cannot accept this amendment, because the Government has already given full facilities to the transport of foodstuff to the Mandis. Therefore, there is no need to have this amendment.

Mr. Speaker : The question is—

That in part (*c*) of sub-clause (2) of clause 3 the semi-colon appearing at the end be replaced by a comma and the following be added thereafter :—

"through *bone fide* dealers in foodstuffs of at least 3 years continuous standing :—

Provided that such order will neither apply to the transport by a producer of his produce of crops from fields to Mandi or to his own store ; not to storage kept by him for his personal and his dependents' requirements and for agricultural purpose."

The motion was lost.

Syed Shamin Hussain Qadri (Lahore district) : Sir, I beg to move—

That paragraphs (*e*), (*f*), (*g*) and (*h*) of sub-clause (2) of clause (3) be deleted.

Sir, sub-clause (*e*) reads thus :—

"for requiring any person holding stock of any foodstuffs to sell the whole or a specified part of the stock to such persons or class of persons or in such circumstances as may be specified in the order."

This clause again gives very vast powers to Government, although the Government has already got powers under sub-clause (1) of clause 3, "for regulating or prohibiting the keeping, storage, movement transport, supply, distribution, disposal acquisition, use or consumption" of foodstuffs. They have got almost every power in every sphere. I don't think after that sub-clause (*e*) is at all necessary.

Then regarding (*f*), I will submit that it says—

"for regulating or prohibiting any class of commercial or financial transactions relating to any foodstuffs which, in the opinion of the authority making the order is, or is likely to be detrimental to public interest."

This is a great violation of the Constitution. Sir, under article 11 of the Constitution, it is an individual's right to trade in any commodity or to hold any property or to move anywhere he likes. Here they are putting a bar against certainpeople doing a trade, which they are normally entitled to do. Sir, this bar is, again, I think unnecessary, because even if they want to control the foodstuffs, they should not hamper the normal flow of business in foodstuffs. The position would be that owing to the control of certain articles, the controller would require certain dealers, who are doing business in commodities within the scope of his order, not to carry on their business. That is a thing, which the Government should not do.

Regarding (*g*), it is quite alright and I don't oppose it.

Regarding (*h*), it says—

"for requiring persons engaged in the supply or distribution of, or trade or commerce in, any foodstuffs, to maintain and produce for inspection such books, accounts and records relating to their business and to furnish such information relating thereto as may be specified in the order."

Now, Sir, the result of this clause would be that every person, who is producing these foodstuffs, will be required to maintain certain records. Whether he is a big landlord or a petty land-holder owning only 2 acres, he will have to maintain the books and it is very difficult for uneducated people living in the country side to keep such records.

With these remarks, Sir, I submit that my amendment may be accepted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :—

That paragraphs (*e*), (*f*), (*g*) and (*h*) of sub-clause (2) of clause 3 be deleted.

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (Minister for Food and Agriculture) : Sir, I regret, that I cannot agree to the deletion of these four clauses, because it will cripple the Government in their effort to procure foodstuffs. Clause (*e*) is most essential because it is under this claue that Government has armed itself with the power of requiring the producer to surrender for sale to Government such quantities of foodstuffs that the Government require for distribution to the deficient areas.

As regards (*f*), it is essential to control trade, because people indulge in "satta" and forward purchases. The result of this "satta" and forward purchases is that the prices go up and this hits the consumer adversely.

As regards (*g*), I must say that, it is impossible to administer the control orders without having correct statistics and correct information.

As regards (*h*), it is essential that any person, who engages in trade, should be required to produce the record, which he has got and which he will be required to maintain if he is a big dealer. So far as the maintenance of accounts is concerned, I can give an assurance to the House that these rules will be enforced in a reasonable manner and will cause as little hardship to the people as possible.

Mr. G. Allana : Sir, I only want one clarification from the Hon'ble Minister. In paragraph (*f*) the words occur "authority making the order". Now I think there is a little confusion and I would like him to clarify it. There are three authorities in the Act; one is the "Government"; second, "authority making the order" and the third, probably in para. (3), "authorised controller". There is no definition in this Bill of the word suthority and the authorized controller. I only want that these terms should be clearly specified in the Bill or there should be an explanation from the Minister, which clarifies the position. Otherwise, there might be litigation. In order to avoid that and in order to make the public understand as to what is the meaning and spirit of this Bill, I would like the Minister, without reference to Mr. Shamim's objections, to clarify as to what is the meaning of the word authority making the order, as it is not specified.

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash : Authority is the Government and the person to whom the power will be delegated. As regards item (3), "the authorised controller", I have agreed to the deletion of sub-clauses (3) and (4); therefore, the question will not arise.

Mr. G. Allana : If it is the Government, would it not be better to put the word Government instead of authority ?

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash : In certain clauses, powers are delegated to the Deputy Commissioner, Director of Food and Deputy Director of Food; so it would be better to leave it at that.

Mr. Speaker : The question is—

That paragraphs (*e*), (*f*) (*g*) and (*h*) of sub-clause (2) of clause 3 be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Mian Manzoor-i-Hassan, you may move both of your amendments to this clause.

Mian Manzoor-i-Hassan : (Gujranwala district) : Sir, I beg to move:

1. That the following be added as proviso to paragraph (*i*) of sub-clause (2) of clause 3 :

"Provided that articles seized, shall be returned back, in case the seizing authority fails to register a case, within a fortnight of such seizure".

2. That in sub-clause (2) of clause 3, the full-stop appearing at the end be deleted and the following be added thereafter :—

"and such orders, shall be laid before the Provincial Assembly of West Pakistan, for its approval, in its earliest session."

جناب والا ۔ اس کلاز کی رو سے حکومت محکمہ خوراک کے ملازمین کو یہ اختیار دے رہی ہے کہ وہ جب کبھی چاہیں کسی کے مکان میں داخل ہو جائیں اور خوراک سے متعلقہ جو چیز چاہیں وہاں سے اٹھا کر اپنے قبضہ میں کرلیں ۔ حضور والا کئی دفعہ ایسا ہوا ہے کہ وہ ایک آدمی کے مکان میں یا دکان میں یا گودام میں داخل ہوئے انہوں نے مال اپنے قبضے میں لیا اور اپنے پاس رکھ چھوڑا ۔ اس آدمی کے لئے بعض اوقات کوئی جائے فریاد نہیں ہوتی کیونکہ نہ وہ اس معاملے کو کسی عدالت میں دیتے ہیں اور نہ مال واپس کرتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ اس ضمن میں یہ ہو جائے کہ اگر وہ چودہ دن کے اندر اندر اس شخص پر کوئی جرم عائد نہ کریں تو اس کا مال اسے واپس کر دیا جائے ۔

جناب والا ۔ دوسری گذارش یہ ہے کہ حکومت یہ بڑے دور رس قسم کے اختیارات لے رہی ہے کہ وہ نقل و حمل پر پابندیاں عائد کرے گی ۔ لائسنسوں کی نسبت قوائد بنائے گی اور قیمتوں کے مقرر کرنے اور اجناس کے فروخت کرنے کے متعلق قوائد مرتب کرے گی میں سمجھتا ہوں یہ ضروری ہے کہ اس ہاؤس سے بھی ان چیزوں کے لئے منظوری لی جائے اور ایسے اختیارات کی تفویض کے سلسلے میں جیسا کہ ہاؤس آف کامنز میں ہوتا ہے ایسے ہی یہاں بھی ہونا چاہئے۔ اس سے ہمیں معلوم ہو جائے گا کہ ہماری حکومت نے جو اختیارات حاصل کئے تھے وہ انکو کس طرح استعمال کر رہی ہے تاکہ اگر ضرورت پڑے تو یہ ایوان اس میں مداخلت کر سکے ۔ یہ طریق کار نہ صرف جمہوری ہے بلکہ لازمی

ہے - اس لئے میں درخواست کروں گا کہ اس ترمیم کو منظور فرمایا جائے -

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash : (Minister of Food, Agriculture and Civil Supplies) : Sir, I oppose these amendments.

Mr. Speaker : The question is :

1. That the following be added as proviso to paragraph (i) of sub-clause (2) of clause 3 :—

"Provided that articles seized, shall be returned back, in case the seizing authority fail to register a case, within a fortnight of such seizure."

2. That in sub-clause (2) of clause 3, the full-stop appearing at the end be deleted and the following be added thereafter :—

"and such orders, shall be laid before the Provincial Assembly of West Pakistan for its approval, in its earliest session."

The motion was lost

Syed Shamim Hussain Qadri (Lahore District) : Sir, I beg to move :

That sub-clause (3) of clause 3 be deleted.

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (Minister for Food and Supply) : Sir, I accept this amendment.

Mr. Speaker : The qnestion is :

That sub-clause (3) of clause 3 be deleted.

The motion was carried

Syed Shamin Hussain Qadri (Lahore District) : Sir, I beg to move :

That sub-clause (4) of clause 3 be deleted.

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (Minister for for Food and Supply : Sir, I accept this amendment.

Mr. Speaker : The question is :

That sub-clause (4) of clause 3 be deleted.

The motion was carried

Mr. Speaker : The question is :

That clause 3, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried

Clause 4

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala District) : Sir, I beg to move :

That in clause 4 between the words ,'authority" and sub-ordinate'' appearing in line 5, the following be inserted :—

"not below the status of a Deputy Commissioner".

جناب والا - حکومت اس کلاز کے ذریعہ اختیارات کو آگے تفویض کر رہی ہے یعنی جو اختیارات ہم نے انہیں ڈیلیگیٹ کرنے ہیں ان کے متعلق وہ کہتے ہیں کہ ہم یہ اختیارات اپنے ماتحت افسروں کو دے دیں گے - جناب والا حکومت ایسی اتھارٹی کو دفعہ ۳ کے اختیارات دفعہ ۴ کے ذریعہ دے رہی ہے اور کلاز ۵ میں یہ کہہ رہی ہے

کہ ایسے احکام اگر کسی موجودہ قانون کے خلاف بھی ہوں تو انہیں اس قانون پر فوقیت حاصل ہوگی - یہ بڑی خطرناک چیز ہے کہ نہ صرف موجودہ قوانین پر اسے فائق کیا جا رہا ہے بلکہ اسے موجودہ ایوان کے کسی آرڈر پر بھی فوقیت حاصل ہوگی - یہ نہ صرف خلاف قانون ہے بلکہ خلاف آئین بھی ہے اور پھر ایسے احکام کو یہ قوت حاصل ہوگی کہ وہ ہر وقت کسی آدمی کے خلاف استعمال ہو سکیں گے - مسٹر انتھنی ایڈن جب جنیوا کنونشن میں شرکت کرنے کے لئے گئے تو انہوں نے کہا کہ انگلستان میں ایک بڑی چیز یہ ہے کہ "I shall not be punished for unknown offences" میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ ان شہریوں پر اتنا ظلم نہ کیجئے اور ان کے ساتھ مغل اعظم جیسا سلوک نہ کیجئے - بلکہ ان کو اپنے برابر سمجھئے - وہ آپ کے بھائی بند اور آپ کی قوت ہیں - آپ ان کو ایسے احکام دیں جن سے ان کے علم میں اضافہ ہو اور جن سے وہ اچھے شہری بن کر ملک و قوم کی خدمت کر سکیں - نہ یہ کہ ان کو سنگین سزاؤں سے ڈراتے دھمکاتے رہیں - میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اس Sub-delegation سے بعض اوقات نقصان دہ نتائج برآمد ہو سکتے ہیں -

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی ترمیم پیش کرتا ہوں -

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 4 between the words "authority" and "subordinate" occurring in line 5 the following be inserted:—

"not below the status of a Deputy Commissioner."

قاضی مرید احمد - (ضلع سرگودھا) - صدر محترم - یہ ترمیم جو میاں منظور حسن صاحب نے پیش کی ہے میں نے بھی ویسی ہی ایک ترمیم بھیجی تھی مگر ضابطے کی رو سے اسے پیش کرنے کی اجازت نہیں دی گئی - صرف میاں صاحب کی ترمیم کی تائید کرنے کی اجازت دی گئی ہے لہذا میں اسی پر اکتفا کرتا ہوں - میں اس ترمیم کی محض اس لئے تائید کرنا چاہتا ہوں کہ گذشتہ دو برسوں کے

دوران اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ ہماری یہ حکومت بڑے بڑے ضلعے بعض اوقات ایسے آدمیوں کی تحویل میں دیتی رہی ہے جن کی تعلیم دو دو جماعتوں تک رہی ہے اور جو بڑی مشکل سے پولیس کنسٹیبل کی قابلیت رکھتے تھے - میں چاہتا ہوں کہ خوراک کا مسئلہ ضلع کے سب سے زیادہ ذمہ دار افسروں کو سپرد کیا جائے کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ اگر خدا نخواستہ کسی ضلع کی خوراک کی زمام اقتدار کسی ایسے آدمی کے ذمے کی گئی جس کی مدت ملازمت دو سال یا اس کے لگ بھگ ہو یا جس کی اچھی خاصی تعلیم نہ ہو یا جسے معلوم ہو کہ میری ملازمت تھوڑی مدت کے لئے ہے تو اس سے خوراک جیسا اہم مسئلہ خاطر خواہ طریق سے حل نہ ہو سکے گا - لہذا حکومت کا فرض ہے کہ وہ اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے موزوں افسر مقرر کرے - آج کل کی طرح نہ ہو کہ برسر اقتدار سیاسی پارٹی کے حامیوں کو بڑے بڑے عہدوں پر مقرر کیا جاتا ہے جو ملک و ملت کے مفاد کو پس پشت ڈال کر اپنے ہاتھ رنگنے کی کوشش کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ''بابر بعیش کوش کہ عام دوبارہ نیست''۔

اس لئے میں وزیر متعلقہ کی خدمت میں نہایت ادب سے گذارش کرونگا کہ خوراک کے مسئلے کے حل کرنے کے فرائض ضلع کی قابل احترام اتھارٹی کو جسے ڈپٹی کمشنر کہتے ہیں سونپے جائیں - اس کی بجائے اگر آپ نے یہ فرائض اسی طرح کسی نتھوخھیرے کو سونپ دئے جس طرح حسن محمود صاحب لوکل باڈیز کے سونپ رہے ہیں تو خوراک کی حالت اور بھی ابتر ہو جائے گی - اس لئے میری گذارش ہے کہ آپ ضلعوں کے ڈپٹی کمشنروں پر اعتماد کریں - میں سمجھتا ہوں اگر آپ کی حکومت کے ہوتے ہوئے ہمیں ڈپٹی کمشنروں پر بھروسہ ہے تو آپ کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہونا چاہئے -

ان الفاظ کے ساتھ میں میاں منظور حسن صاحب کی تمیم کی تائید کرتا ہوں -

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (Minister for Food and Supply) : Sir, I oppose this amendment for the reason that all orders are not passed by the Government and there are a few orders that are passed by other authorities, for instance, by the Collector of the District or the Deputy Director of Food. Now, it is very difficult to determine whether the Deputy Director, Food, enjoys the status of a Deputy Commissioner. In some cases, of course, the District Food Controller may also pass orders, but they are very few. These rules have been enforced for the last so many years and not an occasion has arisen when an order was wrongly passed. In future also the orders passed will be reasonable.

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 4 between the words "authority" and "subordinate" appearing in line 5 the following be inserted :—
"Not below the status of a Deputy Commissioner."

The motion was lost

Mr. Speaker : The question is :—

That clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The Assembly stands adjourned to meet again at 9 p.m. tonight.

The Assembly then adjourned till 9 p. m.

The House re-assembled at 9-10 p.m. of the clock. Mr. Speaker in the chair

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash (Chief Minister) : Sir, I have to make a statement. Certain allegations have been made this morning about an honourable gentleman who cannot defend himself and I think I should take the first opportunity of bringing the facts to the notice of the House as they stand. Chaudhri Muhammad Altaf Hussain has said this morning that—

"میں یہ کہوں گا کہ آسٹریلیا ہوٹل کے کمرہ نمبر ۷
میں ۱۳ تاریخ سے ۲۲ تاریخ تک پرمٹوں کا کاروبار جاری رہا -
میں یہ پوری ذمہ داری سے کہتا ہوں - چیف منسٹر صاحب
اس معاملہ کی اپنی سی - آئی - ڈی - سے تحقیقات کرا لیں -
میں یہ دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ۳ تاریخ سے ۲۲ تاریخ تک پرائم منسٹر
کے پولیٹکل سیکرٹری پرمٹوں کی تجارت کرتے رہے -

Mr. Speaker : This is a very very serious allegation.

Mian Muhammad Shafi : How is this House interested in this statement ?

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : As the leader of the House I am always entitled to make a statement. Certain very serious allegations have been made in this House against an officer who cannot defend himself here. It is my duty to defend him and let the House know the facts (loud applause and cheers) and show to the world that what is said this morning is absolutely false. Sir, from the speech of Mr. Muhammad Altaf Hussain which I have just read out it appears that Raja Ahmed Ali, Political Secretary to the Prime Minister, has been trading in permits. All that I can say is that it is absolutely untrue. Raja Ahmed Ali in his political career is one of the most honest gentleman, we have had, and such things should not be said against a person who is not a member of this House and thus cannot defend himself.

If such allegations were made outside this House, the Officer concerned would have had an opportunity to take the matter to the Court of Law to vindi-

cate his honour and to prove that such allegations were not correct. On my part I would say that the allegations made this morning are absolutely incorrect.

(*Loud applause*)

Clause 5

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala District) : Sir, I beg to move—

That for the existing clause 5, the following be substituted :—

"(5) Any order made under sedition 3, shall have no effect, if it were inconsistent with other enactments."

جناب والا ۔ دنیا کی پارلیمانی تاریخ میں یہ مثالیں تو ملتی ہیں کہ کسی سابقہ قانون کو مجلس قانون ساز میں پیش کر کے وقتی تقاضوں کے پیش نظر اسے جدید قانون کی شکل میں تبدیل کیا جائے لیکن ایسی مثال دنیا کی کسی پارلیمانی تاریخ میں آپ کو نہیں ملیگی کہ کوئی ایسا نیا قانون بنا دیا جائے جس کی رو سے حکومت کے کسی افسر کو یہ اختیار دے دیا جائے کہ وہ کسی رائج قانون کو منسوخ قرار دے دے ۔ جناب والا ۔ قرون وسطیٰ میں بادشاہ کے منظور نظر ملازمین کو یہ طاقت ضرور حاصل تھی کہ ان کا فرمودہ قانون کی حیثیت رکھتا تھا لیکن موجودہ زمانے میں قانون اسی کو سمجھا جاتا ہے جو مجلس قانون ساز میں قومی نمائندوں کی مدد سے مرتب کیا جائے ۔ لیکن اس بل میں یہ ہے کہ اس افسر کا حکم درست سمجھا جائے گا مگر اس میں اس افسر کی کوئی نشان دہی نہیں کی گئی ۔ صرف اتنا کہا گیا ہے کہ حکومت جو افسر مقرر کرے اسے یہ اختیار ہوگا کہ اگر وہ کسی موجودہ قانون کو نا مناسب سمجھے تو اسے کالعدم قرار دے دے ۔ لیکن اس افسر کا نام نہیں بتلایا گیا اس کی حیثیت نہیں بتلائی گئی ۔ اور اس کا عہدہ نہیں بتلایا گیا خواہ وہ ان کا چوبدار ہی کیوں نہ ہو وہ اگر یہ حکم دے گا کہ فلاں قانون کالعدم قرار دیا جاتا ہے تو اس کے خلاف کوئی شنوائی نہیں ہوگی ۔ یہ چیز آج تک سننے میں نہیں آئی اور یہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا ۔ میرے خیال میں یہ اس معزز ایوان کی توہین کے مترادف ہے کہ اس قسم کا قانون یہاں منظور کیا جائے ۔ لہذا میری یہ گذارش ہے کہ اس پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جائے اور پورے طور پر سوچ بچار کرنے کے بعد یہ فیصلہ کیا جائے کہ آیا کلاز ۵ میں جو کچھ انہوں نے تجویز کیا ہے وہ رکھا جائے یا جو میں نے ترمیم پیش کی ہے وہ رکھی جائے ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That for the existing clause 5, the following be substituted :—

"(5) Any order made under section 3, shall have no effect, if it were inconsistent with other enactments."

مرزا ممتاز حسن قزلباش - وزیر خوراک جناب صدر۔ میاں منظور حسن نے غالباً اس کا بغور مطالعہ نہیں کیا ۔ یہ دفعہ اس قانون میں کوئی نئی دفعہ نہیں ہے ۔ کئی سال سے یہ قانون میں شامل رہی ہے اور اس پر عمل درآمد ہوتا رہا ہے ۔ اس کا مدعا یہ ہے کہ جو آرڈر اس قانون کے تحت پاس کیا جائیگا اگر وہ کسی موجودہ قانون کے خلاف ہو تو جو آرڈر اس قانون کے تحت پاس کیا جائیگا وہ prevail کریگا ۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس سے ہر موجودہ قانون کالعدم ہو جائے گا بلکہ اس کا مقصد یہ ہوگا کہ فوڈ کنٹرول آرڈر کے سلسلہ میں جو قانون ہو گا وہ prevail کرے گا ۔

یہ ایک معمولی سی پروویژن ہے ۔ اس پر پہلے بھی عمل درآمد ہوتا رہا ہے اور کبھی کسی نے اعتراض نہیں کیا ۔ انہوں نے اس کو جو معنی پہنائے ہیں وہ غلط ہیں ۔ اس لئے میں اس تجویز کو منظور کرنے سے قاصر ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That for the existing clause 5, the following be substituted :—

"(5) Any order made under section 3, shall have no effect, if it were inconsistent with other enactments."

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is :

That clause 5 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 6

Mina Manzoor-i-Hassan (Gujranwala District) : Sir, I beg to move—

That in clause 6, sub-clause (1) the comma appearing at the end of line 3 be deleted and the following be added thereafter :—

"which may extend to rupees two thousand."

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ضمن میں جو بھی خلاف ورزی کرے اس کو سخت سے سخت سزا دینی چاہئے ۔ لیکن انہوں نے خلاف ورزی کرنے والے کیلئے جرمانے کی رقم کا تعین نہیں کیا صرف "تین سال قید یا جرمانہ یا دونوں" کے الفاظ درج ہیں ۔ میرے خیال میں عدالتوں کو کھلی چھٹی نہیں دینی چاہئے ۔ اس صورت میں وہ صرف ایک روپیہ یا ایک سو روپیہ یا پانچ سو روپیہ جرمانہ کر سکتی ہیں ۔ ہماری قومی زندگی

میں جو اشخاص خلل اندازی کریں ان کو اس کلاز کے تحت معمولی سے معمولی سزا دی جا سکتی ہے - اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ کم از کم جرمانہ دو ہزار روپیہ ہونا چاہئے -

منسٹر سپیکر — آپ نے تو دو ہزار روپیہ تک جرمانے کی حد مقرر کی ہے - آپ کی ترمیم کے مطابق تو ایک روپیہ جرمانہ بھی ہو سکتا ہے -

میاں منظور حسن—جناب والا - مرکزی حکومت نے ۱۹۵۲ء میں ایک حکم جاری کیا تھا جس میں سگریٹ کو بھی foodstuffs میں شامل کر لیا تھا -

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (Minister of Food, Agriculture and Civil Supplies) : That was not done under foodstuffs but was done under essential supplies.

میاں منظور حسن—ایک لائسنسدار سگریٹ فروش نے غالباً دو پیسے والا سگریٹ تین پیسے میں فروخت کر دیا - تو حکومت نے سگریٹ کو بھی خوراک میں شامل کر دیا حکومت جس چیز کو چاہے foodstuffs میں شامل کر سکتی ہے مغل شہزادوں کو کون روک سکتا ہے - ان حالات کی بنا پر میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے -

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :—

That in clause 6 sub-clause (1), the comma appearing at the end of line 3 be deleted and the following be added thereafter :—
"which may extend to rupees two thousand."

۱۰ **مرزا ممتاز حسن قزلباش** — (وزیر خوراک و زراعت) - جناب والا - میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں - میاں منظور حسن صاحب نے ایک جگہ تو یہ تجویز کیا ہے کہ دو ہزار روپیہ سے زیادہ جرمانہ نہ ہو اور دوسری جگہ یہ کہتے ہیں اگر کسی کی لاری وغیرہ ضبط کی جائے تو اس کا لائسنس اور روٹ پرمٹ بھی منسوخ کر دیا جائے - یہ دونوں تجاویز ان کی ہیں - دیکھ لیجئے دونوں میں کتنا فرق ہے - جہاں تک foodstuffs کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملے میں بوقت ضرورت مجرموں کو زیادہ سے زیادہ سزا دینی چاہئے - اس میں کسی قسم کی رعایت کرنا پبلک مفاد کے خلاف ہوگا - لہذا میں اس چیز کو تسلیم نہیں کر سکتا کہ

اگر کوئی شخص مجرم قرار دیا جائے - تو اس کو دو ہزار روپیہ سے زیادہ جرمانہ نہ کیا جا سکے - یہ تو ایسا جرم ہے کہ زیادہ سے زیادہ سزا دینی چاہئے - اور سنگین قسم کے جرم کی صورت میں پچاس ہزا روپیہ یا ایک لاکھ روپیہ تک جرمانہ بھی ہو سکتا ہے - ان وجوہات کی بنا پر میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں -

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 6, sub-clause (1), the comma appearing at the end of line 3 be deleted and the following be added thereafter :—

"which may extend to rupees two thousand."

The motion was lost.

Syed Shamim Hussain Qadri (District Lahore) : Sir, I beg to move :

That sub-clause 2 of clause 6 be deleted.

جناب صدر - اس کلاز سے حکومت کا منشاء یہ ہے کہ اگر کسی جانور یا موٹر لاری کو اشیائے خوردنی کی در آمد و برآمد اور حمل و نقل کے لئے استعمال کیا جائے اور وہ اس قانون کی زد میں آئے تو اس کو ضبط کر لیا جائے - میری ناقص رائے میں یہ سزا حد سے زیادہ ہے - جو شخص رسل و رسائل کا ذمہ دار ہوتا ہے اس کو تو کرائے سے غرض ہوتی ہے اس لئے اس کو جو سزا دی جائے گی وہ اس کے نا کردہ گناہ کی ہوگی اور عدالتیں اس قانون پر عمل کرنے پر مجبور ہوں گی کیوں کہ ان کو اس میں کوئی discretion نہیں دی گئی - ضابطہ فوجداری کے تحت عدالت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ چاہے تو ایسی اشیا کو جن کے ضمن میں کوئی جرم سرزد ہوا ہو ضبط کرے اور چاہے تو ضبط نہ کرے - مزید برآں اس کے خلاف اپیل کا حق بھی ہوتا ہے - لیکن اس مسودہ قانون میں کوئی ایسی گنجائش نہیں ہے - اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ عدالتوں کو مجبراً یہ حکم دینا پڑے گا کہ جو سواری خواہ وہ گدھا ہو اونٹ ہو یا موٹر لاری ہو اشیاء خوراک کی ناجائز نقل و حمل کا ذریعہ بنے اس کو ضبط کر لیا جائے - میں وزیر خوراک کے ساتھ اس معاملے میں اتفاق کرتا ہوں کہ خوراک کے سلسلہ میں مجرموں کے لئے سخت سے سخت سزا ہونی چاہئے انہوں نے جس طریق سے جرمانے کی سزا تجویز کی ہے یہ

بالکل درست ہے - لیکن سواری کے متعلق جو سزا تجویز کی یہ غلط ہے -

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That sub-clause 2 of clause 6 be deleted.

قاضی مرید احمد — (ضلع سرگودھا) صاحب صدر جہاں تک اس شک کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ محترم سید شمیم حسین قادری نے اس میں نہایت مناسب اور موزوں ترمیم پیش کی ہے - جو شخص گناہ کرتا ہے اس کے ساتھ نرمی کرنا ملک و قوم کے ساتھ زیادتی کرنے کے مترادف ہے لیکن ایک عام آدمی جو بار برداری کا کام کرتا ہے شتر بان ہے یا چھکڑے والا ہے اس کو بالعموم اس کا علم نہیں ہوتا کہ جو سامان وہ لے جا رہا ہے وہ کسی کا اپنا سامان ہے یا چوری کا ہے - بلیک کرنے والے کھلے بازاروں میں بلیک نہیں کرتے بلکہ اندھیرے میں کرتے ہیں - کسی دیہات میں ان کا مال پڑا ہوتا ہے اور رات کے اندھیرے میں اس کی نقل و حمل کرتے ہیں - تو بیچارے چھکڑے والے یا شتربان کو کیا علم ہے کہ وہ چوری کا مال ہے - یہ ترمیم کوئی ایسی ترمیم نہیں ہے جس کو محض اس وجہ سے مسترد کر دیا جائے کہ یہ حذب مخالف کی طرف سے پیش کی گئی ہے - قانون کا منشاء یہ ہوتا ہے کہ نظام حکومت قائم رہ سکے اور کسی کی حق تلفی نہ ہو - جہاں تک مجھے یاد ہے ایک بہت بڑے انگریز مقنن کا قول ہے کہ یہ ہو سکتا ہے کہ کسی گنہگار کو تو چھوڑ دیا جائے لیکن یہ نہیں ہونا چاہئے کہ کسی بے گناہ کو سزا دی جائے - اس اصول کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں نہایت ادب کے ساتھ وزیر خوراک سے یہ گذارش کروں گا کہ وہ از راہ کرم اس ترمیم کو منظور کر لیں - اس کو منظور کرنے سے بلیک کرنے والوں کی یقیناً حوصلہ افزائی نہیں ہو گی اور بے گناہوں کو جو خطرہ درپیش ہے وہ ٹل جائے گا -

مرزا ممتاز حسن قزلباش - (وزیر خوراک و زراعت) جناب صدر کلاز ۶ کی سب کلاز ۲ کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس کو حذف کر دیا

جائے مگر میں حذف اختلاف کے ساتھ متفق نہیں ہو سکتا اور اس کو حذف نہیں کر سکتا - اس کا سبب یہ ہے کہ اس قسم کی پروویژن صرف اسی بل میں نہیں رکھی گئی بلکہ دوسرے کئی ایکٹوں میں بھی اسی نوعیت کے احکام موجود ہیں - اس سلسلے میں ایکسائز ایکٹ اور کسٹم ایکٹ کی مثالیں دی جا سکتی ہیں جہاں تک خوراک کا تعلق ہے میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ صوبے میں کوئی لاری والا ایسا نہیں ہے جس کو یہ معلوم نہ ہو کہ بغیر اجازت اشیائے خوردنی کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا جرم ہے - اگر کوئی شخص دانستہ طور پر اس حکم کی خلاف ورزی کرے گا تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کو اس موٹر لاری سے محروم کر کے اس کو بحق سرکار ضبط نہ کر لیا جائے - اشیائے خوردنی کی سمگلنگ کا زیادہ تر دار و مدار موٹر لاری پر ہی ہے - اس لئے اگر ہم حقیقی معنوں میں سمگلنگ پر قابو پانا چاہتے ہیں تو موٹر لاریوں وغیرہ پر یہ پابندی ضرور رکھنی چاہئے - صوبے میں جو ضلع وار پابندیاں لگائی گئی ہیں کہ اشیائے خوردنی ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں نہیں جا سکتیں اس میں ہمیں بڑی کامیابی حاصل ہوئی ہے - اسی کارروائی پر عمل کرنے سے ان اضلاع سے اشیائے خوردنی کی ناجائز برآمد بہت حد تک رک گئی ہے جو بارڈر کے قریب ہیں اور جہاں گندم کی پیداوار بہت زیادہ ہے - ان حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں اس معزز ایوان سے درخواست کروں گا کہ اس کلاز کو جس طرح رکھا گیا ہے اسی طرح رہنے دیا جائے اور اس میں کسی قسم کی ترمیم نہ کی جائے -

Mr. Speaker : The question is :

That sub-clause 2 of clause 6 be deleted.

The motion was lost.

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala District) : Sir, I beg to move :

That in clause 6, sub-clause (3) after the word "fine" appearing in the lastbut one line, the following be added :—

"which may extend to rupees two thousand."

Mr. Speaker : Clause under considernder amendment moved is :—

That in clause 6, sub-clause (3) after the word "fine" appearing in the last but one line, the following be added :—

"which may extend to rupees two thousand ."

میاں منظور حسن—(ضلع گوجرانوالہ) ۔ جناب والا ۔ میرے خیال میں سزا اور جرمانے کا جو خاص معیار ضابطہ فوجداری میں مقرر کیا گیا ہے اس بل میں اس کو پیش نظر نہیں رکھا گیا ۔ جہاں کسی جرم کی سزائے قید کی میعاد مقرر کی جاتی ہے وہاں اس کے ساتھ ہی ساتھ جرمانے کی حد بھی مقرر کر دی جاتی ہے ۔ جس طرح آپ نے اس بل میں سزا تین سال مقرر کی ہے اسی طرح جرمانے کی بھی کوئی حد مقرر کر دیں تو بہتر ہوگا ۔ اسی خیال کے پیش نظر میں نے اپنی ترمیم پیش کی ہے اور جرمانے کی حد دو ہزار روپیہ مقرر کی ہے ۔ مجھے امید ہے کہ جناب وزیر خوراک صاحب اس ترمیم کو قبول کر لیں گے ۔

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (Minister of Food, Agriculture and Civil Supplies): Sir, for the same reason as stated by Mian Manzoor-i-Hassan, I want this provision and it will be in proportion to the offence committed. If the offence is a very serious one and lakhs and lakhs of ry pees are involved then we will take this into consideration and pass suitable orders. So, I do not want that it should be restricted to only two thousand rupees. It is quite proper and it should be as it is under this Control Act.

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 6, sub-clause (3) after the word "fine" appearing in the last but one line the following be added :—

"which may extend to rupees two thousand".

The motion was lost.

Mr: Speaker : The question is :

That clause 6 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 7

Mr. Speaker : The questions is :

That clause 7 stand part of the Bill.

The motion was carried.

(*Clause* 8)

خواجہ محمد صفدر — (ضلع سیالکوٹ) ۔ جناب والا ۔ میں اس کلاز کی مخالفت کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ کلاز ۸ کی رو سے فوجداری قوانین کے مسلمہ اصولوں کو غلط قرار دینے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اس کلاز میں یہ پروویژن رکھی گئی ہے کہ اگر کسی کمپنی کا کوئی ملازم یا کوئی ڈائرکٹر یا کوئی ایجنٹ یا کوئی اس کا دوسرا عہدے دار یا سیکرٹری اس قانون کے تحت کسی جرم کا مرتکب ہو تو نہ صرف وہ جرم کرنے والا بلکہ اس کے ساتھ

ہر ڈائرکٹر ۔ اس کا سیکرٹری اس کا منیجر سب کے سب ملزم تصور کئے جائیں گے تاوقتیکہ وہ یہ ثابت نہ کر دیں کہ خلاف ورزی ان کی لاعلمی میں کی گئی تھی یا ایسی خلاف ورزی کے سدباب کے لئے ان میں سے ہر ایک نے ہر ممکن کوشش کی تھی ۔ اس سے جناب والا صاف ظاہر ہے کہ حکومت اس شخص کو بھی مجرم گردانتی ہے جس نے حقیقت میں کوئی جرم نہیں کیا ۔ اس کے علاوہ فوجداری قوانین کے مسلمہ اصولوں کے مطابق بار ثبوت استغاثہ پر ہوتا ہے نہ کہ مجرم پر ۔ مگر اس بل کی اس کلاز میں بار ثبوت بھی مجرم پر ڈال دیا گیا ہے کہ وہ اپنی بریت بھی خود ہی ثابت کرے ۔ یہ مسلمہ اصولوں کی صاف صاف خلاف ورزی ہے میں حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ بار ثبوت مجرم پر نہیں بلکہ استغاثہ پر رکھا جائے ۔

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash : (Minister for Food Agriculture and Civil Supplies) : Sir, I am surprised that this amendment comes from the lips of an advocate. I am sure he is aware of the history of this law. This enactment dates back to the Factory Act. This provision was made when it was found that the factory owners encouraged the commitment of crimes as they happen to be the Directors, Managers or Proprietors or Secretaries of those corporate bodies. It is in order to ensure that these persons may not remain in the background and instruct their servants or drivers to commit crimes. So the action can be taken against the directors, who instruct the drivers to commit offences. So, this provison was enacted in the Factories Act and then was taken up in other Acts. Now, if there is a company, which owns a number of buses and if those buses are used for carrying unauthorised foodstuffs, then who is to be prosecuted ?

Here the drivers or the owner is not the real offender, but the directors and proprietors are the real offenders. These acts were not carried out without their consent or against their orders and so long as this provision does not exist, they cannot be proceeded against and action cannot be taken against them. So this is a very wholesome provision and must continue.

Mr. Speaker : The question is :

That clause 8 stand part of the Bill.

The motion was carried

Clause 9

Syed Shamim Hussain Qadri : Sir, I have an amendment that clause 9 be deleted.

Mr. Speaker : That is a negative amendment.

Syed Shamim Hussain Qadri : Then, Sir, I may be allowed to oppose the clause.

Mr. Speake : You can speak after Mian Manzoor-i-Hassan has moved his amendment.

Mian Manzoo i-Hassan : (Gujranwala District) : Sir I beg to move :

That in clause 9, for the woads "three years" appearing in the last line the words "six months" be substituted.

جناب والا ابھی پچھلے سال ھی ھاؤس آف لارڈز میں ایک مخصوص کمیٹی مقرر کی گئی ھے تاکہ وہ ایسے قوانین کی جن میں سزاؤں کی مدتیں بہت زیادہ ھوں لیکن عدالتوں نے اس معیار کے مطابق جو ان قوانین میں رکھے گئے ھیں سزائیں دینا بند کر دی ھوں یا ان قوانین کے تحت nominal سزائیں دی جاتی ھوں جانچ پڑتال کرکے ان میں مناسب ترامیم پیش کرے - وہ سمجھتے ھیں کہ قانون کا مذاق نہیں بننا چاھئے - یا تو اس کی پوری تعمیل ھونی چاھئے یا اس کو ان حدوں تک لے جانا چاھئے جہاں تک عدالتیں انہں اپنی opinion میں مناسب سمجھتی ھیں - ان کے خیال میں اس معیار کے مطابق سزائیں ھونی چاھئیے -

جناب والا - اس کلاز کی رو سے وہ یہ تجویز کر رھے ھیں کہ کوئی آدمی اگر کسی معاملے میں انہیں غلط اطلاع دے یا غلط statement دے تو وہ تین سال تک کی سزا کا مستوجب ھو گا - جناب والا یہ قانون کئی سال سے Statute Book میں ھے - میں جناب وزیر صاحب کا بہت ممنون ھونگا اگر وہ ایک مثال بتا دیں کہ گذشتہ برسوں میں کسی ایک آدمی کو غلط بیان دینے کی بنا پر ایک سال کی سزا ھوئی ھو - اس کا مطلب یہ ھوا کہ یہ ایک مذاق ھے - ھمیں کم از کم ان لوگوں کی زندگی کو مشعل راہ بنانا چاھئے جو زندگی آزادانہ طور پر آزاد فضا میں گذار رھے ھیں - ھمیں ان کی پیروی کرنی چاھئے - ان کی مثال پیش نظر رکھنی چاھئے - جب لندن میں اس قسم کے تجربے کئے جارھے ھیں جہاں بیشتر سزائیں ایسی تھیں کہ جن پر عمل نہیں ھوتا تھا تو ایسی سزا جیسا کہ ھمارے منسٹر صاحب کہتے ھیں کہ یہ ایک آرڈیننس کی حیثیت سے یا کسی اور صورت میں دو تین سال سے Statute Book پر موجود ھے تو اس کے لئے انہوں نے یہ انتہائی سزا بھی دی تو پھر اس مہربانی کی سزا کو تجویز کرنا عقلمندی کی دلیل نہیں ھے - جہاں تک دروغ گوئی کا تعلق ھے ھمارے اپنے ضابطہ فوجداری میں اس کے لئے ایک خاص سزا مقرر ھے - دروغ گوئی کے متعلق میرے خیال میں سزا اس کے مطابق

رهنے دیں یا اگر آپ اس کو مختص کرنا ہی چاہتے ہیں تو چھ ماہ رکھ دیں - یہ تو مناسب نہیں ہے کہ آپ تین سال کی سزا رکھ دیں اور بعد میں عدالتیں اس پر عمل نہ کریں -

Mr. Speaker : Does the Government oppose it ?

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (Minister for Food and Supplies) : Yes, Sir.

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 9 for the words "there years" appearing in the last line the words "six months" be substituted.

The motion was lost.

Syed Shamim Hussain Qadri (Lahore District) : Sir, under clause 3 of this Bill the Government is taking the power of searching, regulating or prohibiting the keeping, storage, movement, transport, supply, distribution, disposal acquisition, use or consumption of foodstuffs. Any contravention of the provisions will be a crime, which will be punishable. I do not see any fun in providing penalty for such persons who are required to give information. The object of this provision in clause 9 is to terrorise and to get correct information from the person concerned. Sir, I think that the question of punishing a person who gives wrong information should be left in the domain of the Court. If a person gives some wrong information he is liable to be punished and then section 193 of the Penal Code will come into operation. If the provision in clause 9 is adopted, then section 193 of the Penal Code would become redundant. The Minister for Food might say, what would be the position if such wrong statement is made before certain officers. The answer to this is very simple. It is not the officer who is to decide this case. If some one contravenes the provisions of this Act, it would be within the domain of the Court and Court would have to give its finding. I think, Sir, this is a very reasonable suggestion and I hope the Food Minister would accept it.

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (Minister for Food and Supplies) : Sir, I am sorry I am not able to accept the suggestion of the Honourable Member for the simple reason that after all if a false statement is made, the case will have to go to the Court and it would be for the Court to adjudicate whether the statement was false or not. If the persons concerned do not make correct statement, it will not be possible to ensure procurement of foodstuff in the Province. Every one must know that if he does not give correct information he will be punished.

Mr. Speaker : The question is :

That clause 9 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 10

Mr. Speaker : The question is :

That clause 10 standard part of the Bill.

The motion was carried

Clause 11

Mian Manzoor-i-Hassan (Gujranwala ffistrict) : Sir, I beg to move :

That in clause 11, sub-clause (0), the full stop appearing at the end be replaced by a comma and the following added thereafter :—

"unless it is proved to be *mala fide*".

جناب والا - ہماری حکومت کو یہ عادت پڑ گئی ہے کہ وہ ہر بل میں یہ کوشش کرتی ہے کہ قانون کی بالا دستی کر رد کر دیا جائے اور ان کے سوا ملک میں کوئی ایسی اتھارٹی موجود نہ رہے جو ان سے کچھ پوچھ گچھ کر سکے یا ان سے جواب طلب کر سکے یا ان کے احکام اور ان کے افعال کا تجزیہ کر سکے اور اس پر فیصلہ دے سکے کہ کہاں انہوں نے جن امور کی انہیں طاقت ہے اس طاقت کا صحیح طور پر استعمال کیا ہے اور کہاں اس طاقت سے انہوں نے تجاوز کیا ہے - کہاں انہوں نے جان بوجھ کر بد نیتی سے کوئی فعل کیا ہے اور کہاں نیک نیتی سے کوئی فعل کیا ہے - میرے خیال میں وہ یہ چاہتے ہیں کہ اس ملک میں وہ قانون بنے جو وہ چاہیں نہ کہ وہ قانون ہو جو ہے - ان کو عدالتوں سے اس قدر خوف نہیں کھانا چاہئے - تمام دنیا میں عدالتوں اور لیجسلیچر کو انتظامیہ پر فوقیت حاصل ہے اسکی فوقیت مسلم ہے - اور جب تک ان کی فوقیت مسلم نہ رہے کسی قوم کی زندگی میں اعتدال باقی نہیں رہ سکتا - یہ چاہتے ہیں کہ عدالتوں کی بالا دستی توڑ کر رکھ دیں - میں سمجھتا ہوں کہ مستقبل میں جو ان کے بنائے ہوئے قوانین پر غور کرے گا - آئین پر غور کرے گا وہ ان کو کوئی credit نہیں دے گا - ان کو تحسین و آفرین نہیں کہے گا - بلکہ ان کی عقل پر افسوس کرے گا - وہ کہے گا کہ انہوں نے جمہوریت کو ختم کرنے اور عدالتوں کی بالا دستی کو ہر پہلو سے کم کرنے کی کوشش کی - میں کہتا ہوں کہ وہ چاہتے ہیں کہ ان کے افسروں کو protection ملے تاکہ کوئی شخص خواہ مخواہ ان کو عدالتوں میں نہ کھینچتا پھرے میں نے اس میں یہ ترمیم اس لئے پیش کی ہے کہ اگر انہوں نے بد نیتی سے یا ذاتی رنجش کی بنا پر کسی آدمی کو تنگ کیا تو اس کے متعلق اس قسم کی دفعہ ہونی چاہئے جس سے وہ بچ سکے - اگر انہیں یہ خیال ہے کہ اس ملک میں انصاف کی حکومت ہونی چاہئے تو مجھے امید ہے کہ وہ میری اس ترمیم کو ضرور مان لیں گے - ان الفاظ کے ساتھ میں یہ ترمیم بغرض منظوری ایوان پیش کرتا ہوں -

خواجہ محمد صفدر — (ضلع سیالکوٹ) - جناب والا کلاز ۳ کی رو سے یہ تمام احکام نہ صرف گورنمنٹ اور اس کے ملازمین نافذ کر سکتے ہیں بلکہ ہر وہ آدمی جسے اس قانون کی دفعہ ۳ کے تحت کوئی اختیارات دئے گئے ہوں بھی یہ احکام نافذ کر سکتا ہے - اب کلاز ۱۱ کی رو سے یہ کوشش کی گئی ہے کہ عدالتوں میں ان احکام کو چیلنج نہ کیا جائے - ہمارے ہاں یہ ایک قسم کا رواج ہوتا چلا جا رہا ہے کہ ہر قانون میں ایسی کلاز رکھی جائے کہ اگر اس کے تحت کوئی احکام جاری کئے گئے ہوں تو انہیں کسی کورٹ آف لا میں question نہیں کیا جا سکتا - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہماری حکومت اپنے آپ کو اور اپنے افسروں کو فرشتوں کی جماعت سمجھی ہے اسی لئے وہ اس قسم کی کلاز تمام قوانین میں رکھ دیتی ہے - ذاتی طور پر میں سمجھتا ہوں کہ ہماری عدالتوں کے اختیارات کو محدود کرنے کی یہ ناپاک کوشش ہے اور اس کے خلاف ہمیں جد و جہد کرنی چاہئے -

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 11. sub-clause (1) the full-stop appearing at the end be replaced by a comma and the following added thereafter :—

"unless it is proved to be *mala fide*".

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash (MINISTER OF FOOD) : Sir, I am unable to follow the import of the amendment proposed by Mian Manzoor-i-Hassan. The object in view is not served by the amendment he has moved. The section, is a very innocent one. It only provides that any order passed by an Officer will be accepted in a Court and the presumption will be that the order has been passed by him. All that it seeks that it will not so necessary for the officer to attend the Court.

Syed Shamim Hussain Qadri : Sir, Mian Manzoor-i-Hassan moved an amendment to sub-clause (1) of Clause 11. The Minister of Food is discussing sub-clause 2.

Mirza Mumtaz Hassan Qizilbash : Sir, the intention of sub-clause (1) of Clause 11 is that if everying is taken to the Court then the Food Control Order shall not work. Naturally, therefore, it has provided that any order passed under this Act shall not be called in question in any Court. But wherever a *mala fide* action is attributed to any officer responsible for issuing any order under the Control Act and a report is made to that effect, the High Court will certainly interfere.

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 11. sub-clause (1),the ffull stop appearing at the end be replaced by a comma and the following added thereafter :—

"unless it is proved to be *mala fide*".

The motion was lost

Syed Shamim Hussain Qadi (Lahore District) : Sir, I beg to move :

That sub-clause 2 of Clause 11 be deleted.

"Where an order purpots to have been made and signed by an authority in exercise of any power conferred by or under this Act, a Court shall presume within the meaning of the Evidence Act, 1872, that such orders was so made by that authority."

Now, Sir, I think, the framers of this Bill have kept in view the Prevention of Corruption Act. But even there, you will bear me out, the position is that a sanction for prosecution is to be produced in a Court of Law, and in a number of cases what happens is that an offence is committed but the sanction for prosecution is not submitted to the Court.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash (CHIEF MINISTER) : I think the honourable member has not studied the Bill. If he studies he will see that the Government has got the power.

Short Title

Mr. Speaker : The question is :
That the Short Title be the Short Title the Bill.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (LAW MINISTER) : Sir, beg I to move :
That the Bill, as amended be passed.

Mr. Speaker : The question is :
That the West Pakistan Motor Vehicles Taxation Bill, 1958, as amended, be passed.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN ABOLITION OF STATE DUTY (AGRICULTURAL LAND) BILL, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (LAW MINISTER) : Sir. I beg to introduce the West Pakistan Abolition of Estate Duty (Agricultural Land) Bill, 1958.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, I beg to move :
That the West Pakistan Abolition of Estate Duty (Agricultural Land) Bill, 1958 be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That the West Pakistan Abolition of Easte Duty (Agricultural Land) Bill, 1958, be taken into consideration at once.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : (MINISTER OF LAW AND FINANCE) : Sir, the Estate Duty Bill was introduced by the Central Government and passed by the Central Assembly. There has been a difference of opinion whether this duty should continue or not. It had been debated and ultimately decided, that the duty should go, not on the agricultural land alone, as seems to be the purpose of this Bill, but altogether. It was found that upto the Constitution Day it was the Central Government, who had the authority to relax the provisions or to do away with the Act, but after the Republic Day the Provincial Government has got the authority over land and it has the power to withdraw legislations with regard to that property. Threfore, we have decided to do away with this part, and also recommend to the Central Government not to levy estate duty with regard to urban property. Sir, no doubt, the Bill gives the impression that it is done for the benefit of the Agriculturists only, but we have got no power to remit it beyond that sphere. Actually I am moving a Resolution tomorrow morning to recommend to the Central Government to do away with the Estate Duty, altogether.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon** : Sir, I ask for leave to oppose the Bill in its introduction stage and in all fairness I request you to give the permission as was done yesterday when speeches were allowed at the stage of introduction.

Mr. Speaker : The procedure is that after a motion that the Bill be taken into consideration at once has been moved, the amendment with regard to the circulation of the Bill or its reference to a Select Committee can be moved. You can oppose consideration after moving your amendment and I think it makes no difference. Let the amendments be moved and debate start.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon** (MULTAN DISTRICT) : Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Abolition of Estate Duty (Agricultural Land) Bill, 1958 be circulated for eliciting public opinion by the 1st August 1958.

جناب والا ۔ کل جب ہمیں معلوم ہوا کہ یہ بل اس
ایوان میں پیش ہو رہا ہے تو میری حیرت کی کوئی
حد و انتہا نہ رہی اس زمانے میں جب کہ تمام ممالک
vested interests کو کمزور کرنے کے لئے اپنی کوششیں بروئے کار
لا رہے ہیں یہاں ایک ایسا retrograde اور ایک ایسا غلط اقدام
کیا جا رہا ہے کہ جس سے ملک میں تباہی کے آثار پیدا
ہونے کا احتمال ہے ۔ جناب والا میں جو کچھ آج آپ کی
وساطت سے اس ایوان میں کہوں گا وہ کسی پارٹی سپرٹ
میں نہیں کہوں گا کیونکہ یہ سوال پارٹی کا نہیں ہے ۔
یہ ایک ایسا اہم سوال ہے جو آئندہ کافی عرصے تک ہماری
تمام منصوبہ بندی ۔ ہمارے تمام رجحانات اور ہمارے تمام
نظریات پر اثر انداز ہوگا ۔ میں بھی ایک چھوٹا موٹا زمیندار
ہوں ۔ میری پارٹی میں بھی زمیندار ہیں اور حکومت کی
بنچوں پر بھی زمیندار بیٹھے ہیں ۔ ہم سب نے مل کر اپنی
تمام energy اور collective thinking سے یہ دیکھنا ہے کہ جو بل
اس وقت ہمارے سامنے ہے آیا یہ ہمارے لئے مفید ہے اور

ہمارے ملک کے لئے مفید ہے آیا اس سے ایسے غلط نتائج پیدا ہو سکتے ہیں جو ہماری تباہی کا باعث ہوں ۔ ان کی تباہی کا باعث ہوں اور ملک کی تباہی کا باعث ہوں ؟

میں سرکاری بنچوں سے بھی اپیل کرونگا کہ وہ میری عرض داشت کو اس نقطہ نگاہ سے نہ دیکھیں کہ یہ اپوزیشن کی طرف سے پیش کی جا رہی ہے بلکہ میں ان سے آپ کی وساطت سے عرض کرونگا کہ وہ اسے اپنے دماغ میں جگہ دیں ۔ اس کی طرف رجوع کریں اور بڑے ٹھنڈے دل سے اس پر غور و خوض کریں اور سوچیں کہ اس بل کے منظور ہونے سے کیا نتائج برآمد ہونگے ۔

جناب والا — یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ ہمارا ملک ایک بہت ہی غریب ملک ہے جہاں عوام کی قوت خرید اس قدر کم ہے کہ ان میں سے بیشتر رات کو بھوکے سوتے ہیں ۔ جن کے تن پر کپڑا اور سر پر چھت نہیں ۔ آخر آزادی حاصل کرنے کے بعد ہم نے اس دنیا میں ایک آزاد قوم کی حیثیت سے قدم رکھا ہے تو ہمیں اب اپنی زندگی بحیثیت ایک قوم کے بسر کرنا ہوگی ۔ اب ہم یہ نہیں کر سکتے کہ ہزار میں سے ۹۹۹ لوگوں کی تو بہت ہی بری حالت ہو اور صرف ایک آدمی ملک کے تمام وسائل پر قابض ہو کر بیٹھ جائے اور ساری قوم کو اس کے جائز حقوق سے محروم کئے رکھے میں سمجھتا ہوں یہ بہت بڑی بے انصافی ہے ۔

جناب والا — حکومت کی Taxation پالیسی کا دارومدار عوام کی قوت برداشت پر ہونا چاہیے ۔ دنیا کے تمام ترقی یافتہ ملکوں کا یہی دستور ہے کہ جو طبقہ ٹیکس برداشت کرنے کے قابل ہو اس پر ٹیکس لگایا جاتا ہے اور جو طبقہ ٹیکسوں کے بار کا متحمل نہ ہو سکے اسے مستثنیٰ رکھا جاتا ہے ۔ جناب آج یہ جو بل لایا گیا ہے ۔ عوام کی حالت کے پیش نظر مجھے حافظ شیرازی کا ایک شعر یاد آیا ہے آپ کے سامنے پڑھتا ہوں ۔

شب تاریک و بیم موج و گرداب بلا حائل
چناں دانند حال ما سبک ساران ساحل را

جناب والا — اگر ہم یہ سوچیں کہ یہ بل کون حضرات اس ایوان میں پیش کر رہے ہیں اور در پردہ اس کی پشت پر کیا اخلاق ہے جس نے انہوں یہ بل پیش کرنے پر مجبور کیا ہے تو مجھے لارڈ بائرن کی وہ بات یاد آتی ہے جو انہوں نے مس لی سے کہی تھی -

لارڈ بائرن نے کہا :

Have you heard people are talking about my morality ?

جس کا جواب مس لی نے یوں دیا :—

My Lord, it is the first time that I have heard about morals.

مجھے ایک دوست نے کہا بھائی یہ حکومت ایسا بل کبھی نہیں لا سکتی - میں نے کہا - ان سے اخلاق کی توقع رکھنا اپنے آپ کو دھوکہ دینا ہے - (قہقہہ) مجھے تو ان سے یہی توقع تھی اور مجھے یہ کہنے میں کسی قسم کی جھجک نہیں کہ اس حکومت نے لوگوں کی امیدوں کو تہ و بالا کر دیا ہے - تاہم مجھے کبھی یقین نہ آتا تھا کہ کوئی حکومت اس قدر دقیانوسی اور رجعت پسندانہ قدم اٹھائیگی -

جناب والا — مجھے معلوم ہے کہ یہاں مذہبی نقطۂ نظر پیش کیا جائیگا اور کہا جائیگا کہ کسی کو اس قسم کی duty سے مستثنیٰ قرار دینا یا کسی پر موت وغیرہ کا ٹیکس لگانا غیر اسلامی ہے - لیکن میں یہ عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جن طریقوں سے یہ تمام Landed Estates اس duty سے مستثنیٰ قرار دی جا رہی ہیں وہ بالکل ویسے ہی ہیں جن سے ہم عورتوں اور لڑکیوں کو ورثے سے محروم رکھا کرتے تھے اور آج بھی رکھ رہے ہیں - کیا ان میں سے اکثر Landed Estates ان لوگوں کو نہ دی گئی تھیں جنہوں نے اس ملک سے غداری کی تھی - کیا ایک Imperial Power نے اس ملک میں زیادہ سے زیادہ غلام اور عوام میں سے اکثر لوگوں کو اپنا ہم خیال بنانے کی غرض سے بڑی بڑی Landed Estate نہ دی تھیں ؟ کیا یہ حقیقت نہیں ہے ؟

مسٹر مظفر خان — پوائنٹ آف آرڈر — جناب عرض یہ ہے کہ رانا صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ سب Landed Estates دھوکے

سے لی گئی ہیں ۔ اگر انہیں اس امر کا یقین ہے تو پھر وہ اپنی زمین چھوڑ کیوں نہیں دیتے؟

صاحب سپیکر — یہ کوئی Point of order نہیں ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

رانا گل محمد خان — جناب والا — میرے دوست نے میری ذات کے متعلق سوال کیا ہے ۔ مجھے خوشی ہے کہ انہوں نے میرے متعلق اس معزز ایوان میں سوال اٹھایا ہے ۔ مجھے اس سے کسی قسم کا رنج نہیں ہوا ۔ میں ان سے ایک بات ضرور کہونگا وہ یہ کہ اگرچہ میں بھی ایک زمیندار ہوں مگر میں چاہتا ہوں کہ Estate Duty رہے ۔ کیونکہ یہ اجتماع دولت جو اس وقت صرف چند ہاتھوں میں ہو چکا ہے بالکل غیر اسلامی ہے ۔ اس لئے ہم جتنا جلد اس سلسلے میں اپنے آپ کو اسلامی سانچوں میں ڈھال لیں اتنا ہی ملک اور قوم کے لئے بہتر ہوگا ۔ (تالیاں) ۔ (قطع کلامی) ۔

جناب والا — مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میرے بھائی جو سوال بھی کرنا چاہتے ہیں آپ کی وساطت سے کریں میں ان کے ہر ایک سوال کا جواب دینے کے لئے تیار ہوں ۔ میں ان سے یہ بھی کہتا ہوں کہ اگر انہیں میری رائے سے اختلاف ہے تو یہ ان کا حق ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ جو کچھ میں کہوں وہ اس سے ضرور اتفاق کریں ۔ مگر وہ اس بات کا خیال ضرور رکھیں کہ مجھے بھی اس بات کا حق حاصل ہے کہ میں اس ایوان میں بڑے ادب سے اپنے بھائیوں کے سامنے اپنا نقطہ نظر پیش کروں ۔ (ایک آواز — آپ ہمارے سوالوں سے گھبراتے کیوں ہیں ؟) جناب اگر مداخلت نہ ہو تو میں اپنی تقریر جاری رکھکر جلد ختم کر سکوں گا ۔ لیکن اگر معزز ممبر مجھے کوئی سوال کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی وساطت سے کریں ۔ میں ان کا جواب دینے کے لئے تیار ہوں ۔

مسٹر سپیکر — ابھی تو رانا صاحب تقریر کر رہے ہیں ۔ وہ تقریر کر لیں تو اس کے بعد آپ کو بھی موقع دیا جائیگا ۔ تب آپ ان کی باتوں کا جواب دے دیں اگر آپ اس پر عمل کریں تو یہ قواعد کے مطابق ہوگا ۔

رانا گل محمد خان — جناب والا — اب میں اسلامی نقطۂ نظر کے مطابق چند معروضات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اسلام اس امر کی اجازت نہیں دیتا کہ ملک کی دولت کا اجتماع صرف چند ہاتھوں میں ہو جائے - بلکہ اسلام نے اس پر چند پابندیاں عائد کی ہیں - مثلاً ہر خوشحال اور فارغ البال شخص کی دولت میں غرباء اور یتامیٰ کا حق رکھا ہے - اس کے علاوہ زکوٰۃ فرض کی ہے اور اسی طرح اور کئی طریقوں سے انصاف پر مبنی تقسیم زر کا بندوبست کیا ہے -

جناب والا — میں مانتا ہوں کہ فی زمانہ ٹیکسوں کے بغیر کوئی حکومت نہیں چل سکتی - لیکن ٹیکس لگاتے وقت اس امر کو ملحوظ خاطر رکھنا بھی حکومت وقت کا فرض ہے کہ وہ ایسے لوگوں پر ٹیکس عائد کرے جو اس کے متحمل ہو سکتے ہوں -

مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس بل کے مطابق اس وقت واجب الادا رقم ۱۸ کروڑ روپیہ کے قریب ہے - ممکن ہے کہ غلط ہو -

مسٹر مظفر علی خان قزلباش — (وزیر اعلیٰ - وہ تو شاید ۱۸ لاکھ بھی نہیں -

رانا گل محمد خان— جناب والا — پاکستان جب بنا تھا تو عوام نے اور غرباء نے اس کے لئے بے شمار قربانیاں دی تھیں اس لئے یہ ہمارے چند بھائیوں کے لئے نہیں بنا تھا بلکہ عوام ہی کے لئے بنا تھا -

جناب والا — اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بل صرف غیر منصفانہ ہی نہیں بلکہ اس سے ایک قسم کی discrimination پیدا ہوتی ہے - خصوصیت سے دیہاتی علاقوں میں - ہمارے وزیر قانون صاحب نے کہا تھا کہ وہ ایک ریزولیشن پاس کریں گے اور مرکزی حکومت کے پاس یہ سفارش کرکے بھیجیں گے کہ شہری علاقوں میں اس قسم کی Estate Duty کو ہٹا دیں - میں یہ پوچھتا ہوں کہ ہمارے صوبہ سے اس سے پہلے کتنے ریزولیشن بھیجے گئے اور ان کا آج تک جو حشر

ہوا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں - یہ تو لوگوں کی آنکھوں میں مٹی ڈالنے کے مترادف ہے - جناب والا—اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ فرانس - روس - چین اور جاپان اور دوسرے ملکوں کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں - میں نہیں چاہتا کہ ارباب حکومت کی کوتاہ نگاہی سے میں بھی تباہ ہوں اور وہ باقی سب کو بھی تباہ کر دیں - جب ایک طوفان آئے اور اس کا پانی روک دیا جائے تو ہرے بھرے کھیت باغات اور زمینیں برباد ہو جاتی ہیں لیکن جب اس کی distributories بنا دی جائیں یا پانی کا رخ بدل دیا جائے اور اسے اچھی طرح استعمال میں لایا جائے تو اسی پانی سے زمینیں زرخیز ہو جاتی ہیں - کھیت ہرے بھرے ہو جاتے ہیں اور باغات میں طرح طرح کے پھل اور پھول پیدا ہوتے ہیں - اس لئے میں اپنے بھائیوں سے جنہوں نے اس بل کو عجلت میں پیش کرنے کی تحریک کی ہے عرض کروں گا کہ وہ آنے والے وقت کو ضرور مد نظر رکھیں - عوام کی غربت کا خیال رکھیں اور ترقی کے لئے کوشاں رہیں - اگر زیادہ آگے نہ بڑھ سکیں تو کم از کم پیچھے کو تو نہ مڑیں - ورنہ یہ امر ہماری قوم اور ملک کے لئے تباہی کا باعث ہوگا - اور آنے والی نسلیں ہمیں بد دعا دیں گی - اس لئے میں ایوان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اس بل کو عوام کی رائے معلوم کرنے کی غرض سے یکم اگست ۱۹۵۸ء تک ملتوی رکھا جائے - اس کے بعد اگر ضرورت ہوئی تو پھر اسے یہاں لایا جائے -

Mian Muhammad Shafi: (MONTGOMERY DISTRICT): Sir, I beg to move:

That the West Pakistan Abolition of Estate Duty (Agricultural Land) Bill, 1958, be circulated for eliciting public opinion by the 1st July 1958.

Sir, I wholeheartedly congratulate the Republication Ministry for bringing forward this Bill and asking this House to pass it. I congratulate them. Why, because they have enough scope for camouflage. They have put power-mask on their faces, but we see that they are utterly naked and ofter all their faces are visible.

Sir, I would like to give brief headlines for the barefaced Leader of the House, who is a Cambridge graduate and has been given the service of this welfare state, and I hope he will pay attention to it. I hope to be enlightened on a point which I would put before him...Sir, according to Government of India Act 1935, as modified for Pakistan the levying of Estate Duty under Section 56 and 56 (a) schedule VII was a Central subject. Sir, it was on January 24, 1950, that the Central Legislature under the able leadership, probably of the Law Minister, enacted the Estate Duty Act which levied taxes on estates. So in 1950 the Finance Bill pertaining to the estate duty was adopted. Now, Sir, according to Schedule V of that Finance Bill the Government proposed to levy tax under this Bill according to the following rates. I will read it in Urdu.

ایک لاکھ روپیہ کی مالیت کی حدود پر کوئی ٹیکس عائد نہیں ہوتا ۔

ایک لاکھ سے	دو لاکھ روپیہ تک	۶ فیصد گویا ۶,۰۰۰ روپیہ
۳ لاکھ پر		۸ فیصد
۳ لاکھ سے	۴ لاکھ تک —	۱۰ فیصد
۴ لاکھ سے	۵ لاکھ تک —	۱۲ فیصد
۵ لاکھ سے	۶ لاکھ تک —	۱۵ فیصد
۶ لاکھ سے	۸ لاکھ تک —	۲۰ فیصد
۱۰ لاکھ سے	۲۰ لاکھ تک —	۲۵ فیصد
۲۰ لاکھ سے زائد کے لئے	—	۳۰ فیصد

So, these rates were contemplated to be levied on estates. Sir, it was on March 23rd 1956 that we adopted the Islamic Republic Constitution. According to the Constitution the Provinces rightly agitated for more revenues to meet the widening requirements of the Provinces and, therefore, the Government agreed and it was provided in this Act as it covered Agricultural land, that levying of taxes on land would be the responsibility of the Provinces. Now it is for the Province to realise dues under this Act. But, Sir, I will put before this House.....

Mr. Abdus Sattar Pirzada : That is not correct, because the realisation of dues is to follow allocations of revenues between the Centre and the Provinces and for the present whatever is collected by the centre goes to the Centre.

Mian Muhammad Shafi: But, Sir, I will put before this House that under Article 224 it is provided that Acts before the adoption of the Constitution will stand in force and will not be null and void.

Now, therefore, this tax although has been transferred to the province, its realisation was in the hand of Central Government, but due to some technical mistake it has not been possible for Central Government to realise it. A member of this House went to the High Court and got from them an injunction to the effect that the Central Government has got no authority to levy this tax and, therefore, it is for the provinces to levy it. Now, although this judgment is there, yet this Government has brought this Bill with a view to meeting provisions of Article 224. Now, Sir, that is why this Bill has been brought before the House.

Sir, what are the implications of the present Bill ? This Bill wants to provide protection to persons who are not more than seven per cent of the agricultural population of West Pakistan. If you like I can give you the exact statistics from Government reports, but I will not go into them because they are so well-known. I will not even refer to individual case of Nawab Sahib Hoti, because I do not want to become personal.

Nawab Amir Muhammad Khan of Hoti : Sir, I rise on a point of ordes As I have been referred to in connection with this Bill here and it was in the papers also, I want to make this point quite clear to the House. My father died in 1952 and at that time these powers were with the Centre and they were the sole authority to assess me. Therefore, my question does not arise now. This Bill will in no

way apply to me, because I shall be assessed according to the rule prevailing in 1952, and this Bill takes effect from 23rd January 1956. Therefore, I request that my name should not come in at all.

Mian Manzoor-i-Hassan : What about the High Court ruling ? Was that not given in his case ?

Nawab Amir Muhammad Khan of Hoti : That has nothing to do with this.

Mian Muhammad Shafi : Sir, I am referring to the High Court judgment in respect of an appeal filed by Nawab Saheb Hoti, but as I said I do not wan to refer to an individual case, because as far as the class goes, they are in a large number on this side of the House also.

Mian Manzoor-i-Hassan : Sir, I have read that judgment. Although I am of the view that Nawab Saheb is the son of such a generous father that he should be exempted from every penny, but from the judgment it appears that he will derive some benefit, from this enactment.

Mian Muhammad Shafi : Anyway, Sir, I have no intention to refer to individual cases, because that is not of much significance. I was only referring to the principle. He really flared up for nothing. The question is : Are they going to enact a law to protect the interest of a microscopic minority of seven per cent, and according to another report only five per cent ? Sir, in this connection let us see what an average businessman, having commercial interest has to pay by way of income-tax, etc. A businessman, having commercial interest, whose in come is ten lakh rupees per year, has to pay to the State by way of income-tax and other taxes, an amount of about nine lakh rupees; perhaps this year a businessman might save less than one lakh rupees out of ten lakhs of rupees, but a landlord whose income is Rs. ten lakhs as is the case with a large number of members of this House, has to pay only about Rupees fifty thousand in all by way of land revenue and other taxes. It leaves them with a margin of about rupees nine lakhs and fifty thousand. What are the implications of the situation ? The implications of the situation are that a small class of people the feudal landlords, who have got financial resources at their disposal, are bringing forth this legislation in order to avoid the normal law of the land taking its course against them. They have brazen-facedly come forward with this Bill.

Sir, all experts are agreed upon this that if Pakistan is to make progress, if Pakistan has to become a modern State with socio-economic stability, then the only way is to do away with feudalism pave the way for socio-economic demoracy. Recently when the Chief Minister gave a radio talk he referred to the Welfare State. I hope this was exactly what was in his mind. I ask him, Sir, is his conception of a Welfare State consistent with the provisions of this Bill.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : I will explain to you.

Mian Muhammad Shafi : I ask him, is it justified ? I assure you that with all the legal quibblings he cannot justify it.

Sir, here is a Government which has been given by the Centre the power to collect funds. They should have been pleased that they have been given a source of income from which they can raise, on the average, about three crores of rupees.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : It is wrong.

Mian Muhammad Shafi : Sir, if you were to study the tenor of the Bill, you will find that if they had enacted in favour of this levy on the agricultural land, on average they would have got two to three crores of rupees per annum. Here is a Government which says 'No, we do not want to utilise the opportunity to collect funds from this source'. They are taxing heavily every item of consumer goods; they are taxing even sugar, which is already the most costly thing, at the rate of two annas per seer. There is not a single item of consumer goods which has escaped taxation, but they are not at all worried as to the implications of this Bill. They are only interested in keeping their vested interests intact and safe.

Sir, I say these things in all solemnity that if they go ahead with this policy and they do not agree to review its clauses in an atmosphere of mutual good will, I assure you that they will create in the Province a situation which will be injurious to their own interests. After all, the whole gamut of Political Parties, political workers and political organisations are watching what they are doing. This will become a subject of discussion at the time of general elections and people would be made to realise that there is a Government which is out to protect the interests of a small minority at the cost of 93 per cent people. Here is a Government which is out to crush the majority and which is out to tax them heavily so that the high-ups (which is a very small miniority) may enjoy their lives with all the luxuries at their disposal.

اے موج بلا ان کو بھی ذرا دو چار تھپیڑے ہلکے سے
کچھ لوگ ابھی تک ساحل سے طوفان کا تماشا دیکھتے ہیں

(Interruptions and uproar)

Syed Amir Hussain Shah : This Bill can be discussed tomorrow.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : It was agreed in the morning that we shall finish this Bill today.

Khan Sardar Bahadur Khan : I have glanced through tomorrow's agenda. There is no controversial Bill and I am positive that these Bills will not take more than a couple of hours. We should, not, therefore, rush this very important Bill by 12 O'clock tonight.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : The members of your party told me that the Bills that I am putting on tomorrow's agenda will take the whole morning and the afternoon, and there would be no time left to take up this Bill. It was, therefore, agreed that we will finish this Bill by 12 O'clock tonight.

Dr. Khan Sahib : Each member can speak for five minutes. I think five minutes are more than enough.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash (Chief Minister): Sir, I would like to say a few words on this Bill. I wish to intervene at this stage not because I want to gag anybody but because I want to give you my reasons as to why I have brought this Bill. Firstly, under the Constitution the subject of collecting the Agricultural Tax on land should be a provincial subject and not a Central Subject. Secondly, our experience in the past of the Central Tax Collectors has been very bitter. Their behaviour and attitude has been most unfair and I would say, 'almost cruel'. I know of cases in Montgomery and other Districts of the Punjab and also of the Frontier where the moment somebody dies they arrive at his house. There the whole family is mourning and they start making a list of all the things that the deceased has left. I am told that even small things which are hardly worth five or ten rupees, their prices have been fixed at as much as one hundred to five hundred rupees. They value the price of things according to their own whims. Supposing there is a square of land. They fix its price to be as much as sixty thousand or even eighty thousand rupees. They make a long list of all the property left by the deceased and they fix its price at two to three lakhs. Then they say that so much agricultural tax is to be paid in cash. The concerned says, "you have valued my piece of man land at forty to sixty thousand rupees, well take it at the same value that you have fixed and deduct the amount from it". They say, "No, no. That we are not willing to do. We are not interested in your land. You can keep your land. what we want is cash ? The man says, "This land is hardly worth ten thousand and you have fixed its price to be sixty thousand". But nobody hears. The whole thing is done in such a cruel way that one cannot think of it. These tax collectors are so cruel that one could not find such type of tax collectors even in the days of Changez Khan. I know of cases where they have not been able to get the tax

that they have assessed, because the prices that they fixed were hundred times more than the actual value. If the Government has power in its hands of assessing any body's land or his house at one lakh or ten lakhs, then that fellow must have the right to hand over that land in lieu of the money that they have assessed and get the balance. They cannot have both ways. They say that the property is worth five lakhs. That is the end of the matter. When the man concerned says, "Well take it over in exchange", they do no agree. I don't mean to say that I am against the collection of taxes. I am all for it. We want a Welfare State, for that we need money and this is one of the sources of collecting money. I am going to do it myself. But this fact should be borne in mind that it is a Provincial subject and not a Central Subject. Why should we hand over this subject to the Centre and allow them to treat us in this way. Those people sitting in Karachi look at things from a different view point altogether. Well, if this is your opinion that Estate Duty is a good thing then it is alright, let us have it. I am quite willing to bring another Bill under which we shall collect the taxes.

Therefore, Sir, before the debate goes any further let me make it clear that this subject belongs to us and we will bring along a Bill to that effect.

My submission is that let the Provincial Government pass it. I give an assurance to the House that we are all for it that the tax should go altogather and we will do away with it. I also want to go further and say that I want to pass a resolution tomorrow. Therefore, if the Central Government allows us we can bring a comprehensive law about the urban and agricultural property and collect money ourselves. I have seen with my own eyes how these people. (Central Tax Collecting Agents) harrass people; they are a terror for the people. I am all with you. I have heard the speeches of the honourable members with great attention. I want to remove this misunderstanding that we want to take the power in our hands, but the fact is that this should be a provincial subject, we should collect it, we should make the necessary rules and we should have the money.

Syed Amir Hussain Shah (Gujrat District) : Sir, I would like the Chief Minister to give his attention to what I am going to say, because I want to have some clarification made. Sir, the Chief Minister observed that he had brought this Bill before the House, because he wanted the Provincial Government to set up a tax collecting agency due to the fact that the Central Government tax collecting agents are a sort of terror for the people when they come to collect theEstate Duty. I have also had some experience myself, because there has been a death in my family recently. My experience has been as unpleasant as that of the Chief Minister.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Abdul Aziz Noon** : Sir, my father died and the case was in the High Court as regards the amount of assessment. Therefore, my conention is that if the assessment is unfair one can go to the High Court.

Syed Amir Hussain Shah : Sir, I was referring to the case of my own younger brother. The Chief Minister had said that he was not satisfied with the Central Government's decision of collecting this tax and he had further said that he was even prepared to forego the amount that had been collected by the Centre for this Province. Sir, I cannot understand the logic of this statement by the Chief Minister. As a matter of fact the Provincial Government which has a deficit budget should have seized this opportunity and used that amount to balance their Budget. What they are doing is this : they are bringing a Bill and they say that they are not going to touch this money as it touches the pockets of the big landlords and thus they will break the back of the common man by bringing all sorts of taxes. Sir, whenever anything is said about breaking up big land holdings, speeches are made by members sitting on both sides of the House, they are all big landlords and [in some cases they are the henchmen of big landlords because henchmen in such cases make better speeches—speeches even better than the real landlords. The point is

that these big landlords have got to go. I do not say all this out of sheer spite, because I am myself a landlord. Sir, this landlordism has got to be eradicated out of sheer necessity. Sir, our economy is mainly rural and resources of our national wealth must be tapped if we want to develop, if we want to industrialise, if we want to raise our living standards. Sir, our national wealth is agriculture. If we were highly industrialised country like England or America, one would have left these things alone, but even in those countries they have this estate duty tax. In our case it is all the more necessary that we should break up big landholdings, because that is the only source of income that we can tap. If we want to industrialise and go forward we must find ways and means for such development and the ways and means can be found by diverting to the estate exchequer. Therefore, it is necessary that he should fix a maximum land-holding. This Bill which has been brought before this House is very vague, a half-hearted measure. The Government have not envisaaged a plan to immediately break up fedualism. Sir, this is a process of very slow tempo to break up fedualism. Even if you forget your industrialisation and your development, even if you were to exist on agricultural living, you have got to do away with this landlordism, because it stands in the way of cultivation, because the holdings are so uneconomical, either the holdings are too small that they become economic proposition for one to put in his best to produce food or the economic holdings are too big so as to encourage smuggling or hoarding.

Mr. Speaker : You should confine yourself to the Estate Duty. This hoarding and smuggling is a different subject.

Syed Amir Hussain Shah : Sir, I do not want to take the time of the House, because all my points have already been dwelt upon by Mian Muhammad Shafi.

مسٹر سپیکر— مخدوم زادہ سید حسن محمود -

چودھری فیض احمد (سرگودھا)—جناب والا۔ کسی زمیندار کو بھی موقع دیجئے - سٹیٹ ڈیوٹی زمینداروں پر لگائی جا رہی ہے -ہمیں بھی اپنے خیالات کے اظہار کا موقع ملنا چاہیئے -

مسٹر سپیکر— میاں محمد شفیع اور سید امیر حسین شاہ بھی تو زمیندار ہیں -

میاں منظور حسن— جناب والا— میں ایک چیز دریافت کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ کیا گورنر نے اس بل کی introduction recommend کر دی ہے -

مسٹر سپیکر— میں دریافت کرتا ہوں

پیر زادہ عبد الستار (وزیر قانون)— کر دی ہے -

مخدوم زاد سید حسن محمود (وزیر سوشل ویلفیئر و لوکل سیلف گورنمنٹ)— جناب صاحب صدر اس بل کے سلسلہ میں بہت صاحبان نے تقاریر کی ہیں اور جہاں تک کہ حزب اختلاف کا تعلق ہے - اس میں سب سے پہلے رانا صاحب

نے جو تقریر کی اس میں انہوں نے اسلام کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ بل اسلام کے خلاف ہے۔ رانا صاحب کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اسلام ایسی چیز نہیں ہے اور خاص طور پر یہ حکم ہے کہ جو آدمی اسلام کی ان چیزوں کو پورے طور پر نہ سمجھتا ہو وہ کبھی اسلام کے نام کو استعمال کرنے کی کوشش نہ کرے۔

خان سردار بہادر خان — اسکا بہتر حل یہ ہے کہ وہ آپ سے پوچھ لے۔

مخدوم زادہ پیر سید حسن محمود — مبادا کہ وہ غلطی سے ایسی چیزیں کہ رہا ہو جو سراسر اسلام کے منافی ہوں۔

رانا گل محمد خون — پھر تو آپ بھی اسلام کے متعلق کوئی بات نہ کریں۔

مسٹر سپیکر — جب رانا صاحب تقریر کر رہے تھے اور دوسری طرف سے مداخلت ہوئی تھی تو انہیں کس قدر ناگوار گذرا تھا۔ اس لئے جو چیز آپ کے لئے مضر ہے وہ دوسروں کے لئے بھی مضر ہے۔ آپ مداخلت نہ کیجئے۔ انہیں کہنے دیجئے جب انہوں نے آپکی بات سنی ہے تو آپ بھی ان کی بات سنئے۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود — جناب اگر اس ٹیکس کا آغاز اور بنیاد دیکھی جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ ٹیکس برطانیہ سے نکلا ہے وہاں جو نظام وراثت ہے وہ ہمارے پاکستان کے اسلامی نظام وراثت سے بالکل مختلف ہے۔ وہاں کچھ جائیدادیں ایسی ہیں جو ان کے ورثاء کو پورے طور پر نہیں ملتیں بلکہ ان کا جو بڑا لڑکا ہوتا ہے اس کو وہ تمام جائیداد وراثت میں مل جاتی ہے۔ لہذا حکومت برطانیہ نے یہ ٹیکس اس لئے استعمال کیا کہ وہاں accumulation of wealth ہوتی ہے وہ ایک generation سے دوسری generation میں تقسیم ہو کر نہیں جاتی بلکہ وہ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں چلی جاتی ہے اس لئے وہاں یہ ٹیکس عائد کیا گیا تاکہ اس

جائیداد کا کچھ حصہ گورنمنٹ کو حاصل ہو لیکن جہاں تک اسلامی وراثت کا تعلق ہے یہاں جائیداد پانچ نہیں بلکہ دو generations میں اتنی تقسیم ہو جاتی ہے کہ جو مقصد حکومت برطانیہ نے اس ٹیکس سے حاصل کرنے کا تہیہ کیا تھا وہ آپ کے اسلامی نظام وراثت سے حاصل ہو سکتا ہے - سو یہ جو نقطہ پیش کیا گیا ہے accumulated wealth کا ، اس کا حل اسلامی نظام وراثت ہے - جہاں تک نجی hoarding کا تعلق ہے اسلام میں آنحضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ ہو یا خلفائے راشدین کا زمانہ ہو کبھی کوئی ایسا وقت نہیں آیا ہوگا جس میں کوئی ایسا ٹیکس خلفائے راشدین نے لگایا ہو جو مالکان جائیداد کے مرنے کے بعد اس جائیداد سے اس شکل میں وصول کیا گیا ہو - اسلامی نقطہ نظر سے یتیموں کا جو حق ہے وہ بہت اونچا اور اولین فرائض میں سے ہے - یہاں تو یہ ہوتا ہے کہ ایک مالک کا انتقال ہوتا ہے جس کے بچے یتیم ہو جاتے ہیں وہاں ٹیکس آفیسر فوراً پہونچکر جنازہ اٹھنے سے پہلے ہی ٹیکس کی وصولی کا مطالبہ کرتے ہیں - یہ کہنا کہ جو کچھ وہ کر رہے ہیں یا کہ رہے ہیں وہ اسلامی ہے یہ بالکل متضاد چیز ہے - اور یہ جو ٹیکس لگایا گیا ہے وہ میں سمجھتا ہوں خلاف اسلام ہے -

جناب والا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس بل کو لانے سے اس یہ قانون کو لانے سے ہم لوگوں کے چہروں سے نقاب بالکل ہٹ گئی ہے - اور چہرے بالکل ننگے اور ظاہر ہو گئے ہیں - جو صاحبان اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں ان کو برقع اوڑھنے کی عادت ہے ہمیں برقع اوڑھنے کی ضرورت نہیں ہے -

خان سردار بہادر خان — یہ ہم جانتے ہیں - آپ کئی چیزیں برقع کی آڑ میں کرنا چاہتے ہیں - ہم بس پردہ کچھ نہیں کرنا چاہتے - ہم اس سے مبرا ہیں -

مخدوم زادہ سید حسن محمود — آپ کی کئی چیزیں ایسی ہیں جو آپ بے حد چھپانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن پھر بھی بے نقابی اور بے حجابی جبراً اور زبردستی ہو ہی جاتی ہے -

خان سردار بہادر خان ـ آپ کی بے حجابی اور آپکی بے باکی اظہر من الشمس ہے ۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود ـ جہاں تک یہ کہنے کا تعلق ہے کہ اسلام میں سات آٹھ قسم کے ٹیکسیز ہیں اور ان میں سے سب سے بڑا اور جابر ٹیکس جو اسلام نے لگایا ہے اس کا نام ضرائب ہے ۔ ضرائب ہے ضرب سے ۔ ضرب کے معنی ہیں چوٹ لگانا ۔ جس کے پاس بہت زیادہ سرمایہ ہو اسلام اس پر ٹیکس لگانے کی اجازت دیتا ہے ۔ اس پر آپ جتنا ٹیکس لگانا چاہیں لگا لیں ۔ اسلام اس کی اجازت دیتا ہے ۔ چاہئے آپ اسے سپر ٹیکس کہیں یا کچھ اور کہیں لیکن اسلام میں جتنے ملکیت کے حقوق ہیں وہ ہمیشہ قبول اور تسلیم کئے گئے ہیں اور آپ کے آئین میں بھی شق موجود ہے جس میں حقوق ملکیت کو تسلیم کیا گیا ہے کہ کسی کے حقوق کو آپ پامال کرنے کے مجاز نہیں ہیں ۔

میاں محمد شفیع ـ اسلام میں ملکیت کا تصور نہیں بلکہ امانت کا تصور ہے ۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود ـ اور جہاں تک ملکیت کا تعلق ہے اس کی آئین میں گارنٹی ہے آپ اپنے آئین کی دفعہ ۱۰ جس میں بنیادی حقوق کا ذکر کیا گیا ہے ملاحظہ کریں ۔ جس میں ان حقوق کے تحفظ کا یقین دلایا گیا ہے لہٰذا ایسے قوانین بنانا اس حق کے تحفظ کے بالکل منافی ہے ہم کوئی ایسی چیز نہیں کر رہے ہیں جس سے یہ خیال ہو کہ چند لوگ اپنا تحفظ کر رہے ہیں ۔ ہم اس کے قائل ہیں کہ ملک میں دولت کی تقسیم ایسی ہو کہ ملک میں غریب امیر بن جائیں (آپوزیشن کی طرف سے تالیاں) ۔ اسلام میں کوئی ایسی پابندی نہیں ہے کہ امیر ملک میں نہ ہوں ۔ ملک سے غربت کو دور کرنا چاہئے ۔ (تالیاں) امارت کو ختم کرنے کا کوئی سوال نہیں ہے ۔ آپ کے پاس وسائل موجود ہیں ضروری نہیں کہ اس کے لئے ٹیکس لگائے جائیں ۔ آپ زیادہ سے زیادہ غریبوں کی مدد کریں ۔ میں آپ کو

یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک ریپبلکن پارٹی کا تعلق ہے وہ غریبوں کا معیار اونچا کرنے میں غریبوں کا معیار زندگی بلند کرنے میں پوری پوری کوشش کریگی - (اپوزیشن کی طرف سے تالیاں) (اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر نے کرسئی صدارت سنبھالی) ۔

چودھری فیض احمد (ضلع سرگودھا) — جناب والا میں اپنی پارٹی سے معافی کا خواستگار ہوں کہ میں اس بل کے بارے میں اختلافی خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ مجھ سے ناراض نہ ہوں گے کیوں کہ مجھے اس کے ضمن میں ان کے خیالات سے اتفاق نہیں -

مسٹر مظفر خان — پوائنٹ آف آرڈر — جناب والا ! مجھے صاحب سپیکر نے پانچ منٹ دئے ہوئے تھے لیکن آپ نے مجھے یہ وقت نہیں دیا -

مسٹر ڈپٹی سپیکر — یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں اور نہ ہی میرے پاس کوئی لسٹ ہے جس سے مجھے یہ معلوم ہو سکے کہ آپ کے لئے کوئی وقت مخصوص ہے -

چودھری فیض احمد — جناب والا میں جو کچھ اس بل کے بارے میں کہنا چاہتا ہوں وہ اصولی طور پر کہنا چاہتا ہوں - اگرچہ مجھے یہ علم ہے کہ یہ بل پاس ہو کر رہے گا تاہم میں چاہتا ہوں کہ میں اس کے متعلق جو خیالات رکھتا ہوں ان کا اظہار ضرور کروں - اس ضمن میں اپنی پارٹی والوں سے کہوں گا کہ ایسے معاملات جو نزاعی نوعیت کے ہوں ان کے بارے میں ہر ایک کو اپنے خیالات کے اظہار کی آزادی ہونی چاہئے - ذاتی طور پر میں ان تکلیفوں کو جانتا ہوں جو زمینداروں کو اس ڈیوٹی کے ضمن میں پیش آتی ہیں - ہمارے سرگودھا کے ضلع میں ڈیڑھ ڈیڑھ مربعوں کے مالکوں پر یہ ٹیکس لگ جاتا ہے - ایک مربعے کی قیمت ایک لاکھ تجویز کی جاتی ہے اس کے پیش نظر ان پر یہ ٹیکس لگا دیا جاتا ہے -

اور زمیندار بے چارہ بے بس ہو کر رہ جاتا ہے ۔ زمیندار بے چارہ کتنے ہی ٹیکس دیتا ہے ۔ مالیہ وہ دیتا ہے آبیانہ وہ دیتا ہے اور یہ کہنا کوئی مبالغہ نہیں ہے کہ حکومت کی آمدنی کا بیشتر حصہ زمیندار کی جیب سے آتا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ڈیوٹی جو ان پر لگائی جاتی ہے نہیں لگائی جانی چاہئے ۔

قاضی مرید احمد۔ (ضلع سرگودھا) ۔ جناب والا اس بل کو دیکھ کر مجھے ایک مثال یاد آ گئی ہے اور چونکہ اس کا مزہ پنجابی میں بیان کرنے سے آئیگا اس لئے میں اسے پنجابی میں بیان کرتا ہوں ۔ کسی آدمی نے کسی نابینے حافظ سے پوچھا کہ "حافظ جی کھیر کھاسو، حافظ صاحب نے آکھیا کھیر نہ کھاسان تے میں اپنے کھسمان نوں کھان لئی آیا ہویا ہان" یہی حال ان کا ہے ۔ یہ حضرات یہ کہتے ہیں کہ یہ ڈیوٹی جسے کومت واپس لینے کی کوشش کر رہی ہے اگر ان بڑے بڑے زمیندار وزیروں کے زمانہ میں بھی نہ ہٹے تو یہاں "کھسمان نوں کھان لئی آئے ہوئے ہین" ۔ یہ اسی لئے ان کرسیوں پر براجمان ہیں کہ وہ ایسے کام کریں جن سے ان کا بھی بھلا ہو ۔ یہ اپنے کام کی تنخواہ تو وصول کر لیتے ہیں لیکن . . . . . .

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ وزیروں کی تنخواہ کا اس سے کوئی تعلق نہیں آپ اسٹیٹ ڈیوٹی کے متعلق تقریر فرمائیں ۔

قاضی مرید احمد۔ یہ جناب والا ان وزارت کی کرسیوں پر بیٹھے ہی اس لئے ہیں تاکہ یہ اپنی نسلوں اور خاندانوں کو بنا کر جائیں ۔ اگر ایسا نہ کریں تو یہ یہاں بیٹھے ہی کس لئے ہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر — یہ سب غیر متعلق باتیں ہیں ۔

قاضی مرید احمد ۔ بہت بہتر ۔ جناب والا اس ٹیکس کے ضمن میں دونوں طرف سے اسلام کو استعمال کیا

جا رہا ہے ۔ اس طرف سے بعض دوستوں نے کہا ہے کہ اسلامی نقطہ نگاہ سے یہ نہایت ضروری ہے کہ یہ اسٹیٹ ڈیوٹی لگائی جائے ۔ ادھر سے جناب مخدوم زادہ صاحب نے فرمایا ہے کہ اسلام اس بات کی قطعی اجازت نہیں دیتا ۔ صدر محترم اگر فریقین میری مراد حزب اختلاف اور حزب اقتدار سے ہے دیانتداری سے یہ چاہتے ہیں کہ وہ اسلامی نقطعہ نگاہ معلوم کریں تو میں یہ کہوں گا کہ ایک کمیشن مقرر کیا جائے جو یہ معلوم کرے کہ بڑے بڑے زمینداروں نے کس طرح بڑی بڑی زمینداریاں حاصل کی تھیں (خوب ۔ خوب) جناب والا میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا ہندوستان کی اسلامی سلطنت جس کا جھنڈا لال قلعے پر لہراتا تھا کے مٹانے والے خاندانوں کو یہ ساری جاگیریں نہیں دی گئیں ۔ آج اگر ان بڑی بڑی ایسٹیٹس کے مالکوں کا تجزیہ کیا جائے اور اس ضمن میں میں نہ ان پنجوں والوں کو معاف کرتا ہوں نہ ان پنجوں والوں کو تو آپ اس نتیجہ پر پہنچینگے کہ کم از کم ۹۹ فیصدی شرفا جنہیں شرفا کہا جاتا ہے ان کے باپ دادوں ۔ سب سے بڑی غداری کی تھی ۔ آج اس ہاؤس میں یہ برملا کہا جاتا ہے کہ اسلام یہ اجازت نہیں دیتا کہ ہماری جائیدادوں پر ٹیکس لگایا جائے ۔ میں آج آپ کو پہلی صدی کا واقعہ بتاتا ہوں ۔ یہ ۱۰۲ ہجری کا واقعہ ہے کہ عمر بن عبدالعزیز نے اسی قسم کے جاگیرداروں کو بلایا اور ان کی ریاستوں اور جاگیرداریوں کی جمع بندیاں منگوائیں اور کاغذات مال منگوائے اور قینچی لیکر ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور ان کی تمام کی تمام جاگیریں ضبط کر لیں ۔ اسلام اس بات کی قطعاً اجازت نہیں دیتا کہ وہ تخت پر بیٹھ کر جس طرح چاہیں قومی دولت لٹا دیں کسی دوست کو دے دیں یا کسی حاشیہ بردار کے حوالے کریں ۔ ابھی ہمارے مخدوم زادہ صاحب یہ فرما رہے تھے کہ یہ ہماری ریاستیں اسلامی تقسیم در تقسیم سے دو تین پشتوں میں ختم ہو جاتی ہیں ۔ کون جیتا ہے تیری زلف کے سر ہونے تک دو تین پشتوں کا جب وہ ذکر کر رہے تھے تو نواب صاحب ہوتی فرماتے جاتے تھے quite right, quite right اس سے مجھے

اس مریض کا واقعہ یاد آتا ہے جس کے متعلق مختلف لوگ مختلف قسم کی دوائیاں تجویز کر رہے تھے ۔ کسی نے کہا کہ اسے فلاں کڑوی دوا دو ۔ کسی نے کچھ کہا اور کسی نے کچھ ۔ ایک صاحب پرے کھڑے تھے وہ کہنے لگے کہ اسے حلوہ کھلاؤ ۔ اس پر اس مریض نے کہا تم سب اپنی اپنی تجویزیں پیش کر رہے ہو ذرا اس باہر والے کی بات بھی تو سنو وہ کیا کہتا ہے ۔ اسی طرح ہوتی صاحب کہہ رہے تھے quite right - quite right ۔ یعنی جو بات دل کو پسند آ جاتی ہے اسلام کی رو سے بھی وہی ٹھیک تصور کر لی جاتی ہے ۔ یہ زمام اقتدار ابدی نہیں ہے اور پہلے بھی میں نے صاف طور پر کہا تھا کہ یہ مسلم لیگ کی بد اعمالیوں کا نتیجہ ہے کہ آج زمام اقتدار ان لوگوں کے ہاتھ میں ہے جو نہ اسلام کے دوست تھے اور نہ پاکستان کے دوست ہیں ۔

میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کا واقعہ بیان کر رہا تھا ۔ انہوں نے جن جاگیرداروں کو طلب کیا ان میں بنی امیہ کے لاڈلے بھی تھے جیسے یہاں چند لاڈلے خاندان ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان ان کے لئے بنا ہے اور ان کے لئے رہے گا ۔ قوم ڈوبے یا رہے ۔

دریا کو اپنی موج کی طغیانیوں سے کام
کشتی کسی کی پار ہو یا درمیان رہے

غرض حضرت عمر بن عبدالعزیز نے وہ تمام کے تمام کاغذات منگوائے اور ان ساری جاگیروں کو ضبط کر لیا ۔ وہ لوگ سفارش لے کر آپ کی پھوپھی محترمہ کی خدمت میں پہنچے اور کہنے لگے کہ ہم تو دنیا کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے ۔ ہم شاہی خاندان سے تعلق رکھنے والے ہیں ۔ خود ہمارے بھائی نے یہ کیا ہے کہ ہمیں ہمارے تمام جاگیروں سے محروم کر دیا ہے ۔ جب آپ کی پھوپھی محترمہ سفارش لے کر آپ کے پاس گئیں تو حضرت عمربن عبدالعزیز نے گوشت کا ایک ٹکڑا منگوایا اور اپنی انگوٹھی کو گرم کرکے

اس کے ساتھ لگایا تو وہ جلنے لگا ۔ اس کے بعد آپ نے یہ آیت کریم پڑھی ۔

والذین یکنزون الذھب والفضۃ ولا ینفقونھا فی سبیل اللہ
نبشر ھم بعذاب الیم ۔ یوم یحمیٰ علیھا فی نارجھنم
فتکوی بھا جبا ھھم و جنوبھم و ظھورھم ھذا ماکنزتم
لانفسکم فذوقوم ماکنتم تکنزون ۔

اور کہا پھوپھی جان میرا خدا فرماتا ہے کہ جو لوگ غربا کو لوٹ کھسوٹ کر ان کارکنوں کو over-time نہ دے کر اپنے لئے خزانے جمع کرتے ہیں ۔ اپنے لئے سونا چاندی جمع کرتے ہیں اور تڑپتے عوام کو اور مہاجروں کو جن کی زمینیں سیم اور تھور کی نذر ہو چکی ہیں کچھ نہیں دیتے ۔ انہیں درد ناک عذاب کی بشارت دے دو ۔ اس دن اس سونے اور چاندی کو جہنم کی آگ میں گرم کرکے اس سے ان کے چہروں اور پہلوؤں اور پیٹھوں کو داغا جائے گا ۔ اور کہا جائے گا یہ ہے وہ جسے تم اپنے لئے جمع کر کے رکھتے تھے ۔ اب اس کا جو تم جمع کرکے رکھتے تھے مزا چکھو ۔ اے پھوپھی جان کیا آپ پسند کرتی ہیں کہ آپ کا بھتیجا جب اللہ تعالیٰ کے دربار میں جائے تو بنی امیہ کی اس تمام دولت کو جس سے وہ شکار کھیلتے ہیں کلبوں میں جاتے ہیں ۔ غریبوں کا خون پی پی کر اپنے مخملیں فرش سجاتے ہیں ۔ گرم کرکے اس سے میرے پہلو اور میرا چہرہ اور میری پیٹھ کو اس طرح جلایا جائے جس طرح میری انگوٹھی نے اس گوشت کے ٹکڑے کو جلا دیا ہے ۔ ان کی پھوپھی محترمہ کہنے لگیں جو کچھ تم نے کیا ہے بالکل ٹھیک کیا ہے ۔

اگر جناب مخدوم زادہ صاحب اسلامی نقطہ نگاہ معلوم کرنا چاہتے ہیں تو وہ آئیں اور کسی ہائی کورٹ کے جج کی صدارت میں ایک کمیشن قائم کریں ۔ اور وہ کمیشن یہ فیصلہ کرے کہ آیا یہ بڑی جاگیریں اور جائدادیں جن کے طول و عرض جمع بندیوں میں نہیں سماتے ۔ جن کا طول و عرض صرف اس طرح ناپا جا سکتا ہے کہ گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہو کر اسے دن بھر دوڑاتے رہیں ۔ کیا یہ لوگ ماں کے پیٹ سے یہ املاک لے کر پیدا ہوئے تھے یا انگریز کے ان ازلی غلاموں نے اپنی قوم کو برباد کرکے اسے حاصل کیا تھا ۔ کیا وہ ایسا کمیشن بٹھانے کے لئے تیار ہیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔

میں برملا اعلان کرتا ہوں کہ وہ سارے بنک جا کر دیکھ لیں اگر میرے نام چار پانچ سو سے زیادہ رقم نکلے تو وہ مخدوم زادہ صاحب کے لئے شیر مادر کی طرح حلال ہے۔ (قطع کلامیاں) ۔ آپ اپنی جائیداد غریبوں کو دے دیں ۔ جو کچھ میرے پاس ہے میں بھی دے دیتا ہوں ۔ پاکستان کی سر زمین میں بیس کنال سے زیادہ میری زمین نہیں ہے۔

ڈاکٹر خاں صاحب (ریاست سوات) میں یہاں بہت کم تقریروں کے لئے کھڑا ہوتا ہوں نہ مجھے اس طرف کے امیروں سے ہمدردی ہے نہ اس طرف کے امیروں سے ۔ میں صرف چند موٹی باتیں کہنا چاہتا ہوں ۔ اس وقت ہماری قوم کی حالت یہ ہے کہ ہر ایک آدمی اٹھ کر نقطہ چینی شروع کر دیتا ہے ہر شخص کو چاہئے کہ پہلے اپنے گریبان میں دیکھے ۔ ہر کسی کے دل میں یہ ہے کہ لوگ اسے نہیں جانتے انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ لوگ ہر ایک کو اچھی طرح جانتے ہیں ہر شخص اپنے آپ کو بھول کر اسلام کو بیچ میں لے آتا ہے ۔ لیکن اسلام کے اصولوں سے ہمیں واقفیت ہی نہیں ہے ۔ میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ یہ لوگ کبھی نہیں چھپ سکتے ۔ خواہ یہ اس طرف ہوں یا اس طرف ہوں ۔ ان کا مقصد صرف اس بل پر بولنا ہے ۔

I am supporter of truth, but unfortunately the position is that if you bribe some people, the whole position changes. The very idea of death tax is corruption. If you go into the matter, you will find that the cost of the establishment is more than the real income of the Government through death duty. Apart from that, I agree with some members who say that they must have proper taxation. I think a man who has got ten acres of land should pay no land revenue. A person who has between ten to fifty acres must pay some land revenue. Above fifty acres it should be increased. Above hundred acres it must be still increased and that process should go on. I agree that the higher the income more the taxes. I agree that a stage is reached when he has no right to the income.

So, you must rest assured that we on this side of the House are for taxation. We are not for the protection of big landlords or small landlords. We are supporters of poor people. I remember that some of the big people supported the British, while poor people supported us in those days. So, my advice to you is that instead of opposing each other. let us get together and consider what is best for our people. We will show you that we will tax all those who should be taxed. I have seen those people who always propogate the cause of the labourers. I have seen how they behave with the labourers. We know that they simply indulge in service, and they are never serious. We want to get rid of such people whether they belong to this side of the House or that side of the House.

Now, there is Rana Gul Muhammad Noon. He was propogating Islam. I will just repeat a verse in Urdu and then finish.

نماز کیسی کہاں کا روزہ ۔ ابھی تو میں شغل شراب میں ہوں۔
میں تو آپ سے کہتا ہوں کہ جو کام بھی کرنا ہے محبت سے کرو ۔
سب آپس میں مل جاؤ تو پھر پاکستان بنے گا ۔

Syed Amir Hussain Shah: : Sir, we heartily endorse a part of what Dr. Khan Sahib has said just now. Let him bring a Bill, as he has promised, contemplating a sliding scale of Revenue.

(*Interruption*)

Mr. Abdus Sattar Pirzada (Law Minister) : Everybody has spoken. Let Sardar Bahadur Khan speak.

خان سردار بہادر خان۔(ضلع لاہور) صدر محترم—پیشتر اس کے کہ میں پیش کردہ مسودہ قانون پر اپنے خیالات کا اظہار کروں میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اس قانون کی روئداد زندگی پر کچھ روشنی ڈالوں ۔ یہ قانون مرکز حکومت نے ۱۹۵۰ میں پاس کیا تھا میں اسوقت اسکا مخالف نہیں تھا مگر اسکے حق میں بھی نہ تھا ۔ میرے حق میں نہ ہونے کی وجوہات دو تھیں ۔ مخدوم زادہ حسن محمود نے ابھی ابھی اس قانون کی تائید میں تقریر کرتے ہوئے اسکی حمایت کے لئے یہ جواز پیش کیا تھا کہ اس قانون کو پیش کرنے کی وجہ یا پاس کرنے کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ جن ممالک میں Law of Primogeniture ہو وہاں کی املاک کو مناسب طور پر تقسیم کیا جائے ۔ دراصل یہ حقیقت نہیں ہے ۔ اس قانون کا مقصد capital کو ٹیکس کرنا ہے خواہ وہ زمیندار کا ہو خواہ وہ industrialists کا ہو اور خواہ وہ businessmen کا ہو ۔ میں اس سیلیکٹ کمیٹی کا بھی ممبر تھا جس کے سپرد یہ بل کیا گیا تھا اور میں نے دو پوائنٹس پر اسکی مخالفت کی تھی ۔ پہلا یہ کہ میں اس چیز کے خلاف تھا کہ سطح ٹکس ہم ایک لاکھ پر رکھیں ۔ جیسا کہ ابھی ڈاکٹر خان صاحب نے کہا ہے ایسے مسائل پر ہمیں پارٹی بازی کے رنگ میں یا ایوان کی شاباش حاصل کرنے کے لئے اپنے خیالات کا اظہار نہیں کرنا چاہئے بلکہ حقیقت پسندانہ طریق اختیار کرنا چاہئے ۔ میں ایک تو اس وجہ سے اس بل کا مخالف تھا کہ ایک انسان اگر مر جائے تو اسکی ایک لاکھ کی جائداد پر یہ ٹیکس لگے ۔ آپ شہری آبادی پر نظر ڈالئے ۔ اس طبقہ کے افراد کی ساری زندگی کی کمائی ایک مکان سے زیادہ نہیں ہوسکتی بشرطیکہ وہ کمائی دیانتداری کی ہو ۔ آج جو آپکی حالت ہے اس میں ایک معمولی سے مکان کی قیمت بھی ایک لاکھ سے کم نہیں فرض کیجئے میں ایک مکان کا مالک ہوں جو میں نے ساری زندگی کی کمائی سے بنایا ہے ۔ تو میرے مر جانے کے بعد اگر میرے پانچ چھ بچے ہیں تو وہ بجائے اسکے کہ میری تجہیز و تکفین کی فکر کریں وہ اس مکان کو پانچ چھ ٹکڑوں میں تقسیم کرنے کی فکر کریں گے

میں اس slab کے خلاف تھا ۔ دوسرے اسلئے بھی میں اسکے مخالف تھا کہ گو حالات اب بہت بدل چکے ہیں لیکن اسوقت میں اس لئے اسکے مخالف تھا کہ ہمارا ملک ایک نیا ملک ہے ۔ اسکی economy بنیادی طور پر agricultural economy ہے ۔ اسلئے جب تک کہ ہمارا capital build نہ ہو اسوقت تک اس ٹیکس کا کوئی جواز نہیں ہو سکتا پہلے capital build کیجئے ۔ اور پھر اسے ٹیکس کیجئے ۔ دنیا میں اس قسم کا ٹیکس صرف agricultural economy پر کبھی عائد نہیں کیا گیا ۔ اگر آپ یہ ٹیکس لگا بھی دیں تو بھی اس سے کچھ حاصل نہیں کر سکیں گے ۔ معلوم نہیں شفیع صاحب کو یہ اعداد وشمار کہاں سے حاصل ہوئے ہیں ۔ بحر حال میری مخالفت اس مسودہ قانون کی اس بنا پر تھی کہ ہمارے ملک میں اسوقت تک capital build نہیں ہوا تھا ۔ اب کسی حد تک ہم نے قدم آگے بڑھایا ہے لیکن اب بھی صحیح معنوں میں دیکھا جائے تو ہم اس سطح پر نہیں پہنچے جس پر یہ ٹیکس لگنا چاہئے ۔ اگر آپ انگلستان اور دیگر ممالک کی تاریخ کو دیکھیں جہاں یہ ٹیکس عائد کیا گیا ہے تو آپ دیکھیں گے کہ وہاں یہ ٹیکس پہلے دن سے عائد نہیں ہوا تھا اور دوسرے یہ کہ ان کی economy ایک highly industrial economy ہے ۔

صاحب صدر—صحیح تو یہ ہے کہ مجھے معلوم نہیں کہ یہ بل کیوں پیش کیا گیا ہے لیکن اسکے پیش ہونے کے بعد میری نجی گفتگو ایک دو وزیر صاحبان سے ہوئی ہے ۔ اس سے اندازہ یہ ہے کہ اس بل کو یہاں لانے کی وجہ صرف یہ ہے کہ ایک عدالت نے اپنا فیصلہ صادر کیا ہے کہ مرکزی حکومت نے جو بل پاس کیا تھا اس میں مرکزی حکومت کو زمینوں سے متعلق اس قانون کو پاس کرنے کا حق حاصل نہیں تھا ۔ لیکن اب بھی چونکہ وہ قانون پاس ہو چکا ہے مرکزی حکومت ٹیکس اکٹھا کر رہی ہے ۔ وزیر اعلیٰ نے کہا تھا کہ میں اس بل کو اسلئے پیش کر رہا ہوں کہ مرکزی حکومت اس ٹیکس کو حاصل نہیں کر سکتی اگر کرنا ہے تو ہمیں کرنا ہے اور اسکے لئے ہم علیحدہ قانون بنانا چاہتے ہیں ۔ اگر یہ صورت صحیح ہے تو اگرچہ آج کے حالات میں اور اس وقت کے حالات میں بہت تبدیلی آگئی ہے میں آج بھی کہتا ہوں کہ جس وقت آپ نیا مسودہ قانون

مرتب کریں تو اس میں اس بات کا خیال رکھیں کہ ٹیکس کا معیار وہی نہ ہو جو مرکزی حکومت نے رکھا ہوا تھا ۔ اگر آپ واقعی پہلے قانون کی تنسیخ چاہتے ہیں تو آپ کا مسودہ قانون اس سے بہتر ہونا چاہیئے تاکہ یہ چیز واضح ہو کہ یہ تنسیخ کسی فائدے کے پیش نظر کی گئی ہے ۔ اگر اس میں شہری جائداد پر ٹیکس بدستور رکھا گیا اور اس کی وصولی جاری رکھی گئی تو میرے خیال میں یہ ایک غلط اقدام ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں ہماری economy ابھی اتنی develop نہیں ہوئی کہ ہم یورپ کے معیار کے مطابق یہاں لوگوں سے ٹیکس وصول کر سکیں اور نہ ہی موجودہ حالات میں اس کے نفاذ کا ہمارے پاس کوئی جواز موجود ہے ۔ لیکن اس موقع پر میں یہ بھی پوری ذمہ دار سے کہہ سکتا ہوں کہ اس وقت ہماری economy یقیناً وہ بھی نہیں جو ۱۹۵۰ میں تھی ۔ لہذا اگر آپ اس قانون کو اشد ضروری سمجھتے ہیں تو آپ وعدہ کریں کہ آپ اس معزز ایوان کے سامنے ایک ایسا مسودہ قانون پیش کرینگے جس کا minimum سابقہ معیار سے higher ہوگا ۔ کیونکہ اگر ایسا نہ کیا گیا تو عین ممکن ہے کہ آئندہ کسی مرنے والے کی میت تو ویسے کی ویسی ہی پڑی رہے اور اس کے یتیم بچے اس کی جائداد کے حصے بخروں کی مصیبت میں ہی پھنسے رہ جائیں ۔

				Municipal Committee, Sadiqabad—Abdul Majid Ghauri, Matric, G.S.	..	not known
				Municipal Committee, Kot Samba—Faiz Muhammad Sakhan, Assistant Commissioner, Rahimyar Khan.	..	Ditto.
				Municipal Committee, Khanpur—Wahid Bakhsh Retired, Tehsildar.	..	Ditto.
				Municipal Committee, Allahbad—Atta Muhammad Chisti, Assistant Commissioner, Liaqatpur.	..	Ditto.
		D. G. Khan ..	Two Municipal Committees.	*Municipal Committee, D.G. Khan*.. Syed Ijaz Hussain, P. C. S., Revenue Assistant.	..	
				Municipal Committee, Jampur—Captain Shafiq Ahmad Khan, P.C.S, General Assistant.	..	
7	Hyderabad Division.	Hyderabad ..	7 Municipal Committees	*Municipal Committee, Hyderabad*—Allah Bakhsh Uqualli, Deputy Commissioner, Hyderabad.		Election being held and will be completed by first week of April, 1958.
				Municipal Committee, Tando Allahyar—Muhammad Sadiq Memon.		
				Municipal Committee, Halla—Muhammad Issa Abbasi, Mukhtiarkar, Matric.	..	..

Serial No.	Division	District	District Board and Municipal Committees which stand suspended at present	Qualifications of the Administrators of supended Local Bodies	Political affiliation of Administrators who are not Government servants	Time by which the elections to the suspended Local Bodies are likely to be held
7—*concld.*	Hyderabad Division—*concld.*	Hyderabad—*concld.*		*Municipal Committee, Tando Muhammad Khan*—Ahmad Khan K. Wassan.	..	..
				Municipal Committee, Matiari—Sham Dass Tara Chand, President, Magistrate, Hala.	..	..
				Municipal Committee, Matli—Fazul Ahmad.	..	..
				Municipal Committee, Tando Jam—Habibullah Muhammad Hussain Memon, B.Sc., Agr. (Mon) Mukhtiarkar Hyderabad Taluka.	..	..
		Dadu ..	District Local Board Dadu.	*District Local Board*—Abdul Majid Khan, M.A., LL.B., Deputy Commissioner, Dadu.	..	..
			3 Municipal Committees	*Municipal Committee, Dadu*—Akhwand Shafi Muhammad.	..	..
				Municipal Committee, Kotri—Anwar Hussain Siddiqui, M.S. C. Mukhtiarkar.	..	..
				Municipal Committee, Sehwan—Syed Sadiq Ali Shah.	..	..

		Sanghar ..	2 Muncipal Committees	*Municipal Committee, Shahdadpur*— Ghulam Nabi Memon, B.A., LL.B., Mukhtiarkar.	..	..
				Municipal Committee, Tando Adam— S.M.A. Taqvi, C.S.P., Assistant Commissioner, Shahdadpur.	..	..
		Thatta ..	One Municipal Committee	*Municipal Committee, Thatta*— Nur Muhammad Paih, B.A., Mukhtiarkar.	..	..
		Tharparkar ..	One Municipal Committee	*Municipal Committee, Mirpurkhas*— Rass Masood Hussain C.S.P., Deputy Commissioner.	..	..
8	Khairpur Division.	Sukkur ..	4 Municipal Committees	*Municipal Committee, Shikarpur*— Mr. Kadir Bux Larik, P.C.S., Deputy Collector	..	Elections are expected to be held within next 10 months.
				Municipal Committee, Rohri— Mr. Abdul Majid Abbasi Advocate, B.A., LL.B.	Republican ..	Ditto.
				Municipal Committee, Ghari Yasin— Mr. S. Kanyalal Chawla, B.Sc., P.C.S., Mukhtiarkar.	..	Ditto.
				Municipal Committee, Ghotki— Mr. Nadar Ali Bhatti, Mukhtiarkar	..	Ditto.
		Jacobabad ..	One Municipal Committee	*Municipal Committee,* — Administrative Committee Comprising 23 members with Mr. Dur Muhammad as Chairman.	Not known ..	Ditto.

Serial No.	Division	District	District Board and Municipal Committees which stand suspended at present	Qualifications of the Administrator of suspended Local Bodies	Political affiliation of Administrators who are not Government servants	Time by which the elections to the suspended Local Bodies are likely to be held
8—*concld.*	Khairpur Division—*concld.*	Larkana ..	Three Municipal Committees.	*Municipal Committee, Larkana*—Administrative Committee of 28 persons with Mr. Abdul Ghafur Bhurgri as Chairman.	Republican ..	Elections are expected to be held within next 10 months.
				Municipal Committee Kamber—Mr. Nizamuddin M. Sheikh, P.C.S., Mukhtiarkar.	..	Ditto.
				Municipal Committe, Shahdadkot—Mir Muhammad Uris Baloch, P.C.S., Mukhtiarkar.	..	Ditto.
		Nawabshah ..	One District Local Board	*District Local Board*—Mr. Badaruddin Sheikh, P.C.S.	..	Ditto.
			One Municipal Committee	*Municipal Committee, Nawabshah*—Mr. Sachedoo Kazi, P.C.S., Deputy Commissioner.		

Makhdoomzada Syed Hassan Mahmood: Sir, the answer prepared by the Department was wrong. I gave instruction to tthe Department to prepare a correct answer. Sir, the fact is that 19 per cent District Boards and Municipal Committees had been superseded, while four Municipal Committees had been suspended. Difference between 'supersession' and 'suspension' is that 'suspension' denoted that functions of a local body had been stopped temporarily, while 'supersession' meant that its normal life had expired.

What suspension means is where charge-sheets have been served and enquiries have been held and the Boards or the Municipalities have been suspended. There are others where the Board's or the Municipality's life has terminated. Even they have been regarded by my Department as suspended, which is incorrect. So far as the District Boards are concerned when I say superseded, these are those Boards, whose normal life has ended; not one has been suspended. Four Municipal Committees have been suspended and sixty-three's life has ended.

Sardar Muhammad Zafrullah : Sir, the Minister has said that in respect of (*b*), (*c*) and (*d*), the information is placed on the Table. I have not been given any advance copy of it.

Makhdoomzada Syed Hassan Mahmood : I have given.

DISTRICT BOARDS

*1314. **Qazi Murid Ahmad** : Will the Minister of Social Welfare and Local Government be pleased to state—

(*a*) the number of District Boards in the Province;

(*b*) the number of District Boards being run by Administrators;

(*c*) the number of Administrators taken from among Government Servants and publicmen, respectively;

(*d*) the total number of District Boards in Rawalpindi Division and the number among them as are being run by Administrators along with the dates since when they are being so run and the reasons therefor?

Makhdoomzada Syed Hassan Mahmood: (MINISTER OF SOCIAL WELFARE AND LOCAL GOVERNMENT) : (*a*) 35.

(*b*) 19.

(*c*)	(*i*) Officials	7
	(*ii*) Retired Government servants	8
	(*iii*) Public men	4
(*d*)	(*i*)	4
	(*ii*)	4
	(*iii*)	..

The District Board Rawalpindi ..	16th September, 1957.
The District Board, Jhelum ..	26th September, 1956.
The District Board, Gujrat ..	December, 1957.
The District Board, Sargodha ..	20th September, 1955.

As all these District Boards have been superseded, Administrators have been appointed to run the Administration of these District Boards.

قاضی مرید احمد — کیا میں وزیر معاشرتی بہبود اور لوکل گورنمنٹ سے دریافت کر سکتا ہوں کہ جن اضلاع میں انہوں نے سرکاری ملازمین کو نظر انداز کرکے غیر سرکاری آدمیوں کو مقرر کیا ہے اس کی وجہ کیا ہے؟ کیا انہیں سرکاری ملازمین نہیں مل سکے۔

مخدوم زادہ سید حسن محمود — عرض یہ ہے چونکہ انہوں نے یہ فرمایا ہے — کیا میں سوال پوچھ سکتا ہوں — اس لئے وہ سوال پوچھیں تو میں اس کا جواب دونگا — انہوں نے آپ سے کہا ہے — کیا میں پوچھ سکتا ہوں — اس لئے آپ انہیں پہلے سوال پوچھنے دیں —

قاضی مرید احمد — مخدوم زادہ صاحب اس طرح میں نہیں ٹلونگا — جناب میں آپ کی وساطت سے وزیر متعلقہ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے .و غیر سرکاری ایڈمنسٹریٹر مقرر کئے ہیں اس کی وجوہات کیا ہیں انہوں نے ان جگہوں پر سرکاری ملازمین کیوں نہیں لگائے -

مخدوم زادہ سید حسن محمود — ان تعیناتی ہم نے موزوں سمجھی ہے —

قاضی مرید احمد — جناب والا — کیا ضلع کے ڈپٹی کمشنر جن کی قابلیت مسلمہ ہے اور ان پر سب کو اعتماد ہوتا ہے اس کام کیلئے موزوں نہیں سمجھے گئے -

مخدوم زادہ سید حسن محمود — ہمارے سیکریٹیریٹ کا خیال ہے کہ ڈپٹی کمشنروں کے پاس پہلے ہی کام زیادہ ہے — اس لئے ضلعوں کے ڈسٹرکٹ بورڈوں کا کام انہیں سپرد کرنا مفید نہ ہوگا —

قاضی مرید احمد — کیا آپ نے راولپنڈی ڈویژن کے مختلف اضلاع کے متعلق اپنے سیکریٹیریٹ سے رائے طلب کی تھی -

مخدوم زادہ سید حسن محمود — جی ہاں —

چودھری غلام رسول تارڑ — کیا وزیر معاشرتی بہبود یہ فرمائینگے کہ راولپنڈی ڈویژن میں جو ایڈمنسٹریٹر سرکاری ملازمین میں سے نہیں لئے گئے کیا وہ کوئی تنخواہ وصول کرتے ہیں -

مخدوم زادہ سید حسن محمود — جی نہیں —

حاجی عبداللہ خان — کیا یہ درست ہے کہ مسلم لیگ کی حکومت کے دوران ضلع پشاور میں ایم — ایل — اے صاحبان کو ایڈ منسٹریٹر مقرر کیا گیا تھا اور جب سے وہ حکومت ختم ہوئی ہے ڈپٹی کمشنر پشاور ہی ایڈمنسٹریٹر کا کام کر رہے ہیں

مخدوم زادہ سید حسن محمود — جی ہاں —

قاضی مرید احمد — کیا وزیر موصوف از راہ نوازش بیان فرمائینگے کہ راولپنڈی اور گجرات کے موجودہ ایڈمنسٹریٹر صاحبان کی تعلیمی قابلیت کیا ہے؟

مخدوم زادہ سید حسن محمود — وہ بہت قابل ہیں اور ان کا تجربہ بہت وسیع ہے — (قہقہہ) —

قاضی مرید احمد — کیا وہ کھانے پینے کے لحاظ سے قابل ہیں ؟ میں نے یہ دریافت کیا ہے کہ ان کی تعلیمی قابلیت کیا ہے ؟

مخدوم زادہ سید حسن محمود — جناب والا — تعلیمی قابلیت تو ایک بڑی وسیع چیز ہے — اس میں کئی چیزیں شمار ہو سکتی ہیں اس لئے میں نے قابل کا لفظ استعمال کیا ہے —

قاضی مرید احمد — کیا ان دونوں ایڈمنسٹریٹروں کے پاس مڈل پاس کرنے کا سرٹیفکیٹ ہے

مخدوم زادہ سید حسن محمود — جناب عالم فاضل مڈل پاس سے زیادہ قابل ہوا کرتے ہیں —

قاضی مرید احمد—کیا وزیر موصوف علمیت اور فضیلت کی کسی درسگاہ کا نام لے سکتے ہیں ؟

مسٹر سپیکر — Disallowed —

چودھری غلام رسول تارڑ — کیا میں قاضی صاحب کی اطلاع کیلئے عرض کر سکتا ہوں کہ گجرات کے ایڈمنسٹریٹر ایف—اے پاس ہیں اور ان کی تعلیم قاضی صاحب سے زیادہ ہے —

مخدوم زادہ سید حسن محمود —جناب جہاں تک میری معلومات ہیں قاضی صاحب دوسری جماعت پاس ہیں اور مسجد میں پڑھے ہیں۔ (قہقہہ اور شور)

قاضی مرید احمد — جناب میں تسلیم کرتا ہوں کہ میں مسجد میں پڑھا ہوا ہوں — میں کسی گرجا میں نہیں پڑھا—

مسٹر سپیکر — Question Hour ختم ہو چکا ہے —

چودھری شاہی محمد—کیا یہ درست ہے کہ قاضی صاحب بحیثیت ایک ٹیچر ملازمت سے برطرف کئے گئے تھے ؟

قاضی مرید احمد — جناب والا ۔ خدا کا شکر ہے کہ میں گائے چرانے کے الزام پر کبھی گرفتار نہیں ہوا اور نہ میرا پیشہ رسہ گیری ہے ۔

SHORT NOTICE QUESTION

Harbouring of Smuggling and Anti-State Elements by Dr. Harchand Rai.

1489. Khawaja Muhammad Safdar : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Dr. Harchand Rai was posted at Civil Dispensary, Omar Kot, in the Tharparker District ;

(*b*) whether it is a fact that the Criminal Investigation Department has, on several occasions, reported that the said Doctor is harbouring smugglers and anti-State elements ;

(*c*) whether it is a fact that on the reports of Criminal Investigation Department and complaints by other persons, this Doctor has been ordered to be transferred from Omar Kot, which is quite close to the Indo-Pakistan border, to some place in the interior of the Province ;

(*d*) whether it is a fact that every time these transfer orders have been cancelled; if so, the reasons therefor ?

خان خدا داد خان — (وزیر صحت) ۔

الف — جی ہاں

ب — جی ہاں

ج — جی ہاں

د — جی نہیں ۔

(قہقہے)

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ وہی جواب پڑھیں ۔ جو مجھے اسمبلی کے دفتر سے موصول ہوا ہے یا آپ مجھے اجازت دیں تا کہ میں خود پڑھ دوں۔

مسٹر سپیکر — آپ لکھا ہوا جواب مجھے دیں میں خود پڑھ لوں گا ۔

(صاحب سپیکر نے پڑھ کر وزیر متعلقہ سے فرمایا کہ واقعی ممبر موصوف کو موصول شدہ جواب ان کے جواب سے مختلف ہے)

خان خدا داد خان — جناب والا ۔ میری معلومات زیادہ ہیں اس لئے میں ان کے ہر ضمنی سوال کا جواب دے سکوں گا ۔

مسٹر سپیکر — آپ تحریر شدہ جواب جو ممبر موصوف کو موصول ہوا ہے ایوان میں پڑھ کر سنا دیں ۔

خان خدا داد خان — بہتر جناب ۔

(الف)—جی ہاں ۔

(ب) — عمر کوٹ کے کام ضلع نے ڈاکٹر مذکور کے خلاف شکایت کی لیکن ایک وزیر اور ایک نائب وزیر نے وزیر صحت کو اطلاع دی کہ انہوں نے اپنے ایک دورے میں ڈاکٹر ہر چند رائے کے طور طریق کی ذاتی طور پر تحقیقات کی جس سے انکشاف ہوا کہ ڈاکٹر موصوف مقامی سازشوں کے شکار ہوئے ہیں اور ان کے خلاف مبینہ شکایات واقعات پر مبنی نہ تھیں ۔ عمر کوٹ کے عوام نے بھی انہیں عمر کوٹ میں بر قرار رکھنے کی عرضداشت کی تھی ۔

(ج) — جی ہاں ۔ عمر کوٹ سے ان کا تبادلہ ہو گیا تھا لیکن مندرجہ بالا (ب) میں مذکورہ عرضداشت کے پیش نظر کمشنر حیدر آباد سے کہا گیا کہ ڈاکٹر موصوف کے خلاف جو الزامات لگائے گئے ہیں ان کی تحقیقات کسی اعلیٰ اور غیر جانبدار افسر سے کرائی جائے اور کمشنر کی رپورٹ موصول ہونے تک ڈاکٹر ہر چند رائے کا تبادلہ روک دیا گیا تھا ۔

(د) — جی نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر—کیا میں وزیر متعلقہ سے ان وزیر صاحب اور نائب وزیر صاحب کا نام دریافت کر سکتا ہوں جنہوں نے ذاتی معلومات کی بنا پر ان کے پاس سفارش بھیجی ۔

خان خدا داد خان—انہوں نے سفارش نہیں کی بلکہ جب وہ دورے پر گئے اور تحقیقات کی تو انہوں نے اپنی معلومات مجھے بہم پہنچائیں ۔ ان کے نام میر علی احمد خان تالپور اور رانا چندر سنگھ ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر—صحت کا محکمہ تو آپ کی تحویل میں ہے - دوسرے منسٹر صاحبان نے کس طرح اس معاملہ کی تحقیقات کی -

مسٹر سپیکر—اس سوال کی اجازت نہیں -

خواجہ محمد صفدر—کیا ڈاکٹر ہر چند رائے کے خلاف کوئی رپورٹ نہیں آئی تھی -

خان خدا داد خان—جی نہیں -

دونوں وزرا کے علاوہ قومی نمائندوں نے بھی کہا کہ ان کی تبدیلی روک دی جائے - اس معاملہ کی اب انکوائری ہو گی اور اگر یہ شکایات درست ثابت ہوئیں تو پھر انہیں بڑی سے بڑی سزا دی جا سکتی ہے - محض تبدیلی کوئی بڑی سزا نہیں -

خواجہ محمد صفدر — جناب والا میں آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کی توجہ اس واقعہ پر مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وزیر صاحب کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ڈاکٹر صاحب کے خلاف جو الزام ہے وہ Harbouring of smuggling and Anti-State elements. ہے اس لئے کیا یہ ضروری نہیں تھا کہ عمر کوٹ سے جو سرحد کے قریب ہے ان کو تبدیل کر کے صوبہ کے اندرونی علاقہ میں بھیج دیا جاتا -

مسٹر سپیکر—اس سوال کی اجازت نہیں -

شیخ ظفر حسین—جو افسر اس معاملہ کی تحقیقات کر رہا ہے کیا اس کا Status کمشنر سے بڑا ہے -

خان خدا داد خان—اس کے متعلق گزارش یہ ہے کہ ایک کنسٹیبل کی رپورٹ پر کمشنر نے سفارش کی کہ اس ڈاکٹر کو تبدیل کر دیا جائے - لیکن قومی نمائندوں اور دوسرے عوام نے چاہا کہ ان کی تبدیلی کو روک دیا جائے - میں نے یہ مناسب سمجھا کہ ایک گزیٹڈ افسر کو مقرر کیا جائے تاکہ وہ انکوائری کرے اور اگر الزامات صحیح ثابت ہو جائیں تو اس ڈاکٹر کو سزا دی جائے -

خواجہ محمد صفدر—کیا وزیر متعلقہ یہ فرما سکتے ہیں کہ وہ ڈاکٹر عمر کوٹ میں کتنے عرصہ سے متعین ہے -

خان خدا داد خان—اس کے لئے نوٹس درکار ہے -

خواجہ محمد صفدر۔ کیا یہ رانا چندر سنگھ وہی ڈپٹی منسٹر ہیں جن پر اس ہاؤس میں یہ الزام لگایا گیا تھا کہ انہوں نے کسی سمگلر کی ضمانت دی تھی

M. Speaker : Disallowed
The Question hour is over.

LEAVE OF ABSENCE OF M. P. As.

Mr. Speaker : I have received the following application from Mr. Sadiq Ali Abdul Karim Memon, M. P. A. :—

"Due to sudden illness of my son I had to reach back from Lahore for his treatment. I, therefore, request that you will kindly grant me leave of absence from the Assembly from 27th and onwards. I attended the Session till 26th".

The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried

Mr. Speaker : I have received the following application from Chaudhri Salah-ud-Din, M. P. A. :—

"I am leaving for Karachi in connection with an important work and will feel grateful if the Provincial Assembly grants me leave of absence from the 29th March to 2nd of April, both days inclusive".

The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I have received the following application from Mian Muhammad Ghulam Jilani Gurmani, M. P. A. :—

گزارش ہے کہ بندہ کو برائے کارخانگی واپس مظفر آباد آنا پڑا ہے لہذا استدعا ہے کہ یکم اپریل سے تا تاریخ اختتام اجلاس اسمبلی رخصت عنائت فرمائی جائے۔

The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

ADJOURNMENT MOTION (LEAVE ASKED)

Withdrawal of Protective Bund Scheme near Hajipur Gujran.

Mr. Speaker: Khawaja Muhammad Safdar has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, "the withdrawal by the Government of a scheme for the construction of a protective Bund on the river Ravi near village Hajipur Gujran in Sialkot district, which will result in a permanent loss of thousands of acres of rich agricultural land to the owners as well as to the natives".

Qazi Fazlullah Obedullah : Sir, the facts are not correct.

خواجہ محمد صفدر۔ (ضلع سیالکوٹ) جناب والا - ۱۹۵۶ء میں ۵/۴ کی درمیانی شب کو دریائے راوی میں ایک بہت بڑا سیلاب آیا جس کی نظیر نہیں ملتی اس دریا نے موضع حاجی پور گجران میں اپنا رخ

تبدیل کرکے ہمارے ضلع کی طرف پھیر لیا ۔ صرف حاجی پور گجران میں اس وقت ۹۲ اموات ہوئیں اور ہمارے ضلع کے تقریباً ۱۲ گاؤں کٹ کر ہندوستان کی طرف چلے گئے ۔ سیلاب کے دنوں میں سردار عبدالحمید خاں دستی وہاں تشریف لے گئے وہاں مقامی لوگوں نے ان سے درخواست کی کہ دریا کا رخ پھیر کر اسے واپس اصلی channel پر لایا جائے ورنہ اس بات کا خطرہ ہے کہ کہیں اس علاقے پر ہندوستان اپنا قبضہ نہ جما لے اگرچہ قانونی طور پر وہاں ہمارا قبضہ ہے اور ریڈ کلف اوارڈ کی رو سے سیالکوٹ کے ضلع کی جو تحصیل حد بندی تھی اسے ہی آخر ، حد بندی قرار دیا گیا تھا ۔ لیکن ہوتا یہ ہے کہ سیلاب کی وجہ سے جو گاؤں دریا کے اس طرف چلے جاتے ہیں ان پر ہندوستان قبضہ کر لیتا ہے اور جو ہماری طرف آ جاتے ہیں وہ ہمارے قبضہ میں رہتے ہیں تو جناب والا ۱۹۵۶ء میں ہمارے ساتھ یہ وعدہ کیا گیا تھا ۔ کہ دریا میں بند باندھ کر اسے اصلی جگہ پر لایا جائے گا اور ۱۹۵۷ء میں اس سلسلہ میں تھوڑا بہت کام بھی شروع ہوا تھا ایک اور بند باندھا گیا تھا لیکن ایس—ڈی—او کی مہربانی سے جو وہاں مقرر تھا کام صحیح طریقہ پر نہ کیا گیا اور وہ بند بیٹھ گیا ۔ ۱۹۵۶ء میں میں وہاں گیا تھا لیکن اب میں نے سنا ہے کہ وہاں کشتی کے ذریعہ سے لوگ آتے جاتے ہیں اور کل کی اخبار سول ملٹری گزٹ میں اس کے متعلق خبر شائع ہوئی ہے اس لئے میں یہ درخواست کرونگا کہ وہاں مضبوط بند باندھا جائے اور جیسا کہ سردار صاحب نے دو سال ہوئے وعدہ فرمایا تھا اس کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ دریا اپنی اصلی جگہ پر آ جائے ورنہ اس کا اسی حالت میں رہنا قومی مفاد کے خلاف ہے ۔

Qazi Fazlullah Obedullah : (MINISTER FOR DEVELOPMENT AND IRRIGATION) : Sir, the facts mentioned in the adjournment motion are not correct. I assure my friend that all the protective measures will be taken. We have not passed any orders withdrawing any scheme of protective measures.

Khawaja Muhammad Safdar : It means they are constructing the bund ?

Qazi Fazlullah Obedullah: We are investigating and examining the feasibility and desirability of constructing that bund. If that bund does not prove feasible, if we come to the conclusion that it will not succeed, then we will take some other protective measures.

Mr. Speaker : The Government deny having passed any such orders referred to in the adjournment motion. As the facts have been denied by the Government, the adjournment motion is out of order.

THE WEST PAKISTAN ABOLITION OF ESTATE DUTY (AGRICULTURAL LAND) BILL, 1958—*contd.*

Mr. Speaker : Now clause by clause consideration of the West Pakistan Abolition of Estate Duty (Agricultural Land) Bill, 1958, will be taken up.

Clause 2

میاں منظور حسن—جناب والا—ہمارے فاضل چیف منسٹر صاحب نے جو دلائل اس کلاز کی اہمیت کے سلسلہ میں دئیے ہیں وہ دو حصوں پر مشتمل ہیں ۔

Mr. Abdus Sattar Pirzada (LAW MINISTER) : Sir, the Bill consists of only one clause. So, opposing the clause will be opposing the whole Bill. I do not think it will be correct to do so at this stage. He can speak at the third reading.

Mian Manzoor-i-Hassan : Sir, you have permitted me to speak.

Mr. Speaker : The Law Minister points out that as there is only this clause in the bill, your opposition to this clause would mean opposition to the whole Bill. You may speak at the third reading.

Mian Manzoor-i-Hassan : I will not ask your honour to give me more time.

Mr. Speaker : The Assembly has already agreed on the principles of the Bill by accepting the motion that the Bill be taken into consideration at once. As it is only a single-clause Bill and if this Clause is opposed we shall be going back to the motion which the Assembly has already accepted, therefore I cannot permit him to do so. He can certainly oppose the Bill at the third reading.

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 2 stands part of the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is—

That the Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Short Title.

M. Speaker : The question is—

That the Short Title be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (LAW MINISTER) : Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Abolition of Estate Duty (Agricultural Land) Bill, 1958 be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That the West Pakistan Abolition of Estate Duty (Agricultural Land) Bill, 1958 be passed.

Mr. Speaker : Mian Manzoor-i-Hassan.

میاں منظور حسن—(ضلع گوجرانوالہ) جناب والا - وزیر اعلیٰ نے ایوان میں اس بل کو پیش کرنے کی دو وجوہات بیان کی ہیں - ایک تو یہ ہے کہ مجوزہ شرح نہایت ہی گراں ہے اور اس کو کم کرنا نہایت ضروری ہے اور دوسری یہ کہ اس کا طریق تشخیص بے حد ناقص ہے لیکن جناب والا یہ بل نہ تو اس شرح کو کم کرتا ہے اور نہ طریق تشخیص میں کوئی تبدیلی کرتا ہے - ان کے دونوں مقاصد اس بل کی

رو سے پورے نہیں ہوتے ۔ اگر وہ چاہتے تو اس کی شرح کم کر سکتے تھے اور چاہتے تو طریق تشخیص میں بھی کوئی تبدیلی لا سکتے تھے ۔ جس قدر ترامیم کرنا چاہتے ۔ کرسکتے تھے ۔

جناب والا ۔ ایوان کے دونوں اطراف سے یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ ایک طرف تو ملک کی تمام ترقیاتی سکیموں سے بڑے بڑے زمیندار فائدہ اٹھا رہے ہیں ۔ اور دوسری طرف وہ اس ٹیکس سے اپنے آپ کو مستثنیٰ کر رہے ہیں۔ جناب والا پرنسپل ایکٹ میں ایوان کے پیش نظر صرف ملت کی بہتری و بہبودی تھی ۲ مارچ ۱۹۴۸ء کو جبکہ قائداعظم مرکزی اسمبلی کی صدارت فرما رہے تھے تو یہ پرنسپل بل پیش کیا گیا تھا اس کے بعد یہ رائے حاصل کرنے کے لئے مشتہر کیا گیا اور اس کے خلاف کسی نے رائے نہ دی ۔ اس کے بعد یہ پرنسپل بل ایک مجلس منتخبہ کے سپرد ہوا جس میں ملک فیروز خان نون، میاں ممتاز محمد خان دولتانہ سردار بہادر خان اور بنگال کی طرف سے بڑے بڑے جاگیر دار لوگ شامل تھے ۔ ان میں سے کسی ایک نے بھی اس کے اصولوں پر اعتراض نہ کیا چند ایک تبدیلیوں کے ساتھ رپورٹ پیش کی گئی ۔ حکومت نے اس وقت اس کے متعلق اپنی جو پالیسی بیان کی تھی وہ یہ ہے ۔

"The taxation on estate left by a deceased person is not a new form of taxation and is a recognised form of taxation in many advanced countries."

اس کے بعد ایک اور موقع پر جبکہ اس بل پر clause by clause غور ہو رہا تھا ۔ یہ کہا گیا ۔

"At the same time I want to assure this House that the policy of this Government is definitely to reduce, through such measures of taxation as this, inequalities of wealth and to reduce the wealth accumulating in fewer hands. One thing to achieve this would be to have a steadily increasing rate of duty as we reach higher levels of estate left over."

حضور والا — اصل مقصد یہ تھا کہ دولت کو چند ہاتھوں میں نہ رہنے دیا جائے ۔ اور اسی بنا پر یہ ٹیکس عائد کیا گیا تھا ۔ وزیر اعلیٰ اور نواب صاحب آف ہوتی نے اس کے طریق تشخیص پر اعتراض کیا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس ٹیکس کی چھ مواقع پر تشخیص ہو سکتی ہے ۔ پہلے مالک جائیداد خود یہ بتائے کہ اس کو جو کچھ وراثت میں ملا ہے اس کی مالیت اتنی ہے ۔ اس کے بعد گورنمنٹ assessment کرے ۔ اگر دونوں میں اختلاف ہو تو ہائی کورٹ کے پاس جا سکتے ہیں اور اس کے بعد سپریم کورٹ میں

اپیل ہو سکتی ہے - علاوہ ازیں انکم ٹیکس ٹریبونل کے پاس جا سکتے ہیں اور اس کے فیصلے کے خلاف بھی ہائی کورٹ اور پھر سپریم کورٹ تک جا سکتے ہیں - تو یہ چھ ذریعے ہیں لیکن انہوں نے کہا ہے کہ کوئی ذریعہ اپیل نہیں ہے -

حضور والا— یہ ایکٹ اس وقت خود بڑے بڑے جاگیرداروں نے مکمل تعاون اور رضامندی کے ساتھ بنایا تھا تاکہ ملک میں ترقی ہو سکے - جس طرح ریاستوں کے حکمرانوں نے اپنی رضامندی سے اپنی بڑی بڑی ریاستیں جو سینکڑوں سال سے ان کے خاندانوں کے ساتھ وابستہ تھیں اپنی خوشی اور بغیر کسی ڈر کے پاکستان کی بہتری و بہبودی کے لئے ایک یونٹ میں مدغم کر دی ہیں اسی طرح ان لوگوں نے اپنی جائیدادوں پر یہ ٹیکس لگانا منظور کیا تھا - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اب کونسا واقعہ رونما ہو گیا ہے جس کی وجہ سے اس ٹیکس کو زرعی اراضی سے مستثنیٰ کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی - کیا ملک کی حالت بہتر ہو گئی ہے ؟ کیا ملک میں بیماریاں ختم ہو گئی ہیں ؟ کیا تعلیمی حالت بہتر ہو گئی ہے ؟ کیا سارے غریب امیر ہو گئے ہیں ؟ میرے خیال میں ابھی وہ موقع نہیں آیا - ابھی وہ صبح نمودار نہیں ہوئی -

جناب والا— انہوں نے کہا ہے کہ ریپبلیکن پارٹی نے اتفاق رائے سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ زرعی زمینوں کو اس ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا جائے - میں ان کی توجہ وزیر خزانہ پاکستان سید امجد علی کے اس بیان کی طرف دلاتا ہوں جو انہوں نے ۱۷ مارچ کو دیا - انہوں نے کہا کہ مغربی پاکستان میں چند مفاد پرست طرح طرح کے حیلوں بہانوں سے ترقی پسندانہ اقدامات کی راہ میں حائل ہو رہے ہیں - میں وزیر اعلیٰ سے پوچھتا ہوں کہ مغربی پاکستان میں وہ کونسے مفاد پرست اور رجعت پسند لوگ ہیں جو وزیر خزانہ کی رائے میں ترقی پسندانہ اقدامات کی راہ میں حائل ہو رہے ہیں ؟ انہوں نے یقیناً اس حزب حکومت کی طرف اشارہ کیا ہے - آخر بڑے بڑے زمیندار یہ ٹیکس کیوں نہ دیں - ملک میں

اس وقت لاکھوں روپیہ زرعی پیداوار پر صرف ہو رہا ہے۔ اس سے کون فائدہ اٹھا رہا ہے؟ لاکھوں اور کروڑوں روپے سے نہروں کے پراجیکٹس بنائے جا رہے ہیں۔ وہ کن کی زمینوں کو سیراب کر رہے ہیں؟ کروڑوں روپے کے ٹریکٹر درآمد کئے جا رہے ہیں۔ وہ کون استعمال کر رہا ہے؟ کروڑہا روپیہ اس ملک کے غریب لوگوں سے وصول کرکے آپ invest کر رہے ہیں اور اس سے بڑے بڑے زمیندار فائدہ حاصل کر رہے ہیں تو پھر وہ یہ ٹیکس کیوں نہ دیں؟ یہ ٹیکس اوسطاً ساٹھ سال میں ایک دفعہ دینا پڑتا ہے۔ اگر ایک لاکھ کی مالیت کا مالک ساٹھ سال میں چھ فی صد یعنی چھ ہزار روپیہ اپنی قوم کو دیدے تو جو کروڑوں روپیہ کا وہ فائدہ حاصل کر رہا ہے اس کے مقابلہ میں وہ کوئی حیثیت نہیں رکھتا (ہئیر۔ ہئیر۔)

جناب والا— میں اس حکومت سے پوچھتا ہوں کہ وہ امیروں اور نوابوں کو ٹیکسوں کی ادائیگی سے مستثنیٰ کیوں کر رہی ہے اور غریبوں پر ٹیکسوں کا بوجھ کیوں زیادہ کر رہی ہے؟ حکومت ایسا کرکے ملک میں دیہاتی اور شہری کا ایک خطرناک امتیاز پیدا کر رہی ہے۔ حکومت سمجھتی ہے کہ ان کی گاڑی صرف نوابوں۔ جاگیرداروں اور بڑے بڑے زمینداروں سے ہی چل رہی ہے اور غریبوں کا اس میں کوئی عمل دخل نہیں ہے۔ اس خیال کے پیش نظر حکومت دیہاتی جائیداد پر تمام قسم کے ٹیکس ختم کر رہی ہے اور شہری جائیداد پر زیادہ سے زیادہ ٹیکس لگا رہی ہے۔ ابھی چند دن کی بات ہے جب شہری جائیداد کا ٹیکس زیر بحث تھا تو ہم نے جائز مطالبہ کیا تھا کہ چھوٹے چھوٹے شہری یونٹوں پر ٹیکس نہ لگایا جائے مگر انہوں نے ہماری درخواست کو رد کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس ٹیکس کی ایک ایک پائی بڑی سختی سے وصول کریں گے۔ جناب والا۔ ایک طرف تو شہری آبادی پر اتنا جبر و تشدد کیا جاتا ہے اور دوسری طرف نواب زادوں اور امیر زادوں اور بڑے بڑے جاگیرداروں کو اس سٹیٹ ڈیوٹی سے مستثنیٰ قرار دیا جا رہا ہے جو ایک

شخص کو کہیں ۶۰ سال کے بعد صرف ایک دفعہ ادا کرنی پڑتی ہے - ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں اور حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ ملک میں خونی انقلاب کو آنے سے روکے -

بیگم جہاں آرا شاہ نواز (ضلع لاہور) صدر محترم میں بھی ان چند اصحاب میں سے ہوں جنہوں نے اس بل کو ترمیم کرنے میں کچھ نہ کچھ خاکسارانہ خدمت کی تھی - میں بڑی خوش ہوں کہ میں وقت پر کراچی سے واپس آسکی تا کہ میں بھی اس بل پر کچھ روشنی ڈال سکوں -

صدر محترم—میں نے کبھی بھی ایسی تقریر نہیں کی تھی جو بدقسمتی سے مجھے مجبوراً آج اس معزز ایوان میں کرنی پڑے گی - جناب ہمارے آئین کی جو بے حرمتی اور مٹی پلید کی جا رہی ہے ہم سے وہ دیکھی نہیں جاتی - اس لئے میں اپنا فرض منصبی سمجھتی ہوں کہ آج میں بعض چیزوں سے نقاب الٹ دوں - مگر پیشتر اس کے کہ میں اپنی تقریر شروع کروں میں وزیر خزانہ سے یہ درخواست کروں گی اور میں ان کی بے حد ممنون ہونگی اگر وہ میری باتوں کو سن کر نوٹ کرتے جائیں اور مجھے اس کے بعد ان سب کا point by point. جواب دیں - میں نے گزشتہ سال جتنی باتیں کہی تھیں ان میں سے ایک کا جواب بھی مجھے نہیں دیا گیا - میں سمجھتی ہوں کہ معزز اراکین ایوان کی باتوں کا جواب دینا ایک courtesy ہے اور اس پر ہمیں سختی سے عمل کرنا چاہیئے اور منسٹری کی طرف سے ممبران کے points کا جواب ضرور دیا جانا چاہیئے -

صدر محترم— میں نے یہ عرض کیا تھا کہ ہمارے ملک میں فوجیوں کی فوجیں Politicians کی ہیں مگر شومئی قسمت ان میں سیاست دان کوئی بھی نہیں - اگر آج ری پبلیکن پارٹی میں کوئی سیاست دان ہوتا تو ان کا پیش کیا ہوا بجٹ ہی ان کی پارٹی کا election manifesto ہو سکتا تھا اور ایوان ہذا کے تمام اراکین ان کے بنچوں پر جا بیٹھتے - اس طرح ان کو پارٹی کی طاقت بڑھانے کے لئے ممبران کو

ڈپٹی منسٹریاں - یا پرمٹ یا مربع جات اراضی بطور سیاسی رشوت دینے کی ضرورت نہ پڑتی - اگر وہ ایسا کرتے تو میں انہیں یقین دلاتی ہوں کہ ہم سب خود ہی ان بنچوں پر آ بیٹھتے - وہ بجٹ میں بڑی آسانی سے کوئی ایسی سکیم رکھ سکتے تھے جس سے ملک و ملت کی خوشحالی میں اضافہ ہوتا - وہ ایسا اس لئے نہیں کرسکے کہ ان میں کوئی تجربہ کار سیاست دان موجود نہیں ہے - جناب والا - میں آپ کو سچ بتاتی ہوں کہ میں اس بل کو دیکھ کر خون کے آنسو رو رہی ہوں - جن لوگوں نے اس وقت ملک کی عنان حکومت سنبھال رکھی ہے اور جن میں میرے سب سے زیادہ محترم ڈاکٹر خان صاحب بھی شامل ہیں میں ان سے پوچھتی ہوں کہ انہوں نے ملک کی سر بلندی اور سرفراضی کے لئے کونسا اقتصادی منصوبہ بنایا ہے جس پر وہ آج عمل کررہے ہیں - کوئی ایک منصوبہ مجھے بتائیں - ایک طرف تو ان کے سامنے مغربی جمہوریت کے چند plans ہیں جن میں Welfare Socialist State یا Communist State یا Fa cist State کے نمونے شامل ہیں اور دوسری طرف ہمارے پاس ایک نیا نظام حیات ہے جس میں اسلام کا پیش کردہ اقتصادی Plan ہے جس کے نعرے ہم شب و روز بلند کرتے رہے تھے کہ پاکستان کے قیام کے بعد اس پر عمل کیا جائے گا - میں ان سے یہ بھی پوچھتی ہوں کہ آئین بننے کے بعد ان دو سال میں انہوں نے ان دونوں تینوں میں سے کونسا نظام اپنایا ہے - کون سے نظام پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے - مسلم لیگی حکومت نے بہت بڑا کام کیا تھا - مجھ سے بڑھ کر اس پر نکتہ چینی اور کوئی نہیں کر سکتا - مسلم لیگ کی حکومت نے ۱۹۴۸ء میں سابق صوبہ پنجاب کے تین اضلاع کے لوگوں سے ان کی زمین کا ۳/۴ حصہ لے لیا -

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, Begum Sahiba is not relevant. It is not the general discussion on the Budget.

بیگم جہاں آرا شاہ نواز—پیرزادہ صاحب میں relevant بات کر رہی ہوں - آپ ذرا صبر سے تو کام لیں - مسلم لیگی وزارت نے ہی یہ بل ایوان میں پیش کیا تھا - اس سے

میں آپ کو صدر محترم یہ بتانا چاہتی ہوں کہ مسلم لیگی حکومت کا نظام کیا تھا اور ری پبلیکن حکومت کا نظام کیا ہے۔ مسلم لیگ کی حکومت نے لوگوں سے ۳/۴ حصہ زمین لے کر مغربی نظام کو اپنایا تھا۔ جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے میں معزز ایوان کو صاف صاف بتا دینا چاہتی ہوں کہ میں نے اس وقت بڑی ردوکد کی تھی اور اس کی سخت مخالفت کی تھی۔ میں نے اس وقت جو اصحاب بر سر اقتدار تھے ان کو کہا کہ سٹیٹ ڈیوٹی مت لگاؤ اور سٹیٹ ڈیوٹی بل پاس مت کرو۔ میں نے پارٹی کی میٹنگ میں بھی اس چیز کی شد و مد سے مخالفت کی۔ کاش اس وقت کوئی ممبر ایسا یہاں بیٹھا ہو جو میری اس سلسلہ میں تائید و حمایت کرے۔ میں نے اس وقت یہ کہا تھا کہ آپ کا خمس آپ کا عشر۔ آپ کی زکوۃ اور آپ کے حقوق وراثت ایسی چیزیں ہیں جن پر عمل کرنے سے آپ کو سٹیٹ ڈیوٹی لگانے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوگی کیونکہ تین generations میں ساری اسٹیٹ ختم ہو کر رہ جاتی ہے۔ مگر انہوں نے میری بات کو در خور اعتنا نہ سمجھتے ہوئے اس پر غور نہ کیا۔ اس کے بعد مجھے جہاں کہیں بھی موقع ملا چاہے اس معزز ایوان میں ملا ہو یا مرکزی اسمبلی میں ملا ہو میں نے اپنے اس مطالبے کو بار بار دہرایا اور انشا اللہ آئندہ بھی جب کبھی مجھے موقع ملے گا میں اس کو دہراتی رہوں گی۔ میں دوبارہ آپ سے عرض کرتی ہوں کہ اگر آپ اسلامی نظام کو اپنا لیں تو آپ کو کسی قسم کی Duties کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوگی۔ آخر آپ کے سامنے تین چار پانچ نظام موجود ہیں آپ کسی کو تو اپنانے کی کوشش کریں۔ آپ مجھے اس چیز کا جواب دیں کہ کیا مسلم لیگ کی حکومت نے ۱۹۴۸ء میں لوگوں کی ۳/۴ زمین نہیں لے لی تھی۔ آپ اپنا ریکارڈ ملاحظہ فرما لیں۔ اور سردار شوکت حیات خان اس وقت کے وزیر مال کی تقریر پڑھ لیں۔ میں آج اس تقریر کو اپنے ساتھ بطور حوالہ لانے لگی تھی مگر پھر میں نے سوچا کہ ایوان کا قیمتی وقت ضائع ہوگا۔ میں نے سردار شوکت حیات صاحب سے اس وقت کہا کہ آپ صرف تین

اضلاع کے لوگوں سے زمین کیوں لے رہے ہیں - باقی کے اضلاع کے لوگوں سے بھی زمین لو تو انہوں نے اسی معزز ایوان میں ہمیں یقین دلایا تھا کہ وہ . . . . . .

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, she is again irrelevant.

بیگم جہاں آرا شاہنواز—انہوں نے مجھے assurance دی جب میں نے کہا کہ آپ ان لوگوں کی زمینیں کیوں لے رہے ہیں تو انہوں نے کہا . . . .

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, she is not relevant.

بیگم جہاں آرا شاہنواز—اب میں عرض کرونگی اس ہاوس میں assurance دی گئی - یہ کارنامے جو میں نے آپکے سامنے رکھے ہیں یہ اس لئے گھبرا رہے ہیں - انہوں نے ہمکو اس ہاوس میں بہانہر یہ assurance دی - مسلم لیگ گورنمنٹ نے کہ جہاں irrigation projects تعمیر ہونگے وہاں زمینداروں سے انکی زمینوں کا ۳/۴ حصہ لے لیا جائیگا - اسکے بعد وہ زمینیں وقف کر دیجائینگی مہاجرین کے لئے - یہ ہی نہیں بلکہ یہ بھی کہدیا گیا تھا کہ ان زمینوں کو ۱۲۰ روپیہ فی ایکڑ سے زیادہ میں فروخت نہیں کیا جائیگا - لیکن آج اسکے برعکس ہو رہا ہے -

Mr. Abdus Sattar Pirzada : I am sorry to point out that, in my view Begum Sahiba is not relevant.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: Mr. Pirzada you are an old parliamentarian, but let me tell you that I am very very relevant. I have heard the rulings of Sir Shahabuddin and I know what is 'relevant' and what is "irrelevant".

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Begum Sahiba you are not relevant.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz : مجھے تقریر کرنے دیجئے یا پھر میں بیٹھ جاتی ہوں - I will then sit down and say that again the Constitution is being crushed. I have every right to discuss anything on the face of this earth.

مسٹر سپیکر—آپ موضوع زیر بحث پر تقریر کریں -

بیگم جہاں آرا شاہنواز—میں موضوع پر بول رہی ہوں مجھے پارلیمانی قواعد کا کافی تجربہ ہے اور مجھے معلوم ہے کہ موضوع پر بولنے کے لئے کیا حدود ضروری ہوتی ہیں - معاف کیجئے صدر - ترم - جبتک arguments کا پس منظر نہ بتایا جائے وہ develop ہو ہی نہیں سکتیں - آپ دنیا کی کسی پارلیمنٹ کو لے لیجئے آپ کسی ہاؤس کی کارروائی کو لے لیجئے - کسی مقرر کی تقریر کو

لے لیجئے - اپ دیکھینگے کہ جبتک کسی argument کا پس منظر نہ بتایا جائے وہ develop ہو ہی نہیں سکتا -

مسٹر سپیکر—یہ درست ہے -

بیگم جہاں ارا شاہنواز—اگر میں اسکے برعکس کہہ رہی ہوں تو مجھے ٹوک دیجئے - آپ مجھے بتادیجئے کہ ایک گھنٹہ پچاس منٹ کی میری وہ تقریر جو میں نے سر شہاب الدین کے زمانہ میں اس ہاؤس میں کی تھی relevant ہے یا نہیں - انہوں نے مجھے ایک دفعہ بھی check نہیں کیا - معاف کیجئے آپ مجھے check کر رہے ہیں - یہ زمین کا معاملہ ہے - اس معاملہ کو میں نے آپکے سامنے رکھنا ہے - میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ مسلم لیگ گورنمنٹ نے کیا کیا اور یہ کیا کررہے ہیں -

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, she is not relevant.

قاضی مرید احمد—صدر محترم - پیرزادہ صاحب کو آخر کیا ضرورت ہے کہ وہ گھڑی گھڑی مداخلت کریں - یہ آپکا کام ہے کہ آپ دیکھیں کہ ممبر relevant ہے کہ نہیں -

مسٹر سپیکر—وہ ہر جائیز اعتراض میرے نوٹس میں لا سکتے ہیں -

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: I am afraid if you place Pirzada Sahib in the Chair, the rest of the Constitution will also be crushed. Governors and Prime Ministers are already being dismissed over-night.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Begum Sahiba, what you performed in the past is well known. Where is the need of repeating it every time.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: If a member wants to repeat it, you have no right to stop him.

Mr. Speaker : Please come straight to the subject of Estate duty and then develop your argument in a relevant way.

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: Why should I come straight to the Estate Duty ? I have to give a "pass manzur".

Mr. Speaker: You should speak on matters having a bearing on Estate Duty.

بیگم جہاں ارا شاہنواز—تو جناب میں یہ کہہ رہی تھی کہ خمس نہیں لیا گیا - زکوۃ نہیں لی گئی - rights of inheritance نہیں دئے گئے - نیشنل اسمبلی میں کیا کیا گیا - ڈسٹرکٹ بورڈوں میں کیا کیا گیا - صاحب صدر مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ برسراقتدار حضرات ابتک یہ طے نہ کرسکے کہ کونسا اقتصادی نظام ملک میں رائج کرنا چاہئے - آپکے سامنے راستے ہیں ایک

اسلامی اقتصادی نظام اور دوسرا مغربی ملکوں کا اقتصادی نظام ۔ مجھے جواب دیجئے آپ ان دونوں میں سے کس پر عمل کر رہے ہیں ۔ کسی پر بھی نہیں ۔ کبھی آپ اسلامی اقتصادی نظام کی باتیں کرتے ہیں اور کبھی مغربی اقتصادی نظام کی ۔ میں آپکے سامنے مغربی اقتصادی نظام کا ایک واقع پیش کرتی ہوں جب میں انگلستان میں تھی اسوقت ایک شخص کے پاس ۱۵۰ ملین پونڈ تھے ۔ جسوقت اسٹیٹ ڈیوٹی assess کی گئی تو اسکے پاس صرف ایک ملین پونڈ رہ گئے اور جب وہ ڈیوٹی assess کراکر گھر واپس آیا تو اسکی جیب میں صرف ایک شلنگ تھا ۔ وہ گھر میں آکر خاموش بیٹھ گیا ۔ اسکے برعکس ہم نے کتنا لگایا تھا چھ فیصد دس فیصد یا زیادہ سے زیادہ ۲۰ فیصد لیکن آج اسے بھی واپس لیا جارہا ہے ۔ اسوقت جب کہ اس بل پر بحث ہو رہی تھی میں نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ اسٹیٹ ڈیوٹی مت لگاؤ ۔ اسٹیٹ ڈیوٹی بل مت پاس کرو ۔ میں نے پارٹی میٹنگ میں بھی اسکی سخت مخالفت کی تھی ۔ لیکن میری درخواست منظور نہیں کی گئی ۔ چنانچہ میں نے ووٹ نہیں دیا اسٹیٹ ڈیوٹی بل پاس ہوا ۔ landed property والوں میں سے کسی ایک نے بھی اسکے خلاف آواز بلند نہ کی ۔ لیکن آج جو کچھ ہورہا ہے وہ آپکے سامنے ہے ۔ آج ایک بل پاس ہوتا ہے دوسرے روز وہ واپس لیا جاتا ہے آج ایک ٹیکس لگایا جاتا ہے دوسرے روز اسے بدلا جاتا ہے ۔ ان لوگوں کی مہربانیوں کیوجہ سے ملک کا تمام اقتصادی نظام تباہ ہو چکا ہے ۔ انکے سامنے کوئی ایک متعین اقتصادی پلان نہیں ہے کبھی وہ باتیں کرتے ہیں اسلامی اقتصادی نظام کی اور کبھی مغربی اقتصادی نظام کی ۔ حقیقتاً نہ تو وہ اسلامی اقتصاد ، نظام پر عمل کرتے ہیں اور نہ مغربی طرز کی social welfare state ہی بناتے ہیں ۔ پاکستان کی تشکیل سے قبل ہم شب و روز نعرے لگایا کرتے تھے کہ ہمارے پاس اسلام کا پیش کردہ اسلامی اقتصادی نظام ہے ۔ پاکستان کے قیام کے بعد اس پر عمل کیا جائیگا لیکن آج کیا ہو رہا ہے پاکستان کا دستور پاکستان کا آئین سب دھرا کا دھرا رہ گیا ہے ۔ نہ اسلامک اسٹیٹ ہی بنی اور نہ western social welfare state بڑی مشکلوں سے مسلم لیگ گورنمنٹ نے ایک اچھا کام کیا تھا وہ بھی انہوں نے یہ بل لا کر ملیا میٹ کر کے رکھدیا ہے کیونکہ انکے خیال میں اسٹیٹ ڈیوٹی عائد کرنا غیر اسلامی ہے ۔ صدر محترم ایک طرف تو وہ یہ کر رہے ہیں اور دوسری طرف انہوں

نے آجتک غلام محمد بیراج اور تونسہ بیراج کی زمینیں لوگوں کو نہیں دیں - مہاجروں تک کو نہیں دیں - نہ ان علاقوں میں ۳/۴ حصہ زمینوں کا لیا گیا حالانکہ ہم لوگوں کی ۳/۴ زمینیں لی جاچکی ہیں یہ لوگ امیر سے امیر تو ہوتے چلے جا رہے ہیں اور عوام غریب سے غریب تر - وہ غریبوں کے لئے کچھ نہیں کر رہے ہیں - ان الفاظ کیساتھ میں اس بل کی مخالفت کرتی ہوں -

Mir Ali Mardan Khan Talpur (Khairpur): Mr. Speaker Sir, I would like to examine this Bill in the light of the fact whether this Government of ours is prepared to have a capitalist economic system or a socialist economic system. Unfortunately here Bills are brought but no attention is given as to what economic system they are going to have in Pakistan, which is very essential. All the bills have to come in the light of policy as to what economic system they want. If they want the capitalist economic system, then by all means let them do that and in that case, the means of production will be in the hands of the individuals. But, Sir, the speeches of the Chief Minister of West Pakistan assure us that they want to have a welfare State. Welfare State means an Islamic Socialistic State and if their intention is to have an economic system of socialist type, then I think that the means of production will have to be nationalized or they will have to be distributed as much as possible, so that we can have an equalitarian system of economy.

Sir, I am one of those, who would like that we should adopt a revolutionary system, but if the Government really wants this socialistic State, then I think the Estate Duty Bill was one of those bills, which would have gradually led us to the socialistic or the equalitarian system of economy.

Sir, I want to show now this type of duty is necessary in social system. My first reason is that by imposing this higher taxation on the landlords Government does not leave any incentive to the people to acquire more land than what is necessary and become capitalist. Therefore it is very necessary that all those incentives which drive us towards acquiring more wealth should be taken away.

Then, Sir, the second reason why principal Bill was drawn, was to tax the richer classes of people in order to provide the bare necessities of life to the poorer classes. This was one of the essential features of this Bill.

My third reason in support of the principal Bill, is that it was evolved on socialistic patterns. What happens in our country is that most people do not earn but go on living on the property which is inherited by them from their ancestors. If they live on incomes which are derived from their ancestral property that means they are not going to make any contribution towards the society in which they live. Why ? Because they do not work and add anything from their own efforts towards the welfare, but go on living on the property which is derived from their ancestors. Therefore, I am one of those who think that this type of duty should apply to agriculturists. So far as the mitigation of taxes on middle class is concerned, the Leader of the House could have provided that this Estate Duty will be assessed in such a manner that the middle class people are not affected.

Then, Sir, the other point which I would like to make is in the form of a suggestion for the levy of this tax. My suggestion is that the person on whose property the estate duty is levied, will sell his property to pay this tax. My submission is that Government should accept that levy in kind and not cash. Government should accept land instead of money. Supposing somebody owns 40 acres of land and the Government wants 50 per cent duty on that land. Let him give 20 acres out of those 40 acres of land, and the land so acquired should

be distributed among the poor cultivators. By this method there will be no hardship to the person who is taxed by this measure.

Then, Sir, I would like to point out that I am a landlord myself. I may be accused of betraying the cause of l andlords. I can give only one reply for that and then I would be taking my seat and that is that I do not love the property which I own, but I love Pakistan and its people (hear, hear).

Mr. Abdul Sattar Pirzada: : Now, Sir, closure motion be put.

Khan Sardar Bahadur Khan : May I speak, Sir ?

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: May I know, Sir, under what rule can we stifle the debate ?

Mr. Speaker : Moving of closure is a recognized Parliamentary practice.

Khan Sardar Bahadur Khan: Sir, I accept that closure is a recognized Parliamentary Practice and it is a recognized instrument of bringing a debate to a close, but it is for you to judge that a reasonable opportunity is given to the members to express their point or not. I appeal to you and to the Member-in-Charge of the Bill that if we take another 10 to 15 minutes I do not think any very great harm will be done. A very important member wanted to take the floor and express his views on this issue. It will not make any great material difference if the debate is prolonged for another 10 to 15 minutes. He should be allowed to speak and if I am given 5 minutes' time, I will be able to clarify certain points.

Mr. Abdus Sattar Pirzada : Sir, you may allow Mr. Nasir A. Shaikh to speak and then we will apply the closure motion.

Sardar Muhammad Zafrullah : Sir, with regard to this matter of closure I would like to draw your attention to the procedure which we followed on the 19th March, when a debate was going on a cut motion, a closure motion was demanded from our side just after 2 to 3 hours of the debate, but your honour refused to accede to our demand only on the ground that sufficient debate had not taken place.

Mr. Speaker : That was a debate on demand which could proceed for two days. Two days were fixed for discussion on demands and you wanted to move the closure on the first day and the other side insisted that they wanted to continue discussion for two days.

Sardar Muhammad Zafarullah : So, Sir, my submission is that there is no limitation to the time that can be taken up on the discussion of the Bill.

Mr. Speaker : After all, we have been discussing this Bill since yesterday.

Mr. Nasir A. Sheikh (Sialkot District) : Sir, before we close the debate on this Bill, I want to oppose it. The Chief Minister had given a statement in the House that he intends to bring another Bill by which he will re-introduce the Estate Duty on land. Secondly, I understand that he has given a statement in the House that he will recommend to the Central Government to review their decision on the Estate Duty on urban property and that he wants to have uniform legislation. With regard to that I would simply point out one thing that taxation in any progressive country is viewed from two angles, whether it is on productivity, or whether it is on unearned income. The taxation which is levied on agricultural property is a taxation of the latter category and therefore in my opinion the Chief Minister wants to tax the capital.

Mr. Abdus Sattar Pirzada (MINISTER OF FINANCE AND LAW) : It is not a capital taxation.

Mr. Naisir A. Sheikh : Well, Sir, the Finance Minister does not agree with me, but I am of the view that it is unearned income. Here the Estate Duty tax is levied on the income of the person which he has not earned but which he

has inherited from his ancestors. Therefore, it means that it is a tax on the unearned income of the heirs to a property. Hon'ble the Finance Minister is of the view that it is not a capital taxation, but I still stick to my point that it is a taxation on unearned income.

The taxation of such incomes or such capital should be viewed in the context of social reforms and in the context of social and economic conditions in a country. If any rich class, including the one to which I belong, think in this country that by their combination in a political organization or by their combination in a Government they can succeed in retaining certain reactionary measures, they are only making all the arrangements for their own early death. In that context, Sir, I would like to warn all the people whether they belong to my class of industrialists or the landlord class that it is time that we wake up and realise the actual conditions that are prevailing in the world. We in Pakistan cannot exist in isolation and even if we have the means—unfair and undemocratic means of combining and doing something, it will go not only against the economic interest of our country, but also against the interest of the class and such manoeuvres will bring their end nearer. Instances are not lacking in history where such combinations were formed in the countries like Russia, France and many other countries in Europe and we also know from history what was the end of such combinations.

Sir, by this measure the Provincial Government is drawing a distinction between the urban and rural incomes. Not long ago when the Central Government presented their budget, they withdrew the concessions which they had given to industries and industrialists supported that withdrawal, but here in the same country where the Central Government thinks that time has come even to withdraw the concessions which they had given to industries, the Provincial Government thinks that time has come to give further concessions to absentee landlords, who are responsible for the present plight of the country. It is these absentee landlords who have failed in the Agricultural field and have created the serious problems of food deficit by not properly exploiting their land for agriculture. In the field of industries, the industrialists—the private enterprise—have taken full advantage of the concession granted by the Central Government and brought about conditions in this country whereby there is abundance of commercial products. But even in that field the Central Government feels that the concessions should be withdrawn and my personal opinion is that they are justified in withdrawing the concession. But the Provincial Government here wants to give further concessions to absentee landlords.....

Makhdumzada Syed Hassan Mahmood : I give him my land for his industries.

Mr. Nasir A. Sheikh: Mr. Hasan Mahmood, I am not used to talk at that level.

So, Sir, my point of view is this : that I agree with the Chief Minister that the Provincial Government should get jurisdiction to collect this income that comes from this Duty. I also agree with the Leader of the Opposition that slabs can be revised and concessions can be given to small landlords. Slabs can be worked out to make them rational and effective.

Lastly, Sir, I want to point out that this measure was not intended primarily to bring much money into the Treasury of the Government. As I said earlier, it was a social reform. Therefore, we should have continued with it. I suggest that this Bill be withdrawn even at this stage and a proper legislation may be brought before the House at a later stage.

Khan Sardar Bahdur Khan : (Lahore District) : Sir, if I have correctly understood the Chief Minister, he has been pleased to say that after this bill is passed, he is bringing in a new measure with a recommendation to the Centre that they should absolve themselves of the responsibility of making collections on urban property. I want an assurance from him that if the Central Government

does not acquiesce in his request, he will still bring in a measure to bring agricultural land within the purview of this tax.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash :Yes.

Khan Sardar Bahadur Khan : Then, Sir, an impression is being created among the public that the landlord class is out to protect its interest. Therefore, it would be better, that when that Bill is brought up, it should be given effect from the date from which this Bill is passed so that no time is allowed to landlords to seek exemption as a result of passage of this Bill.

Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash (Chief Minister): When I bring that measure I will certainly consult the Leader of the opposition. We will come to some sort of agreement.

Khan Sardar Bahadur Khan Sir, this Bill is to take effect from 23rd March, 1956. Why not give it effect from the date on which it is passed ? That may be explained.

Mr. Speaker : That is perhaps because 23rd March is the Constitution Day.

Khan Sardar Bahadur Khan : Then all our enactments should date back from that date ?

Mr. Abdus Sattar Pirzada : I can assure the honourable member that no individual is involved. We are giving effect to the Bill from that date because we got the powers from the Constitution Day.

Mr. Speaker : The question is:—

